☆ ☆ ☆ پاک سرزمین کا نظام......قوت اخوت عوام ☆ ☆ ☆

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 8 شوال 1446ھ، 7 اپریل 2025ء 23 چیت 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 155

ملک میں امن امان کی صورتحال دن بدن ٹھیک ہو رہی ہے، وزیر اعظم

وزیراعظم سے محسن نقوی کی اہم ملاقات، کینالز، بلوچستان اور کے پی کی صورتحال زیر بحث، وزیرداخلہ نے وزیراعظم کو افغان باشندوں کی اپنے ملک واپسی کے لیے جاری آپریشن کے بارے میں آگاہ کیا، ذرائع

بلوچستان اور کے پی میں امن امان کے لیے کیے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، دریائے سندھ سے نکالی جانے والی نہروں پر عوامی ردعمل پر بھی بات چیت ہوئی، وفاقی وزیر داخلہ نے بجلی کی قیمت کم کرنے پر بھی مبارک باد دی

لاہور (جنرل رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی جہاں دریائے سندھ میں کینالز بنانے، بلوچستان اور خیبرپختونخوا (کے پی) میں امن وامان کے حوالے سے کیے گئے اقدامات زیر بحث آئے۔ ذرائع کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے لاہور میں وزیراعظم شہباز شریف سے اہم ملاقات کی ہے، وزیرداخلہ نے وزیراعظم کو افغان باشندوں کی اپنے ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں اہم پریس کانفرنس کررہی ہیں

کے پی حکومت کے وزراء اور انکی ٹیم یا تو نالائق ہیں یا کم علم: عظمیٰ بخاری

پتا نہیں کون کیا رپورٹس پڑھ رہا ہے: وزیراطلاعات پنجاب کا بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل

ان رمضان سہولت بازاروں سے 3 ارب 11 کروڑ روپے کی تاریخ ساز خریداری ہوئی، عظمیٰ بخاری

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ کے پی حکومت کے وزراء اوران کی ٹیم نالائق اور کم علم ہے جو کہ حقائق سے بالکل نابلد ہے۔ انہوں نے حقائق کے برعکس پتا نہیں کونسی رپورٹس پڑھ رکھی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرنگرانی قائم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

حج پروازیں 28 مئی سے شروع ہوں گی، 90 ہزار حاجی سرکاری طور پر جائیں گے، وزیر مذہبی امور

لاہور (آن لائن) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے کہا ہے کہ حج پروازیں 28 مئی سے شروع ہوں گی، 90 ہزار حاجی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

کوئی سوچ نہیں سکتا تھا کہ مہنگائی کی شرح کم ہو کر ڈیڑھ فیصد پر آجائے گی، خواجہ آصف

کل امریکہ کی اسٹاک مارکیٹ کریش کرگئی جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج ایک لاکھ 20 ہزار کا ہندسہ عبور کرگئی، صارفین کو 16 سے 17 فیصد بجلی پر رعایت دی گئی ہے، وزیر دفاع

سیاست دان سیاسی اختلافات حل کرتے ہیں، بانی پی ٹی آئی جیب کترا تھا، میں اسمبلی میں کہتا تھا کہ اس کی جیب سے پیسے نہ نکل آئے تو معافی مانگ لوں گا، خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ سیاست دان سیاسی اختلافات حل کرتے ہیں، کوئی سوچ نہیں سکتا تھا کہ مہنگائی کی شرح کم ہوکر ڈیڑھ فیصد پر آجائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ محمد آصف نے کہا کہ کل امریکہ کی اسٹاک مارکیٹ کریش کرگئی جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج ایک لاکھ 20 ہزار کا ہندسہ عبور کرگئی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی جیب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کی درخواست پر سماعت رواں ہفتے کیے جانے کا امکان

بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت سے پیش ہی نہ ہوئے، عدالت نے فاضل وکیل کا انتظار کرنے کی بجائے درخواست پر کارروائی ملتوی کردی تھی

بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت سے پیش ہی نہ ہوئے، عدالت نے فاضل وکیل کا انتظار کرنے کی بجائے درخواست پر کارروائی ملتوی کردی تھی، وکیل شعیب شاہین

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کی درخواست پر سماعت رواں ہفتے کیے جانے کا امکان ہے عدالت عالیہ نے بانی پی ٹی آئی کے وکیل عدم موجودگی کی وجہ سے عید کے بعد تک سماعت ملتوی کردی تھی۔ اس دوران عدالت نے فاضل وکیل کا انتظار کرنے کی بجائے درخواست پر کارروائی مزید آگے بڑھائے بغیر ملتوی کردی تھی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

افغانستان سے داخلے کی کوشش کرنے والے 8 خوارج ہلاک

شمالی وزیرستان کے علاقے میں افغان سرحد سے ملحقہ علاقے میں خوارج کے گروپ نے 5 اور 6 اپریل کی شب داخلے کی کوشش کی تھی، سیکیورٹی فورسز نے خوارج کی پیش قدمی کو روکتے ہوئے جوابی کارروائی کی

افغان حکومت سے بارہا مطالبہ کیا کہ وہ بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے اور اپنی سرزمین پر موجود پاکستان مخالف دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرے، علاقے میں دیگر خوارج کی موجودگی کے پیش نظر آپریشن کلین اپ جاری ہے: آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے افغان بارڈر سے دہشت گردوں کی پاکستان میں داخلے اور دراندازی کو ناکام بناتے ہوئے جوابی کارروائی میں 8 خوارج کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 5 اور 6 اپریل کی درمیانی شب اندھیرے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی ملاقات کررہے ہیں

شہباز شریف 11 اپریل، نواز شریف 12 اپریل کو برطانیہ روانہ ہوں گے

دورے میں آئندہ کی سیاسی حکمت عملی، حکومت کی کارکردگی اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال متوقع

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف 11 اپریل کو لندن روانہ ہوں گے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف بھی 12 اپریل کو برطانیہ روانہ ہوں گے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق، دونوں رہنماؤں کے اس دورے کو اہم سیاسی اور تنظیمی مشاورت کے لیے نہایت اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف 11 سے 13 اپریل تک لندن میں قیام کریں گے جہاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

غیر قانونی رہائش پذیر افغانیوں کو طورخم کے راستے واپس بھیجنے کا سلسلہ جاری

فیصل آباد میں مزید 50 افغان باشندوں کو پناہ گاہ منتقل، 142 افغان باشندوں کو طورخم روانہ کردیا گیا

پشاور (این این آئی) ملک بھر میں غیر قانونی طور پر رہائش پذیر غیر ملکیوں کو طورخم کے راستے واپس بھیجنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ملک کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر آباد افغانیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے، اسی سلسلے میں فیصل آباد میں مزید 50 افغان باشندوں کو پناہ گاہ منتقل کردیا گیا اور 142 افغان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

پاکستان نے میانمار زلزلہ متاثرین کیلئے 35 ٹن امدادی سامان کی دوسری کھیپ بھجوادی

کراچی (این این آئی) زلزلہ متاثرین کے لیے پاکستان کی جانب سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کی دوسری کھیپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

غزہ جارحیت پر جماعت اسلامی کا امریکی سفارت خانے کے گھیراؤ کا اعلان

جماعت اسلامی کی تمام سرگرمیاں مؤخر کردی ہیں، 20 اپریل کو اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے کی طرف مارچ کریں گے، حافظ نعیم

لاہور (سٹی رپورٹر) حافظ نعیم الرحمان نے آج سے جماعت اسلامی کی تمام معمول کی سرگرمیاں موخر کرنے کا اعلان کردیا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی آج سے اپنی تمام معمول کی سرگرمیاں موخر کررہی ہے۔ انہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

جہلم: وزیرمملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی ایک تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان: رواں سال کانگو وائرس کا دوسرا کیس رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے فاطمہ جناح اسپتال میں زیرعلاج مریض (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

سپریم کورٹ ججز روسٹر جاری، آئندہ ہفتے 7 بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ ججز روسٹر جاری کردیا گیا، سپریم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

سستی بجلی، عوام کو ریلیف دینا مشکل فیصلہ تھا، خالد مقبول

فیصلہ اتحادی حکومت کے اس مشترکہ عزم کا حصہ ہے کہ ملک کو دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے، بیان

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم کے سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بجلی کی قیمتوں میں کمی پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ موجودہ اتحادی حکومت کے اس مشترکہ عزم کا حصہ ہے کہ ملک کو دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ ایم کیو ایم کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

غزہ کی صورتحال پر اسلامی دنیا کی خاموشی المیہ ہے، لیاقت بلوچ

جماعت اسلامی فلسطینیوں سے یکجہتی کے لیے ملک گیر جدوجہد کرے گی، نائب امیر

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بیت المقدس اور غزہ کی صورتحال پر عالم اسلام کی دانستہ خاموشی المیہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

بشریٰ بی بی اور خاور مانیکا کے بیٹے موسیٰ مانیکا رشتہ ازدواج میں منسلک

موسیٰ مانیکا کی شادی کی تقریب لاہور میں بیدیاں روڈ پر خاور مانیکا کے فارم ہاؤس میں ہوئی: فیملی ذرائع

لاہور (این این آئی) سابق خاتون اول بشریٰ بی بی اور خاور مانیکا کے بیٹے موسیٰ مانیکا رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔ فیملی ذرائع کے مطابق سابق خاتون اول بشریٰ بی بی اور خاور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

شرقپور شریف: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، پی پی رہنما سردار علی آصف کی رہائشگاہ پر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

بزدار دور حکومت میں بڑی مالی بے ضابطگی کا انکشاف

سی ای او ڈسٹرکٹ اتھارٹی مظفر گڑھ نے مدت ملازمت ختم ہونے کے باوجود 3907 ملین روپے کا بجٹ منظور کرایا

آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کی سی ای او، ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ کیخلاف کارروائی کی ہدایت، بجٹ کو بھی غیر قانونی قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) بزدار دور حکومت میں 3907 ملین روپے کی بڑی مالی بے ضابطگی کا انکشاف ہوا ہے، سی ای او ڈسٹرکٹ اتھارٹی مظفر گڑھ نے اپنی مدت ملازمت ختم ہونے کے باوجود 3907 ملین روپے کا بجٹ منظور کرایا۔ بتایا گیا ہے کہ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ نے سی ای او اور ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت کردی جبکہ 2021 22 کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی مظفر گڑھ کے بجٹ کو بھی غیر قانونی قرار دے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

اعظم سواتی نے عمران خان سے متعلق قرآن پر حلف کے ساتھ بیان دیدیا

بانی پی ٹی آئی نے کہا مجھے آپ پر اعتماد ہے، جائیں اور فوجی قیادت سے بات کریں مگر دروازے نہ کھلے، بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں

اب مانسہرہ میں میرے ایک لاکھ ووٹ نہیں، سو ووٹ بھی نہیں، دسمبر 2022 میں بانی نے مجھے کہا آرمی چیف سے بات چیت کرنا چاہتا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما اعظم سواتی نے عمران خان سے متعلق قرآن پر حلف کے ساتھ بیان دے دیا۔ اعظم سواتی نے کہا ہے کہ میرے بارے میں بانی پی ٹی آئی سے منسوب غلط خبریں چلائی گئیں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے وقت بشریٰ بی بی بھی موجود تھیں۔ اعظم سواتی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے کہا کہ آپ کی جیب میں کھوٹے سکے ہیں، میں نے کہا کہ اب مانسہرہ میں میرے ایک لاکھ ووٹ نہیں، سو ووٹ بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

گنڈاپور حکومت نے کرپشن کے سابقہ ریکارڈ بھی توڑ ڈالے، اختیار ولی

تحریک انصاف کی حکومتیں پاکستان کی تاریخ کی کرپٹ ترین حکومتیں ثابت ہوئیں، ردعمل جاری

پشاور (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما اور وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر اختیار ولی خان نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کے بیان پر ردعمل دے دیا۔ اختیار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

امریکی ٹیرف، وفاقی وزیر تجارت کی صدارت میں اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) امریکہ کی طرف سے پاکستانی مصنوعات پر 29 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کے باعث لینڈ مافیا بے لگام، عوام انتظامیہ کے خلاف پھٹ پڑے

ننکانہ صاحب (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کے باعث لینڈ مافیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

میں نے اٹھ فروری کو الیکشن میں حصہ لیا لیکن عوام نے مجھ پر اعتماد نہیں کیا، ملک محمد اعظم

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل سابق چیئرمین امین بیت المال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

لاہور: وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف پریس کانفرنس کررہے ہیں

وہاڑی: ڈائریکٹر زراعت توسیع لاہور اقبال خان نیازی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایکس کی بندش کیخلاف درخواستوں پر سماعت (کل) ہوگی

چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں تین رکنی بنچ سماعت کرے گا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں ایکس کی بندش کے خلاف درخواستوں پر سماعت کل (منگل) کے روز ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم کی سربراہی میں تین رکنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

نظر بندی کے قانون کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت (آج) ہوگی

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں لارجر بنچ سماعت کرے گا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں نظر بندی کے قانون کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

کراچی، آگ بجھانے کے دوران شہید ہونیوالے بلال تنولی کی نماز جنازہ ادا

کراچی (این این آئی) احسن آباد کی گتہ فیکٹری میں لگی آگ بجھانے کے دوران شہید ہونے والے بلال تنولی کی نماز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

کراچی: رہنما پی ٹی آئی حلیم عادل شیخ عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی کے پی میں اختلافات سامنے آگئے، عاطف خان بھی بول پڑے

وزیراعلیٰ کے پارٹی فنڈز کے دعوے کا علم نہیں، لیڈرشپ نے کہا ہے اندر کے معاملات سامنے نہ لائیں، گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبرپختونخوا میں اختلافات کھل کر سامنے آگئے، پی ٹی آئی رہنما عاطف خان بھی بول پڑے۔ پی ٹی آئی رہنما عاطف خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ کا میرے ساتھ اختلاف ہے تو ٹھیک ہے، اسد قیصر، شکیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے جدید زرعی ترقی کا نیا دور شروع

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تعاون سے جدید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

پی ٹی آئی رہنما کی آئی جی پنجاب کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں پاکستان تحریک انصاف پنجاب رہنما اکمل خان باری کی آئی جی پنجاب پولیس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر حاملہ خاتون کا قتل معمہ بن گیا، شوہر زیر حراست

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں تھانہ سائٹ سپر ہائی وے صنعتی ایریا کے علاقے فقیرا گوٹھ میں ڈکیتی مزاحمت پر حاملہ خاتون کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

تاشقند: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی اسپیکر آف فیڈریشن کونسل کیساتھ ملاقات سے پہلے تصویر

بچوں کی کھیل کیلئے بنائے گئے جعلی نوٹوں پر قائداعظم محمد علی جناح کی تصاویر لگا کر بے حرمتی کی جانے لگی

ننکانہ صاحب (این این آئی) بچوں کیلئے بنائے گئے جعلی نوٹوں پر قائداعظم محمد علی جناح کی تصاویر لگا کر بے حرمتی کی جانے لگی، جعلی نوٹوں کو گلیوں، نالیوں اور کوڑا کرکٹ میں پھینکا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

سی ٹی ڈی کی بڑی کارروائی، کوئٹہ میں دہشتگردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا

فوری ردعمل اور پیشہ ورانہ عمل نے ایک تباہ کن حملے کو موثر طریقے سے روک دیا، سی ٹی ڈی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سی ٹی ڈی نے کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ کو بڑی دہشتگردی سے بچالیا۔ انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی میں سریاب روڈ کے علاقے سے اسلحہ اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ برآمد کرلیا گیا۔ سی ٹی ڈی بلوچستان کے مطابق سریاب روڈ ایریا سے اسلحہ اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

پی ٹی آئی کا 10 اپریل کو احتجاجی ریلیاں نکالنے کا اعلان

پاکستان تحریک انصاف کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت نہ ملنے کے بعد پارٹی قیادت نے متبادل حکمت عملی پر کام شروع کردیا ہے

یہ ریلی بانی پی ٹی آئی کو ناجائز طور پر جیل میں رکھنے کے خلاف نکالی جارہی ہے، چیف آرگنائزر پی ٹی آئی پنجاب عالیہ حمزہ ملک

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت نہ ملنے کے بعد پارٹی قیادت نے متبادل حکمت عملی پر کام شروع کردیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف نے یونین کونسل کی سطح پر کارنر میٹنگز، جلسوں اور احتجاجی ریلیوں کے انعقاد کا اعلان کردیا ہے۔ چیف آرگنائزر پی ٹی آئی پنجاب عالیہ حمزہ ملک کے مطابق پنجاب بھر میں 10 اپریل کو احتجاجی ریلی نکالی جائے گی، لاہور میں یہ ریلی دوپہر ایک بجے جی پی او (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

پشاور: چیف سیکرٹری کے پی شہاب علی شاہ ٹاسک فورس اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کراچی والے ہوجائیں ہوشیار، شہر میں سورج قہر برسانے کو تیار

دن کے اوقات میں تیز دھوپ کے ساتھ گرم اور خشک ہوائیں چلیں گی

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے آج کراچی میں گرمی کی شدت بڑھنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمے کے مطابق، شہر کا درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک جاسکتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

ٹریفک پولیس اہلکار شہریوں کی سردرد بن گئے سرعام لوٹ مار میں مصروف

سانگلہ ہل شیرانوالہ چوک ٹریفک پولیس اور خدمت سنٹر کے اہلکاروں کے لئے سونے کی کان بن گئی

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل شیرانوالہ چوک اور دیگر چوراہے ٹریفک پولیس اور خدمت سنٹر کے اہلکاروں کے لئے سونے کی کان بن گئے۔ مقامی سیاسی افراد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

لاہور: وفاقی وزیر رانا مبشر اقبال کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے اظہار تشکر ریلی نکالی جارہی ہے

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

متعدد چینی چیمبرز آف کامرس کی امریکہ کے اضافی ٹیکسوں کی شدید مخالفت

بیجنگ (شنہوا) متعدد چینی کاروباری چیمبرز نے امریکہ کی جانب سے یکطرفہ طور پر اضافی ٹیکسز عائد کرنے کی شدید مخالفت کی ہے۔ ٹیکسٹائل، خوردنی اشیاء، مشینری و الیکٹرانکس، ہلکی صنعت مصنوعات، ادویات وصحت کی مصنوعات، دھاتیں، معدنیات اور کیمیکلز سے متعلق سمیت مختلف شعبوں میں درآمدات اور برآمدات کے چیمبرز آف کامرس کی جانب سے بیانات کے مطابق انہوں نے چینی حکومت کی جانب سے تمام ضروری جوابی اقدامات کی بھرپور حمایت کا بھی اظہار کیا ہے۔ چین کی مشینری اور الیکٹرانک مصنوعات کی درآمدات و برآمدات کی چیمبر نے ٹیکسوں میں حالیہ اضافے کی مذمت کرتے ہوئے اسے عالمی تجارتی قوانین کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ اس طرح کی یکطرفہ تحفظ پسندانہ کارروائیاں عالمی تجارتی نظام کو درہم برہم کر دیں گی، کاروباری اداروں اور صارفین کے مفادات کو نقصان پہنچائیں گی اور صنعتی سپلائی چینز کو غیر مستحکم کر دیں گی۔ چین کی دھاتوں، معدنیات اور کیمیکلز کی درآمدات و برآمدات کی چیمبر نے زور دیا ہے کہ اس اقدام سے امریکہ اور چین کے درمیان تجارتی تعاون کو نقصان پہنچنے، کاروبار کی درآمدی لاگت میں اضافہ ہونے اور امریکہ میں مقامی افراط زر بڑھنے کا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی جنگوں میں کوئی فاتح نہیں ہوتا، بار بار ٹیکسوں میں اضافہ امریکہ کے داخلی چیلنجز کو حل کرنے میں ناکام رہے گا جبکہ اس کی اقتصادی ترقی کو نقصان پہنچائے گا۔

بنگلہ دیشی نوجوانوں کا چین: بنگلہ دیش بہتر تبادلے، تعاون کے لیے پل کا کردار

ڈھاکہ (شنہوا) بنگلہ دیشی نوجوان حسن نیاز محمد نے کہا ہے کہ مجھے ایسے منصوبے میں حصہ لینے پر فخر ہے جس سے ہمارے ملک کو فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ چین اور بنگلہ دیش کے درمیان دوستی کے پل کا کردار ادا کرنے کے خواہشمند ہیں۔ چین میں تعلیم و تربیت حاصل کرنے اور کام کرنے والے متعدد بنگلہ دیشی نوجوان اب مختلف شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو فروغ دینے میں اپنا فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔ حسن ان میں سے ایک ہیں جنہوں نے اس سے قبل چین کے صوبہ یون نان میں تعلیم حاصل کی۔ گریجویشن کے بعد وہ بنگلہ دیش واپس آئے اور ڈھاکہ بائی پاس ایکسپریس وے منصوبے میں شامل ہو گئے جس میں ایک چینی ادارے نے سرمایہ کاری کی ہے، اسے تعمیر کیا ہے اور اس کا انتظام چلا رہا ہے۔ حسن نے کہا میں اس منصوبے میں شامل ہونا چاہتا تھا کیونکہ اس سے مجھے چین میں اپنی تعلیم کے دوران سیکھی ہوئی چیزوں کو عملی جامہ پہنانے کا موقع ملا، یہ منصوبہ مکمل ہونے پر اہم شاہراہوں کو آپس میں ملا کر بنگلہ دیش میں ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے اور ہماری قومی تجارت کو فروغ دینے میں معاونت کرے گا۔ حسن نے بتایا کہ وہ اپنے کام کے بہت سے قصے اپنے دوستوں اور خاندان کو بتاتے ہیں اور انہیں چین کی بھرپور روایتی ثقافت، جدید ٹیکنالوجی، خیالات اور ترقیاتی پیش رفت سے متعارف کرواتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں مجھے امید ہے کہ میں دونوں ممالک کی اپنی سمجھ بوجھ کو بنگلہ دیش اور چین کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے اور تعاون اور باہمی مفاہمت کو فروغ دینے کے لیے استعمال کروں گا۔

پاکستانی خاتون نے چین کے پرسکون دیہی علاقے میں رہائش اختیار کرلی

مصروف شہر کو چھوڑ کر چھوٹے قصبے میں زندگی گزارنا ترجیح ہے: مریم جاوید

تائی یوآن (شنہوا) دنیا بھر کے متعدد کسانوں کے لیے دیہاتی زندگی کی یکسانیت کو چھوڑ کر شہری مواقع کو اپنانا ایک زندگی بھر کا خواب ہوتا ہے لیکن ایک پاکستانی خاتون مریم جاوید محمد نے اس کے برعکس انتخاب کیا۔ انہوں نے دنیا کے سب سے زیادہ مصروف شہر دبئی کی سہولت کو چھوڑا اور اپنے چینی شوہر کے ساتھ چین کے شمالی علاقے کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں اپنی "دوسری زندگی" شروع کرنے کے لئے منتقل ہوگئی۔ دبئی میں جوان ہونے والی مریم نے کہا کہ بڑے شہروں کی ہلچل اور شور سے عادی ہونے کے بعد اب مجھے ایک پرامن اور فطرت سے جڑی دیہاتی زندگی کی آرزو ہوئی۔ چین آنے کے بعد ان کا روزمرہ کا معمول مقامی ثقافت سے خود کو روشناس کرانے، علاقائی پکوان پکانے، سیکھنے اور ویڈیوز کے ذریعے گاؤں کی زندگی کو دستاویزی شکل دینے کے گرد گھومتا رہا۔ انہوں نے صرف 2 ماہ میں مختلف سوشل میڈیا پر 50 ہزار سے زیادہ فالوورز بنائے۔ مریم نے بتایا کہ میرے شوہر نے چین آنے سے پہلے ہی مجھے اپنے گاؤں سے متعارف کرایا تھا جہاں وہ جوان ہوئے تھے، اس لیے میں نئے ماحول میں خود کو ڈھالنے کے بارے میں زیادہ فکرمند نہیں تھی، جب تک میں ان کے ساتھ ہوں، میں زندگی کے کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہوں۔ تاہم مریم کو حیرانی یہ ہوئی کہ وہ چین کے شمالی صوبے شنشی کے شہر یون چھنگ کی دیہی زندگی میں کس طرح آرام سے اور بغیر کسی مشکل کے ڈھل گئیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ وہ اب فینگ گاؤں میں رہتی ہیں، جہاں ہر گھر کشادہ، روشن اور جدید سہولیات سے آراستہ ہے۔ کھانے کا تنوع بھی بہت زیادہ ہے، قیمتیں مناسب ہیں اور مقامی بازار تازہ پیداوار سے بھرے پڑے ہیں۔ مریم نے کہا کہ یہاں ایک تازہ اناناس صرف 8 یوآن (تقریباً 1.1 امریکی ڈالر) کا ملتا ہے۔ دبئی میں یہ 5 سے 10 گنا مہنگا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں انہوں نے آن لائن خریداری سیکھی ہے اور حیرت زدہ ہے کہ کس طرح ترسیل چند دنوں میں ان کے دروازے تک پہنچ جاتی ہے، میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ چین کے دیہات میں ترسیل اتنی موثر ہو سکتی ہے۔

جنرل ہسپتال میں نئی تعینات ہونے والی نرسز کا پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر، ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین اور ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ فضیلت لعل کے ساتھ گروپ فوٹو

جنرل ہسپتال کی ورکنگ ٹیم میں اضافہ، 97 نئی نرسز نے ذمہ داریاں سنبھال لیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ کیئر ویژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں: پروفیسر الفرید ظفر

نرسز اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لا کر مریضوں کی دیکھ بھال میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں: ایم ایس

تمام شعبوں کی سسٹر انچارج عملی میدان میں قدم رکھنے والی نرسز کی رہنمائی کریں: ڈی سی این ایس

لاہور (خبر نگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہیلتھ سیکٹر کو فعال اور مستحکم بنانے کی پالیسی کے تحت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے لاہور جنرل ہسپتال میں پنجاب پبلک سروس کمیشن (پی پی ایس سی) سے منتخب 97 نرسز تعینات کر دی ہیں جس سے ہسپتال کی "ورک فورس" میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور مریضوں کو اس اقدام کا براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان نئی نرسز کی ہسپتال کے مختلف شعبوں میں ذمہ داریاں سنبھالنے سے زیر علاج مریضوں کی نگہداشت اور ہیلتھ کیئر میں مزید بہتری آئے گی۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فریاد حسین، ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ فضیلت لعل اور نرسز کثیر تعداد میں موجود تھیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے نئی تعینات ہونے والی نرسز کو مبارکباد دیتے ہوئے ہدایت کی کہ دوران تعلیم و تربیت انہوں نے جو کچھ پڑھا اور سیکھا ہے اُس کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے مریضوں کی بہتر سے بہتر دیکھ بھال اور نگہداشت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں اور اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مریضوں کی خدمت کر کے اُن سے دعائیں لیں۔ ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا کہ نئی تعینات ہونے والی نرسز کو ڈسپلن، میڈیکل چارٹ کی تکمیل، وارڈ مینجمنٹ، ہیلتھ کیئر کمیشن کے واضح کردہ ایس او پیز، ڈینگی سمیت موسمی و متعددی امراض بارے آگاہی اور مریضوں و لواحقین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے بارے خصوصی لیکچرز دیے جائیں گے تاکہ نرسز کی پیشہ وارانہ مہارت میں مزید نکھار آسکے اور دوران علاج انہیں کسی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ فضیلت لعل نے نئی نرسز کو عملی میدان میں قدم رکھنے پر خوش آمدید کہا اور ایل جی ایچ کی ورکنگ بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تمام شعبوں کی سسٹر انچارج آپ کی مکمل رہنمائی کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ امر خوش آئند ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہیلتھ کے شعبے کی ترقی، ہسپتالوں کی ورکنگ کو مزید بہتر بنانے اور مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے بہت زیادہ توجہ کے ساتھ دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی پالیسی اور ویژن کے مطابق وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور اُن کی ٹیم اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لئے انتھک محنت اور لگن کے ساتھ فرائض منصبی ادا کر رہے ہیں جو "ہیلتھ کیئر پرووائڈر" کیلئے حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل ہسپتال کی انتظامیہ حکومتی پالیسی کے تحت مریضوں کو ہر ممکن طبی سہولیات اور نگہداشت کی ذمہ داریاں احسن انداز سے نبھا رہی ہے جن میں ڈاکٹرز کے ساتھ ساتھ نرسز اور پیرا میڈیکس کا بہت کلیدی کردار ہے اور ان کے تعاون کے بغیر ہیلتھ پروفیشنلز مریضوں کو علاج کی سہولیات و نگہداشت انفرادی طور پر پوری نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ اس کام میں نرسز ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتی ہیں کیونکہ وارڈ مینجمنٹ اور وہاں زیر علاج مریضوں کی زیادہ تر نگہداشت نرسز کی اولین ذمہ داری ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ جنرل ہسپتال انتظامیہ کیلئے یہ بات باعث اطمینان ہے کہ نرسز اور پیرا میڈیکس دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت اپنے فرائض منصبی پورے کر رہے ہیں۔

اوورسیز پاکستانی عثمان مغل کی گلف ریڈیکل کپ 2025 میں تاریخی کامیابی

فارمولا ریسنگ میں 5 ہزار سے زائد حریفوں کو مات دینے والے واحد پاکستانی نژاد برطانوی ڈرائیور

لاہور (خبر نگار) پاکستانی نژاد برطانوی شہری عثمان مغل نے دبئی میں منعقدہ گلف ریڈیکل کپ 2025 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف ٹائٹل اپنے نام کیا، بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کا پرچم بھی سربلند کیا۔ انہوں نے مکلارن 570 گاڑی کے ساتھ سپیڈ اور مہارت کا مظاہرہ پیش کیا، جو انہیں دیگر 5 ہزار سے زائد عالمی حریفوں پر سبقت دلانے میں کلیدی ثابت ہوا۔ اس سے قبل بھی عثمان مغل نے ریڈیکل ورلڈ فائنلز (UAE) 2024 میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے پاکستان کے لیے تاریخی اعزاز اپنے نام کیا تھا۔ عثمان مغل کی کامیابی نہ صرف ان کی ذاتی محنت اور عزم کا مظہر ہے بلکہ یہ پاکستان کے لیے بھی باعثِ فخر لمحہ ہے۔ وہ ان لاکھوں پاکستانیوں کے لیے مشعل راہ ہیں جو دنیا بھر میں اپنی شناخت اور وطن سے وابستگی کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ اس موقع پر عثمان مغل کا کہنا تھا کہ میری ہر کامیابی پاکستان کے نام ہے۔ میں تمام اخراجات ذاتی طور پر برداشت کرتا ہوں کیونکہ یہ میرے جذبے اور وطن سے محبت کی عکاسی کرتا ہے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ میں پر امید ہوں کہ آئندہ بھی بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا جھنڈا فخر سے بلند کرتا رہوں گا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

گورنمنٹ مسلم ہائی سکول نمبر 2 میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر مہمان خصوصی باؤ محمد بشیر، میاں امجد حسین بلو، شبیر ہیرا بھٹی، عرفان رضی خان، کاشف ستار چوہدری، خامس بٹ، عبدالواحد اور دیگر مہمان پوزیشن ہولڈر بچوں کو شیلڈ اور سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

نیو جرسی امریکہ میں ایک شام بھٹو شہید کے نام میں سینٹر رانا محمود الحسن نے شرکت کی اس خوبصورت محفل بھٹو شہید کی کے افکار پر روشنی ڈالی گئی اور ان کے کیے ہوئے کارناموں کو سراہا گیا جس میں پاکستان سے آئے ہوئے سینیئر رہنما جاوید اختر چوہدری، نائب صدر پی پی امریکہ صفدر ہمایوں قریشی سینٹر رانا محمود الحسن ظفر چھٹہ راجہ اسد علی حسن بھٹو سلیم ناصر سمیت دیگر کا گروپ فوٹو

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں پوسٹ گریجویٹ داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد، سینکڑوں امیدواروں کی شرکت

یونیورسٹی پوسٹ گریجویٹ داخلوں میں میرٹ کو ہر صورت یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ ترجمان

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) لاہور میں اتوار کے روز پوسٹ گریجویٹ داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس کے لیے امتحانی مراکز یونیورسٹی کے ہالز میں قائم کیے گئے تھے۔ یہ ٹیسٹ مختلف پوسٹ گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کے لیے لیا گیا جن میں ایم فل، پی ایچ ڈی، ماسٹر آف پبلک ہیلتھ (ایم پی ایچ)، ماسٹر آف سائنس اِن نرسنگ (ایم ایس این) اور ماسٹر آف ہیلتھ پروفیشنز ایجوکیشن (ایم ایچ پی ای) شامل ہیں۔ یو ایچ ایس کے شعبہ امتحانات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق مجموعی طور پر 565 امیدواروں نے ٹیسٹ کے لیے رجسٹریشن کروائی جن میں سے 440 نے ایم فل، پی ایچ ڈی، ایم پی ایچ اور ایم ایس این پروگرامز جبکہ 65 امیدواروں نے ایم ایچ پی ای پروگرام کے لیے ٹیسٹ دیا۔ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواروں میں سب سے زیادہ یعنی 311 ماسٹر آف سائنس اِن نرسنگ پروگرام میں داخلے جب کہ 129 امیدوار ایم فل، پی ایچ ڈی اور دیگر ماسٹر سطح کے پروگرامز کے لیے میدان میں اُترے۔ ٹیسٹ کا انعقاد سخت سیکیورٹی انتظامات اور ایس او پیز کے تحت کیا گیا تاکہ شفافیت اور منصفانہ عمل یقینی بنایا جا سکے۔ یونیورسٹی حکام کے ساتھ ساتھ سینئر فیکلٹی اور نگران عملے نے امتحانی عمل کی مکمل نگرانی کی۔ یونیورسٹی ترجمان کا کہنا ہے کہ یونیورسٹی پوسٹ گریجویٹ داخلوں میں میرٹ کو ہر صورت یقینی بنانے کے عزم پر قائم ہے اور نتائج آئندہ ہفتے جاری کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ یو ایچ ایس کے پوسٹ گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کے لیے یہ داخلہ ٹیسٹ دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

غزہ پر اسرائیلی مظالم اور امریکی سرپرستی کی شدید مذمت

حکومت سے کسانوں کے مسائل حل کرنے کا مطالبہ: قائدین یوتھ فورس

عید ملن پارٹی
SUNDAY
6 اپریل

لاہور (نمائندہ خصوصی) اہل حدیث یوتھ فورس سینٹرل پنجاب کی صوبائی کابینہ کی عید ملن پارٹی اور صوبائی کابینہ کا اہم اجلاس حافظ انعام الرحمن یزدانی صدر اہلحدیث یوتھ فورس سینٹرل پنجاب کی زیرِ صدارت گلبرگ لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب بھر سے تنظیمی عہدیداران نے شرکت کی۔ جبکہ عالمی حالات، تنظیمی معاملات اور ملکی مسائل خصوصاً کسانوں کی صورتحال پر سیر حاصل گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت اور امریکی سرپرستی کی شدید مذمت کی گئی۔ مقررین نے کہا کہ امریکہ اپنی بدمعاشی بند کرے اور مسلم اُمہ مظلوم فلسطینی عوام کی عملی مدد کے لیے آگے بڑھے۔ شرکاء نے مطالبہ کیا کہ پاکستانی حکومت بھی فلسطین کے حوالے سے جرات مندانہ موقف اپنائے اور سفارتی محاذ پر موثر کردار ادا کرے۔ اجلاس میں ملکی معیشت کی بہتری اور پنجاب حکومت کے ترقیاتی منصوبوں پر جہاں اطمینان و مسرت کا اظہار کیا گیا وہیں ملک کے کسانوں کی حالت زار پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ کسانوں کو ریلیف فراہم کیا جائے، کھاد، بیج اور دیگر زرعی لوازمات کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے اور گندم کی مناسب قیمت کسان کی امنگوں کے مطابق متعین کی جائے تاکہ زراعت کا شعبہ تباہی سے بچ سکے۔ اور کہا گیا کہ معیشت کی عالمی سطح پر مضبوطی عوامی سطح پر بھی آنی چاہیے تاکہ بیروزگاری اور مہنگائی کا خاتمہ ہو سکے۔ اجلاس میں تنظیمی حکمت عملی، نوجوانوں کو متحرک کرنے، اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈاکٹر عبدالغفور راشد ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، حافظ عبدالغفور مدنی، سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان، صاحبزادہ شیخین توحیدی، جنرل سیکرٹری اہل حدیث یوتھ فورس سینٹرل پنجاب، عثمان رحمانی، ناظم مالیات اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان اور عمر عبدالحمید، صدر اہل حدیث اسٹوڈنٹس فیڈریشن پاکستان بطور مہمان خصوصی شریک تھے۔

پنجاب بھر میں لمپی سکیم ڈزیز کا کوئی کیس بھی رپورٹ نہیں ہوا۔ ثاقب علی عطیل

ابھی تک پنجاب لمپی اسکن ڈیزیز سے محفوظ ہے۔ سیکرٹری لائیوسٹاک


ADL JHELUM
ADL Sialkot Dr. Waseem Abbas
Dr Iftikhar hussain ADL Sahiwal
DLD Gujranwala
Dr. Syed Nadeem Badar, (DLD Faisalabad)
saqib
dr. sajjad DG Research
communication
Dr Murtaza ADL Bhakkar

لاہور (خبر نگار) محکمہ لائیوسٹاک میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری لائیوسٹاک ثاقب علی عطیل نے کی۔ اجلاس کا مقصد صوبے بھر میں منہ کھر بیماری کے اسٹیٹس کا جائزہ لینا اور لمپی سکن ڈزیز کے کنٹرول کے حوالے سے حفاظتی اقدامات کا بھی جائزہ لینا تھا۔ ڈاکٹر سجاد حسین نے اے ڈی ڈی ارایس انفو سسٹم کے ذریعے منہ کھر بیماری کے کرنٹ اسٹیٹس بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل توسیع ڈاکٹر محمد اشرف نے لمپی سکن ڈزیز کے حوالے سے محکمہ لائیوسٹاک کی طرف سے جاری حفاظتی اقدامات اور انٹر پروونشل چیک پوسٹس پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر سیکرٹری لائیوسٹاک نے اس بات کی تصدیق کی کہ ابھی تک صوبہ بھر میں کوئی بھی لمپی سکن ڈزیز کا کیس رپورٹ نہیں ہوا اور ابھی تک پنجاب لمپی اسکن ڈیزیز سے محفوظ ہے۔ اور محکمہ لائیوسٹاک انٹر پروونشل چیک پوسٹس اور چھڑ مار سپرے کے چھڑکاؤ کے ذریعے لمپی سکن ڈزیز کو صوبہ میں داخل نہیں ہونے دے گا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل، ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل، ڈائریکٹر کیونیک کمیشن اور ڈویژنل ڈائریکٹر سمیت تمام افراد کی شرکت۔

منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈرگ فری پنجاب ویژن کی تکمیل میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں منشیات فروشوں کے ٹھکانوں پر 1428 ریڈز اور 780 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے مقدمات درج کئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 335 کلو گرام چرس، 38 کلو گرام آئس، 37 کلو گرام ہیروئن اور 33 ہزار 619 لٹر شراب و دیگر منشیات برآمد کی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے منشیات ڈیلرز اور سمگلرز کے خلاف سپیشل آپریشنز جاری رکھنے کا حکم دیا ہے۔ آئی جی پنجاب افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کی سپلائی چین کا خاتمہ اور آن لائن خرید و فروخت میں ملوث ملزمان کی گرفتاری یقینی بنائیں۔

شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ سٹی میں مدثر سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون ※ گلشن راوی میں نثار سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، نولکھا میں جنید سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون ※ شادباغ میں جمیل سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون ※ شاہدرہ ٹاؤن میں دلاور سے 1 لاکھ روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔

پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز شدید مالی بحران کا شکار ہے: محبوب الٰہی

پی آئی اے اپنی خدمات فراہم کر رہا ہے، لیکن بدلے میں ادائیگیاں نہیں کی جا رہیں، جس کا براہ راست اثر اس کی کارکردگی، پروازوں کے معیار اور مالی استحکام پر پڑ رہا ہے

کراچی (بیورو چیف) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) شدید مالی بحران کا شکار ہے، اور اس کی ایک بڑی وجہ وہ واجبات ہیں جو مختلف سرکاری اداروں پر واجب الادا ہیں۔ پی آئی اے اپنی خدمات فراہم کر رہا ہے، لیکن بدلے میں ادائیگیاں نہیں کی جا رہیں، جس کا براہ راست اثر اس کی کارکردگی، پروازوں کے معیار اور مالی استحکام پر پڑ رہا ہے۔ ایئر چیپ وارنٹ ایک ایسی سہولت ہے جس کے تحت سرکاری افسران اور اہلکار پی آئی اے کی پروازوں پر مفت یا رعایتی سفر کرتے ہیں، اور بعد میں ان کا بل متعلقہ ادارے کو ادا کرنا ہوتا ہے۔ لیکن کئی سالوں سے پی آئی اے کے واجبات کلیئر نہیں کیے جا رہے، اور صورتحال یہ ہو چکی ہے کہ ایئر لائن خود شدید مالی مشکلات میں گھری ہوئی ہے۔ مثال کے طور پر، ایک اعلیٰ سرکاری افسر، جسے سفر کے لیے قومی خزانے سے ادائیگی ہونی تھی، ایئر چیپ وارنٹ کے تحت بار بار پی آئی اے کی سہولت استعمال کرتا ہے۔ وہ اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک سفر کرتا ہے، بزنس کلاس میں بیٹھتا ہے، لیکن جب پی آئی اے اپنا پیسہ مانگتی ہے تو معاملہ دفتری فائلوں میں دب کر رہ جاتا ہے۔ دوسری طرف، ایک عام مسافر جو اپنی جیب سے ٹکٹ خریدتا ہے، اس کے لیے ٹکٹ کے ریٹ بڑھا دیے جاتے ہیں تاکہ کسی نہ کسی طرح مالی خسارے کو پورا کیا جا سکے۔ اسی طرح، کچھ سرکاری ادارے پی آئی اے کی کارگو سروسز استعمال کرتے ہیں، لیکن سالوں تک ان کے بل ادا نہیں کیے جاتے۔ پی آئی اے نے اپنی سروس مہیا کر دی، طیارے سامان پہنچا چکے، لیکن ادائیگی کے نام پر خاموشی چھائی ہوئی ہے۔ اگر کسی نجی ادارے کے ساتھ ایسا ہوتا تو وہ فوری قانونی کارروائی کرتا، لیکن چونکہ یہاں سرکاری محکمے ملوث ہیں، اس لیے معاملات کو طول دیا جا رہا ہے۔ مسئلہ صرف یہ نہیں کہ واجبات ادا نہیں ہو رہے، بلکہ یہ بھی ہے کہ پی آئی اے پر غیر ضروری دباؤ ڈال کر اس سے وہ سہولتیں لی جا رہی ہیں جو ایک عام مسافر کے لیے ممکن نہیں۔ ایئر لائن کا عملہ عام شہریوں سے سختی برت سکتا ہے، لیکن ان سرکاری مسافروں کو خصوصی پروٹوکول دیا جاتا ہے، چاہے وہ پیسہ ادا کریں یا نہ کریں۔ صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ پی آئی اے کی پروازیں تاخیر کا شکار ہیں، مرمت کے لیے پرزے خریدنے میں مشکلات درپیش ہیں، اور طیاروں کی تعداد میں مسلسل کمی آ رہی ہے۔ اگر ان سرکاری اداروں کے ذمہ واجبات کی مکمل ادائیگی کر دی جائے تو پی آئی اے اپنے مالی بحران سے نکل کر ایک مستحکم ادارہ بن سکتا ہے، لیکن افسوس کہ یہ رقم یا تو دفتری فائلوں میں دفن ہے یا پھر اس پر بات ہی نہیں کی جاتی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے کریڈٹ کنٹرول سیکشن میں مکمل آڈٹ کیا جائے اور ان اداروں کے نام عوام کے سامنے لائے جائیں جو پی آئی اے کا پیسہ دبائے بیٹھے ہیں۔ اگر کسی نجی کمپنی پر پیسے واجب الادا ہوں تو فوری قانونی کارروائی کی جاتی ہے، لیکن جب معاملہ کچھ بڑے اداروں کا آتا ہے تو خاموشی اختیار کر لی جاتی ہے۔ یہ رویہ نہ صرف پی آئی اے بلکہ پوری ایوی ایشن انڈسٹری کے لیے نقصان دہ ہے۔ قومی ایئر لائن کو مزید تباہی سے بچانے کے لیے ضروری ہے کہ جو ادارے اس کے مقروض ہیں، وہ فوری طور پر اپنے واجبات ادا کریں۔

فلسطینی مظالم کیا مسلم اُمہ کے ضمیروں کو جگانے کے لئے کافی نہیں ہیں: بیرسٹر سید عتیق الرحمان

عالم اسلام جرم ضعیفی کی سزا بھگت رہا ہے، اسرائیلی ظلم و بربریت نے مسلمانوں کے دل چھلنی کر دیئے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن بیرسٹر سید عتیق الرحمان نے کہا ہے کہ فلسطینی مظالم کیا مسلم اُمہ کے ضمیروں کو جگانے کے لئے کافی نہیں ہیں۔ عالم اسلام جرم ضعیفی کی سزا بھگت رہا ہے۔ اسرائیلی ظلم و بربریت نے مسلمانوں کے دل چھلنی کر دیئے ہیں۔ نئی عالمی سرد جنگ میں مسلمانوں کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔ مسلم حکمران اسلام دشمن طاقتوں کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں۔ مسلمانوں کے خلاف ہر سازش کے پیچھے یہودیوں کا ہاتھ ہے۔ مسلم ممالک کے باہمی جھگڑوں کی وجہ سے مسئلہ فلسطین حل نہیں ہو رہا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف اہلسنت تنظیمات کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ بیرسٹر سید عتیق الرحمان نے کہا امریکہ مسئلہ فلسطین کی آڑ میں معصوم فلسطینیوں پر جبر اور ظلم کر رہا ہے۔ عالم اسلام متحدہ ہو کر مظلوم فلسطینیوں کی مدد کو نکلے۔ اسلام اور کفر کی جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ پوری دنیا میں مسلمانوں کا لہو پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا مسلم قوم کے دلوں میں اہل طاقت کیلئے دن بدن بڑھتی نفرت ان کے متعصبانہ اور غیر منصفانہ رویوں کیوجہ سے زور پکڑ رہی ہے، فلسطین سے کشمیر تک انڈیا سے چین تک مسلمان مظالم کا شکار ہیں، مگر دنیا کے خود ساختہ امام مدہوش ہیں۔

یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں 11 واں سالانہ کیریئر فیئر 2025، 9 اپریل کو منعقد ہوگا

صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں کیریئر فیئر کا افتتاح کریں گے

رواں سال یو ای ٹی کی تاریخ کا سب سے بڑا جاب فیئر ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر



UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY, LAHORE.

11TH UET CAREER FAIR 2025

- 15k+ Students & Alumni Visitors
- 190+ Industrial Stalls
- Recruitment Opportunities in 50+ Fields

Industries, Manufacturers, Brands, HR Firms, Service Providers, Education Consultants, IT & Telecom, Trade Associations and Businesses

Main Auditorium Complex, UET Lahore
09th April 2025 9:00AM - 4:30PM

Chief Guest:
Rana Sikandar Hayat
(provincial minister of Punjab)

Vice Chancellor UET
Prof. Dr. Shahid Munir (TI)

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں 11 واں سالانہ کیریئر فیئر 2025۔ 9 اپریل کو منعقد ہوگا۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں کیریئر فیئر کا افتتاح کریں گے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے اس سلسلے میں بتایا کہ رواں سال یو ای ٹی کی تاریخ کا سب سے بڑا جاب فیئر ہوگا۔ اس جاب فیئر کا مقصد تعلیمی اور صنعتی شعبوں کو ایک چھت تلے جمع کر کے طلبہ کو روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ میلے میں 190 سے زائد کمپنیاں حصہ لیں گی۔ 200 سے زائد سٹالز لگائے جائیں گے۔ ان کمپنیوں میں 50 مختلف فیلڈز جن میں نمایاں سافٹ ویئر ※ آئی ٹی، مینیکل، الیکٹریکل، کیمیکل، سول، کمپیوٹر سائنس پولیمر، ٹیکسٹائل، کنسٹرکشن، اسٹیل، اور ایجوکیشنل کنسلٹنٹ وغیرہ شامل ہوں گے۔ کمپنیاں طلباء کی بھرتی کیلئے انٹرویو اور جاب کیلئے ٹیسٹ لیں گی، طلباء کیلئے تعارفی سیشن کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔ میلے میں تقریبا 15 ہزار طلبہ وطالبات کی شرکت متوقع ہے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

اتحادی ثابت قدم ساتھ کھڑے ہیں: خواجہ آصف

پاکستان میں کرپشن کے کھنڈرات کے اوپر ایک عمارت کی تعمیر شروع کی، ساری پارٹیوں نے ملکر محنت اور جانفشانی کے ساتھ ایک امید کی کرن پیدا کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ 2 سال قبل پی ڈی ایم نے ووٹ آف نو کانفیڈنس کے ذریعے اقتدار حاصل کیا، پاکستان میں کرپشن کے کھنڈرات کے اوپر ایک عمارت کی تعمیر شروع کی، ساری پارٹیوں نے ملکر محنت اور جانفشانی کے ساتھ ایک امید کی کرن پیدا کی کہ یہاں ڈالر 600 روپے کا نہ ہو، خوراک کے بلوے نہ ہو۔ یہ خوف تھا کہ آئی ایم ایف ہمارا ہاتھ پکڑے گا یا نہیں۔ شہباز شریف نے ملک ملک دورے کئے۔ اس وقت کوئی یہ نہیں سوچ سکتا تھا کہ مہنگائی کی شرح 38 سے ڈیڑھ فیصد رہ جائے گی۔ یہ اللہ کے معجزے ہیں جو اتحادی ہیں وہ ساتھ ثابت قدمی سے کھڑے رہے۔ کل امریکہ کی اسٹاک مارکیٹ کریش کی ہے پاکستان ایک لاکھ سے زائد پوائنٹس سے آگے گئی ہے۔ عمران خان جیب کترا تھا۔ جنرل باجوہ اور جنرل فیض آتے سے بریفنگ دیتے آتے تو یہ نہیں آتا۔ اب کہتا ہے کہ سیکورٹی کی میٹنگ میں میری پارٹی نہیں جائے گا جب تک میں نہیں جاؤں گا۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کو اکٹھا رکھنا اور معیشت کو ٹرن آرونڈ کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا بجلی کی قیمتوں میں 15 سے 16 فیصد کی بڑا ریلیف ہے۔ جون تک سیالکوٹ کھاریاں موٹر وے مکمل ہونے جارہی ہے۔ سیالکوٹ لاہور موٹر وے پر ایک لین کا اضافہ کیا جائے گا لاہور آسلام آباد کی 60 فیصد ٹریفک اس موٹر وے پر منتقل ہو جائے گی۔ ضلع سیالکوٹ کی رنگ روڈ ایمن آباد روڈ، ڈسکہ روڈ، وزیر آباد روڈ کو ملائے گی۔ یہ بات انہوں نے مسلم لیگی کارکنوں کے اعزاز میں عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ خواجہ محمد آصف نے چودھری ارمغان سبحانی کے خاندان کی خدمات پر ان کا حق تھا جو وزارت ان کو ملی۔ پارٹی کے ورکرز پارٹی کی جند جان ہیں۔ آپ نے یہ پیغام گلی محلوں میں لیکر جانا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے معیشت میں معجزے کر دکھائے اور پاکستان کہ معیشت کو بدل کر رکھ دیا جس کو آئی ایم ایف بھی مانتی ہے۔

”ستھرا پنجاب پروگرام“ حکومت پنجاب کا اہم اقدام ہے: ڈپٹی کمشنر

جس کا مقصد شہری اور دیہی علاقوں میں صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ”ستھرا پنجاب پروگرام“ حکومت پنجاب کا اہم اقدام ہے۔ جس کا مقصد شہری اور دیہی علاقوں میں صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے جاری صفائی مہم کے سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے صفائی کے جاری کاموں، گلیوں اور سڑکوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی، نکاسی آب کی بہتری اور صفائی عملے کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ صفائی مہم میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام علاقوں میں بلا تفریق صفائی کے معیار کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے صفائی مہم کو عوامی شراکت سے کامیاب بنانے پر زور دیا اور کہا کہ عوام صفائی کے عمل میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی مہم کے دوران شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور تمام علاقوں میں تسلسل کے ساتھ صفائی کے عمل کی نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔

ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت سے متعلقہ تمام محکمے آپسی کوارڈینیشن کو بہتر بنائیں: ڈپٹی کمشنر ننکانہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے ضلعی اداروں کے سربراہان کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت سے متعلقہ تمام محکمے آپسی کوارڈینیشن کو بہتر بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے انیشیٹیوز کو بروقت مکمل کرایا جائے اور ترقیاتی منصوبوں میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کے ساتھ ساتھ ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور میٹریل کے معیار پر کوئی کمپرومائز نہ کیا جائے۔

جہلم: غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی واپسی کا عمل جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) ضلع جہلم سے غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی واپسی کا سلسلہ ضابطہ کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد شروع کر دیا گیا ہے۔ گزشتہ شب دو بسیں پنڈدادنخان سے 58 افغان باشندے اور دو بسیں جہلم سے جن میں 99 افغان باشندے شامل تھے واپسی کے لیے روانہ کی گئیں۔ کل 157 افغان باشندوں کو باقاعدہ قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد اٹک کے راستے طورخم بارڈر روانہ کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ جہلم کے مطابق تمام بسیں بحفاظت ٹرانزٹ کیمپ طورخم پہنچ چکی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے کہا ہے کہ واپسی کے اس عمل میں تمام مہاجرین کو بنیادی سہولیات، کھانے پینے، طبی معاونت اور آرام دہ سفر کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

ضلع چنیوٹ میں ریونیو ریکوری کے اہداف کی تکمیل ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر

سٹمپ ڈیوٹی، زرعی انکم ٹیکس سمیت شعبوں میں بھی ریونیو ریکوری کے اہداف کی تکمیل کی ہدایت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع چنیوٹ میں ریونیو ریکوری کے اہداف کی تکمیل ترجیح ہے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے سرکاری واجبات کی وصولیوں کی مہم کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف مدات میں ریکوری کی پیشرفت کا جائزہ لیا اور آبیانہ کے باقیداروں کے گرد شکنجہ سخت کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ افسران اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں۔ انہوں نے سٹمپ ڈیوٹی، زرعی انکم ٹیکس سمیت شعبوں میں بھی ریونیو ریکوری کے اہداف کی تکمیل کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ریونیو افسران اپنا قبلہ درست کر لیں، روزانہ کی بنیاد پر میٹنگز کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریکوری نہ ہونے والے افسران کے خلاف ایکشن ہوگا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے ریکوری کی صورتحال سے آگاہ کیا۔

رائٹرز ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام عید ملن اور محفل مشاعرہ کا مرکزی دفتر میں انعقاد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) رائٹرز ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام عید ملن اور محفل مشاعرہ کا مرکزی دفتر میں انعقاد۔ مشاعرہ کی صدارت حافظ محمد شفیق شاہد صدر نے جبکہ نظامت کے فرائض قاری عتیق احسن جنرل سیکرٹری نے ادا کیئے۔ محفل مشاعرہ میں حافظ آباد کے نمائندہ شعراء نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ جن شعرائے کرام نے شرکت کی ان میں صدر مشاعرہ حافظ شفیق شاہد اور ناظم مشاعرہ قاری عتیق احسن کے علاوہ طارق جاوید رانا، پروفیسر محمد اعجاز شاکر، پروفیسر ریاض بھٹی، ریاض ارمان، سیف اللہ باجوہ، راشد تاثیر، راشد امام، رائے ضیغم علی ضیغم، اذان علی حسرت، محمد ابوذر، اسامہ علی اور راشد بٹ کے نام شامل ہیں۔ جبکہ اس موقع پر معروف شاعر عارش کاشمیری، رانا منظور احمد، میاں ابرار بودلہ، سر امانت علی اور سردار محسن علی مہمانان خصوصی تھے۔ متذکرہ مشاعرہ رات گئے تک جاری رہا۔

منشیات فروش کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

جرائم پیشہ عناصر جتنا بھی بااثر ہوں ان کے خلاف بھرپور کاروائی کرینگے: محمد نواز بھٹی

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) تھانہ صدر دیپالپور کی زیلی چوکی پپلی پہاڑ میں نئے تعینات ہونے والے نوجوان انچارج محمد نواز بھٹی اے ایس آئی اور اس کی ٹیم احسن کلیم محمد نواز کانسٹیبل محمد فاروق کانسٹیبل منشیات فروش کے خلاف کریک ڈاؤن جاری منشیات فروش گرفتار مقدمہ درج وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور ائی جی ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے ویژن پر ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کی قیادت میں تھانہ صدر دیپالپور پولیس کی جانب سے منشیات فروش کے خلاف ضلع بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے تھانہ صدر دیپال پور کے ایس ایچ او فخر حیات وٹو اور اس کے ٹیم چوکی پپلی پہاڑ کے نوجوان انچارج محمد نواز بھٹی اے ایس آئی زاہد عمران خاں جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاشرے سے منشیات جیسے ناسور کے مکمل خاتمے تک منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا جرائم پیشہ عناصر جتنا بھی بااثر ہو میں ان کے خلاف بھرپور کاروائی کروں گا ہمارے 24 گھنٹے دروازے کھلے ہیں ہرانے والا غریب ادمی کو میں انصاف دلاؤں گا اور میرٹ پر کام کروں گا اور تھانہ صدر دیپالپور پولیس نوجوان نسل کو منشیات جیسے زہر قاتل سے بچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے عوام الناس کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے ارد گرد منشیات فروشی میں ملوث عناصر اور جرائم پیشہ عناصر نشاندہی کریں× تاکہ ان کے خلاف بروقت کارروائی کی جائے

کمشنر گوجرانوالہ کا تعلیمی بورڈ کھیلوں کے گراؤنڈ کا معائنہ

گراؤنڈ کو مزید سرسبز وشاداب اور خوبصورت بنانے کے لئے حکومت کے وژن گرین پاکستان کے تحت گراؤنڈ کے چاروں اطراف میں پودے لگائے جائیں

خوش آمدید
pepsi

(نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانولہ سید نوید حیدر شیرازی نے تعلیمی بورڈ گوجرانولہ کے کھیلوں کے گراؤنڈ کا اچانک معائنہ کیا، کھلاڑیوں کو مہیا کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ گراؤنڈ کو مزید خوبصورت اور پویلین کی تزئین وآرائش کے لئے بورڈ انتظامیہ کو ہدایات دیں کہ گراؤنڈ کو مزید سرسبز وشاداب اور خوبصورت بنانے کے لئے حکومت کے وژن گرین پاکستان کے تحت گراؤنڈ کے چاروں اطراف میں پودے لگائے جائیں اور میچز کے انعقاد کے دوران میچ دیکھنے والے تماشائیوں کے بیٹھنے کے لئے پویلین اور سیٹوں کو بھی اچھی طرح رنگ و روغن کروایا جائے تاکہ کھلاڑیوں اور میچ دیکھنے والے تماشائیوں کو تفریح کے لئے اچھا ماحول فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کھیل کے میدانوں کی بحالی سے نوجوان نسل کی ذہنی اور جسمانی نشوونما میں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ کھیل کے میدان ہی وہ واحد ذریعہ ہیں جن کی بحالی سے نشہ جیسی لعنت کو شکست دی جاسکتی ہے اور نوجوان نسل کو ذہنی اور جسمانی طور پر مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ کھلاڑی ملک وقوم کا سرمایہ ہیں جو کہ بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب× مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ڈویژن بھر میں موجود تمام کھیل کے میدانوں کو فعال کیا جارہا ہے اور ان کی تزئین وآرائش بھی کی جارہی ہے۔ حکومت پنجاب کا یہ وژن ہے کہ ہر فیلڈ میں اچھی کارکردگی کے حامل کھلاڑیوں کو پروموٹ کر کے آگے لایا جائے تاکہ وہ صحیح معنوں میں ملک و قوم کا نام روشن کرسکیں۔ کھلاڑی، عوام الناس اور نوجوان نسل حکومت پنجاب کے ان اقدامات کو سراہ رہی ہے اور اُمید قائم ہوچکی ہے کہ ملک ترقی اور خوشحالی کی طرف گامزن ہے۔ اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر سپورٹس فیصل میر، کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ، سیکرٹری بورڈ، پروفیسر گوہر الطاف، ڈائریکٹر سپورٹس بورڈ مسعود احمد و دیگر بورڈ آفیسرز بھی ان کے ہمراہ تھے۔

رائیونڈ: وکلاء برادری کا انتخابی دنگل اختتام پذیر ہوا

زاہد خاں ایڈووکیٹ چیئرمین، افتخار احمد خاں صدر، چوہدری عزیر عاشق نائب صدر، رانا اشتیاق منج جنرل سیکرٹری منتخب

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) رائیونڈ وکلاء برادری کا انتخابی دنگل اختتام پذیر ہوا رائیونڈ لائرز فورم کے انتخابات کے موقع پر وکلاء کی بڑی تعداد نے حصہ لیا اور ووٹ کاسٹ کیا، رائیونڈ لائرز فورم کے انتخابات کے نتیجے میں زاہد خاں ایڈووکیٹ چیئرمین منتخب ہوئے افتخار احمد خاں ایڈووکیٹ نے صدارت کا میدان مار لیا۔ چوہدری عزیر عاشق ایڈووکیٹ نائب صدر منتخب ہوئے رانا اشتیاق منج ایڈووکیٹ نے بڑی لیڈ سے جنرل سیکرٹری کی سیٹ پر فتح حاصل کی وکلاء برادری کو رائیونڈ لائرز فورم کے کامیاب الیکشن کروانے کے نتیجے میں منتخب ہونے والی کابینہ کو وکلا سمیت سیاسی سماجی مذہبی تاجر برادری اور تمام مکتبہ فکر کی تنظیموں اور افراد کی جانب سے مبارک بادوں کا سلسلہ جاری ہے جبکہ چیئرمین الیکشن کمیشن اعجاز بھٹی اور ان کی ٹیم کو بہترین طریقہ سے الیکشن کروانے پر خوب سراہا گیا رائیونڈ لائرز فورم کے سابقہ صدر مہر احمد حسن نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ رائیونڈ وکلاء برادری ہمارے سر کا جھومر ہے۔ مزید کہا کہ وکلاء برادری رائیونڈ ایک بہترین پلیٹ فارم ہے جس نے ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دیا باطل کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بنا رہا اور بنا رہے گا، سابقہ صدر مہر احمد حسن نے کہا میں رائیونڈ وکلاء برادری کے لیے ہر وقت تیار ہوں اور سب وکلاء برادری کو ساتھ لے کر چلیں گے۔

اولڈ سٹوڈنٹ لیڈر پاکستان کی قومی یکجہتی خوشحالی امن سلامتی کے لئے جہد وجہد جاری رکھے گی

ہمارا مطالبہ ہے حکومت فوری طور پر طلباء یونین پر پابندی ختم اور الیکشن کروائے جائیں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) اولڈ سٹوڈنٹ لیڈر پاکستان کی قومی یکجہتی خوشحالی امن سلامتی کے لئے جہدو جہد جاری رکھے گی ہمارا مطالبہ ہے حکومت فوری طور پر طلبا یونین پر پابندی ختم کرے اور الیکشن کروائے جائیں ان خیالات کا اظہار او ایس ایل کے زیر اہتمام چوہدری عبد الغفار سندھو سابق رہنما انجمن طلبا اسلام پاکستان کی رہائش گاہ 69 چبا چک جھنگ روڑ پر عید ملن پارٹی سے سرپرست اعلیٰ پاکستان ریاض فتیانہ ایم این اے نے خطاب کرتے ہوئے کیا اور کہا تنظیم ملک کیلیے ہراول دستہ ہوگی قومی یکجہتی ترقی اور مساوات کا درس دیتی ہے ہم ملک کی خوشحالی کیلیے اہم کردار ادا کریں گی عید ملن تقریب میں پنجاب کے صدر رانا مبشر علی خاں ٹکٹ ہولڈر این اے ۱۰۳ نے تمام مہمانوں کا شکریہ کیا ادا کیا اور تنظیم کا اغراض ومقاصد سے آگاہ کیا انہوں نے او ایس ایل تنظیم غیر سیاسی ہے تقریب سے سرپرست پنجاب حاجی مدثر قیوم ناہرہ سابق ایم این اے نے کہا کہ مجھے خوشی ہے ایک دفعہ پھر اکھٹے ہو× ہم رانا مبشر علی خاں اور انکی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ہم طلباء یونین کی بحالی کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا عید ملن تقریب سے ڈویژنل سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر نثار جٹ ایم این اے نے کہا اس وقت ضرورت ہے اپنے وطن کیلئے متحد ہو کر وطن دشمنوں کا مقابلہ کیا جاے تمام طلبا تنظیموں ایم ایس ایف اے ٹی آئی پی ایس ایف جے ٹی آئی ایم ایس او آئی ایس او آئی جے ٹی پی ایس ایف انقلابی کونسل (او ایس ایل) کے راہنماوں انجینئر عدنان حسین مرکزی انفارمیشن سیکرٹری فیضی خان وردگ صوبائی انفارمیشن سیکرٹری رانا افتخار ڈسٹرکٹ جنرل سیکرٹری آفتاب احمد واہلہ ڈویژنل صدر کراساں خان سٹی صدر شہباز چیمہ ڈویژنل جنرل سیکرٹری خان اسد ریاض بلوچ ڈسٹرک صدر چنیوٹ ارشاد بلوچ ڈسٹرکٹ صدر جھنگ مہر عامر نول سٹی صدر جھنگ محمد علی سیال ڈویژنل نائب صدر رانا سجاد مصطفائی ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری جمال ناصر ڈسٹرکٹ انفارمیشن سیکرٹری حافظ زین ملک سٹی سیکرٹری عمران غوری پنجاب کوآڈینیٹر صدام شاہ ڈویژنل کوآڈینیٹر رانا خالد بشیر ڈسٹرکٹ سعید جٹ سٹی کوآڈینیٹر علامہ عبد الصمد معاذ نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دے و دیگر سابقہ لیڈرز کی شرکت کی گئی اور ملک کی سلامتی امن کے لئے دعا کی گئی

ادیب بٹ انسان دوست اور قابل لکھاری ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

ادب سے شغف وبہترین تحریریں ادیب بٹ کا خاصہ ہیں۔ نئیر عباس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عید ملن کے موقع پر شرکاء سے دوران خطاب کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے سنئیر نائب صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی نئیر عباس کے ہمراہ کہا کہ ادیب بٹ ایک قابل قدر رائٹر اور ایک اچھے انسان ہیں۔ ان کی شخصیت، اخلاقی اقدار اور انسانیت دوستی کا بہترین نمونہ ہے۔ وہ معاشرے کے مسائل کو گہری نظر سے دیکھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اپنی تحریروں کے ذریعے آواز بلند کرتے ہیں۔ ان کی تحریریں نہ صرف مسائل کی نشاندہی کرتی ہیں بلکہ ان کے حل کے لیے عملی تجاویز بھی پیش کرتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عید الفطر کے موقع پر ادیب بٹ کی خدمات کے اعتراف میں انہیں گلدستے پیش کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے اس بات کا اظہار بھی کیا کہ ادیب بٹ چاند کی روشنی کی طرح دنیا کو منور کر دیں کہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور جس طرح چودھویں کا چاند پورے جوبن پر ہوتا ہے اس کی روشنی پوری آب وتاب کے ساتھ جلوہ گر ہوتی ہے ادیب بٹ کی خصوصیات بھی اس سے مشابہت رکھتی ہیں اور وہ چودھویں کے چاند کی طرح ہیں سجاول علی وسیم نے ادیب بٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی اخلاقی اقدار قابل تحسین ہیں۔ وہ ایک سچے اور مخلص انسان ہیں جو ہمیشہ دوسروں کی مدد کے لیے تیار رہتے ہیں۔ ان کی تحریریں معاشرے کے مختلف طبقات کے مسائل کو اجاگر کرتی ہیں اور ان کے حل کے لیے ان کی تحریریں معنی خیز ہوتی ہیں ڈاکٹر عبدالجبار علوی نے کہا کہ ادیب بٹ کی تحریروں میں معاشرے کی عکاسی ہوتی ہے۔ وہ عام آدمی کی زندگی کے مسائل کو اپنی تحریروں کا موضوع بناتے ہیں۔ ان کی تحریریں نہ صرف معلومات فراہم کرتی ہیں بلکہ لوگوں میں شعور بھی بیدار کرتی ہیں۔

مضر صحت اشیاء تلف، 61 ہزار سے زائد کے جرمانے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے 50 کلو ملاوٹی و مضر صحت دودھ اور 25 کلو غیر معیاری دہی کے ساتھ ساتھ 7 کلو زائد المعیاد اشیائے صرف تلف اور مجموعی طور پر 61 ہزار 500 روپے کے جرمانے کئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی زیر نگرانی ٹیموں نے بھرپور کارروائیاں کیں۔ شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر ناکے لگا کر 61 دودھ بردار وہیکلز اور ملک شاپس پر 10 ہزار لیٹر سے زائد دودھ کی جدید لیکٹوسکین مشین سے چیکنگ کی موقع پر سیمپل فیل آنے پر دودھ اور دہی کو تلف کیا گیا۔ علاوہ ازیں فوڈ پوائنٹس اور کریانوں پر دوران انسپکشن ایکسپائرڈ مصنوعات، پکوڑے وسموسے کی دکانوں پر حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزیوں اور ممنوعہ اجزاء کے استعمال پر کارروائیاں کی گئیں۔

کسانوں کو گندم کی پوری قیمت دی جائے: چوہدری گلفام سیہول

پنجاب حکومت وعدے کے مطابق کاشتکاروں سے فصل خریدیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) کسانوں کو گندم کی پوری قیمت دی جائے پنجاب حکومت وعدے کے مطابق کاشتکاروں سے فصل خریدیں قرض لے کر فصل کاشت کی ہے اگر پوری قیمت نہ ملی تو کھیتی باڑی کرنا ہی چھوڑ دیں ان خیالات کا اظہار مقامی کسانوں چوہدری گلفام سیہول چوہدری یاسر بٹر چوہدری بشیر جاجوگل واجد علی خاں آف مردانہ نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے مزید کہا شدید بارشوں اور ژالہ باری سے پہلے ہی ہزاروں ایکڑ فصل ضائع ہوئی اب جبکہ گندم کی فصل تیار ہو چکی اس کی بھی قیمت بھی پوری نہ ملی تو ہم کہاں جائیں گے حکومت کسانوں کے ساتھ ظلم بند کرے اور گندم کی امدادی قیمت کم از کم چار ہزار روپے مقرر کر کے کسانوں سے ساری گندم خود خریدے تاکہ نقصان کا ازالہ ہو سکے پہلے بھی چاول کی قیمت پوری نہیں دی گئی اب گندم کی فصل پک چکی ہے اگر اس بار بھی وہی صورتحال رہی تو ہم کھیتی باڑی کرنا ہی چھوڑ دیں گے کسان مزید نقصان برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتا۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی سربراہی میں گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

تقریب میں والدین، معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے اسکول کی شاندار کارکردگی پر ہیڈ ماسٹر، اساتذہ طلباء کو زبردست خراج تحسین پیش کیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) گزشتہ روز ممتاز ماہر تعلیم ہر دلعزیز محبوب شخصیت چوہدری محمد ارشد ندیم جٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری اوکاڑہ اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل اوکاڑہ خالد وحید نے گورنمنٹ ایلیمنٹری بوائز سکول لالہ زار کالونی اوکاڑہ اور گورنمنٹ ایلیمنٹری بوائز سکول 51/2-ایل میں سالانہ رزلٹ کی پروقار تقاریب میں بطور مہمان خصوصی تشریف آوری پر پرنسپل ادارہ طارق بھٹی، اساتذہ طلباء نے انکو والہانہ استقبال کیا ان پر گلپاشی کی گئی، انکو تعلیم قلب سے خوش آمدید کہا، اسکاوٹس نے انکو گارڈ آف آنرز پیش کیا۔ طلباء نے ملی نغمے اور ٹیبلو پیش کئے تقریب میں والدین، معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے اسکول کی شاندار کارکردگی پر ہیڈ ماسٹر، اساتذہ طلباء کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ رزلٹ کے موقع پر شاندار رزلٹ پر پوزیشن ہولڈرز کو شیلڈز، کپ اور تعریفی اسناد دی گئیں، صفائی ستھرائی مثالی نظم وضبط کو سراہا اور تعلیمی بہتری کے لیے خصوصی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور طلباء کی کردار سازی میں اہم ترین کردار ادا کرتے ہیں، معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اپنی تمام تر ذمہ داری کو پورے اخلاص اور محنت سے نبھائیں، تعلیم میں جدت محنت اور لگن کو اپنا شعار بنائیں تاکہ طلباء کا مستقبل روشن ہو، نظم و ضبط ایمانداری کے ساتھ تدریسی مہارتوں کو بہتر بنانے میں خصوصی توجہ دیں، طلباء میں جستجو اور اخلاقی اقدار کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے ویژن کے مطابق نئی داخلہ مہم ڈیسک کا فی الفور قیام پر زور دیا جس کا مقصد نئے داخلہ کے سلسلہ میں آنے والے والدین کو ضرور سہولیات بہم پہنچانا ہے۔ داخلہ امسال 2025 پر والدین سے کہا کہ علم کی شمع روشن کرنے کے لیے اپنے نونہالوں کو سرکاری سکولز میں داخل کرائیں۔

عمران خان کا مستقبل کی سیاست میں کوئی رول نہیں ہے: رانا تنویر

پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ انتشار اور مفاد پرستوں کا ٹولہ ہے وفاق بڑے صبر سے کام لے رہا ہے: اظہار تعزیت کے موقع پر گفتگو

21
SEPTEMBER
زرداری

شرقپور شریف (نامہ نگار) گزشتہ روز وفاقی وزیر رانا تنویر حسین پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سردار علی آصف کی رہائشگاہ پہنچے اور انکے جواں سالہ بیٹے کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے گہرے دکھ کا اظہار کیا اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ عمران خان کا مستقبل کی سیاست میں کوئی رول نہیں ہے پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں ہے بلکہ انتشار اور مفاد پرستوں کا ٹولہ ہے وفاق بڑے صبر سے کام لے رہا ہے اور کوئی ایسا ایکشن نہیں لے رہا جس سے کے پی کے گورنمنٹ ختم کی جائے۔ وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی جانب سے کی جانے والی بجلی کی قیمتوں میں کمی کے حوالے سے انکا کہنا تھا کہ گھریلو اور صنعتی صارفین کو بجلی سستی ہونے سے حقیقی ریلیف ملا ہے بجلی سستی کرنا وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کا تاریخی کارنامہ ہے پاکستان کی صنعت اور زراعت کو فائیدہ ہوگا دوسری جانب پیپلز پارٹی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی بڑی جماعت ہے اور ہماری اتحادی ہے اور رہے گی۔ اتحادیوں کے درمیان چھوٹے چھوٹے اشو بن جاتے ہیں دریائے سندھ پر نہریں نکالنے کے اشو کو حل کرلیا جائے گا پاکستانی حکومت اور عوام فلسطین کے ساتھ ہیں۔

گوجرانوالہ: فیکٹریوں اور کارخانوں کے دھوئیں سے ماحولیاتی آلودگی میں خطرناک اضافہ

شہری سانس کی بیماریوں میں مبتلا، اعلیٰ حکام سے جلد از جلد معاملے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گوجرانوالہ میں فیکٹریوں اور کارخانوں سے نکلنے والے زہریلے دھوئیں نے ماحولیاتی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافہ کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کو سانس، آنکھوں اور جلدی بیماریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صنعتی علاقوں میں آلودگی عروج پر، حکومتی بے حسی گوجرانوالہ کے صنعتی علاقوں، کامونکی، باغبانپورہ، شیخوپورہ روڈ اور دیگر مقامات پر قائم چھوٹی اور بڑی فیکٹریوں سے نکلنے والا دھوئیں اور کیمیکل زدہ فضلہ فضائی آلودگی کا باعث بن رہا ہے۔ ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) کی سطح مسلسل بڑھ رہی ہے، لیکن متعلقہ انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ شہری سانس، دمہ اور آنکھوں کی بیماریوں میں مبتلا ماحولیاتی آلودگی میں اضافے کے باعث گوجرانوالہ کے رہائشی سانس کی تکلیف، دمہ، الرجی اور آنکھوں کی جلن جیسی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق، × فضائی آلودگی پھیپھڑوں کی بیماریوں اور بچوں میں الرجی کی بڑی وجہ بن رہی ہے عدالتی احکامات اور حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

ضلعی انتظامیہ کی تحریک پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر اہتمام پیغام پاکستان سیمینار منعقد ہوا

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے افسران اور مختلف تعلیمی اداروں کے سربراہان بھی موجود تھے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی تحریک پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر اہتمام پیغام پاکستان سیمینار منعقد ہوا جس میں اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ اشفاق رسول نے بھی شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے افسران اور مختلف تعلیمی اداروں کے سربراہان بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیغام پاکستان کا جملہ بیانیہ پیش کیا اور کہا کہ امن وامان کا قیام ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیغام پاکستان کے حقیقی مقاصد سے نوجوان نسل کو آگاہ کرنا بہت ضروری ہے اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام آگاہی پروگرامز کا دائرہ وسیع کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام امن وآشتی کا دین ہے اور پاکستان کو دہشتگردی کے عفریت سے نجات دلانی ہے۔ سیمینار سے دیگر مقررین نے بھی اظہار خیال کیا۔

پتوکی واپڈا ریٹائرڈ ملازمین ڈویژن چونیاں کا اجلاس

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی واپڈا ریٹائرڈ ملازمین ڈویژن چونیاں کا اجلاس زیر صدارت ارشد چوہدری سینئر وائس چیئرمین قصور سرکل اور منیر احمد مرکزی عہدیدار منعقد ہوا جس میں ملازمین کی بھاری تعداد نے شرکت کی جس میں اکاؤنٹ چونیاں میں غلام حیدر طور نامی اکاؤنٹنٹ کی کرپشن کی داستانیں بیان کرتے ہوئے کہا کہ غلام حیدر طور ریٹائرڈ ملازمین کے میڈیکل بل منظور کروانے کے عوض 20 فیصد نذرانہ لیتا ہے نذرانہ نہ دینے کی صورت میں میڈیکل گم کر دیتا ہے۔ متعدد بار ایس ای قصور اور ایکسین چونیاں سے رابطہ کیا ہے مگر اس کرپٹ ملازم کے آگے اہم عہدیدار بھی بے بس ہیں جبکہ انکا مزید بتانا ہے کہ اس سے قبل اس کرپٹ ملازم پھولنگر میں لاکھوں کی کرپشن بذریعہ ایس آر اور ٹرانسپورٹ کے جعلی بل اور رسیدیں بنا کر چکا ہے اور اب چونیاں میں بنا رشوت کے کام نہیں کرتا انکا مزید بتانا ہے کہ اس کرپٹ ملازم نے کروڑوں کی بے نامی جائیدادیں بنا رکھی ہیں اور لاکھوں مالیت کی قیمتی ہنڈا سٹی گاڑی رکھی ہوئی ہے جس کے ثبوت ہم نے حاصل کرلیے ہیں جلد اس کے احتساب کے لئے ایف آئی اے سمیت دیگر اداروں میں کاروائی کے لئے درخواستیں دائر کر رہے ہیں۔ جبکہ غلام حیدر طور کا موقف دیتے ہوئے کہنا تھا کہ الزامات بے بنیاد ہیں کچھ ریٹائرڈ ملازمین کے میڈیکل بلز بقایا ہیں جن کی منظوری کی فائلز حکام تک حسب ضابطہ بھیجی گئی ہیں منظوری ہوتے ہی میڈیکل بلز کلیئر کر دیئے جائیں گے۔

نارووال پریس کلب نارووال
NGO

جعلی پولیس اہلکار سمیت اغوا کار گرفتار، وائرلیس سیٹ، اسلحہ برآمد

پڑھال پٹرولنگ پولیس کیطرف سے دو مختلف کاروائیوں کے دوران گاڑی نمبری IDK/7188، گاڑی نمبری 1063-LEC/14 کی چیکنگ کی گئی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) جعلی پولیس اہلکار سمیت اغوا کار گرفتار× وائرلیس سیٹ× اسلحہ× نقدی برآمد× مقدمہ درج× پڑھال پیٹرولنگ پولیس کے اے ایس ائی فیصل نثار نفری کے ہمراہ گشت پر تھے× راولپنڈی کی طرف سے آنے والی ایک مشکوک گاڑی DAEWOO نمبر IDK/7188 کو روک کر چیک کیا تو گاڑی میں بیٹھے تین افراد میں سے ایک ایک شخص نے وائرس سیٹ اٹھا رکھا تھا اور خود کو پولیس اہلکار ظاہر کیا۔ بعد ازاں جانچ پڑتال سے معلوم ہوا کہ ملزم محمد وقاص ولد محمد عظیم اختر سکنہ گوجرانوالہ نے جعلی پولیس اہلکار کا روپ دھار رکھا تھا جبکہ ایک اور کاروائی کے دوران گاڑی نمبری 1063-LEC/14 کو روکا گیا تو گاڑی میں سوار تین افراد میں سے ایک نوجوان جس کا نام محمد لطیف بھٹی معلوم ہوا کو اغوا برائے تاوان کی نیت سے گاڑی میں زبردستی بٹھایا گیا تھا مزید چیکنگ کے دوران محمد وقاص سے پولیس یونیفارم، وائرلیس سیٹ محمد جابر خان سے موبائل فون اور 2,000 روپے نقدی محمد اسامہ خان سے 2 موبائل فون محمد عرفان خان سے بغیر لائسنس 9MM پسٹل 2 میگزین اور 109 زندہ رونڈ صائم خان سے 2 موبائل فون محمد عرفان سے مزید 10,000 روپے اور 2 موبائل فون برامد کر کے تمام ملزمان کے خلاف تھانہ ڈھڈیال میں مقدمہ نمبر 361/25 بجرم 170، 171، 13-2(a) پنجاب آرمز ترمیمی آرڈیننس 2015، اور 347 ت پ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ عوامی حلقوں نے اس شاندار کاروائی پر پڑھال پٹرولنگ پولیس کو خراج تحسین پیش کی ہے

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی کاروائیاں جاری

زائد کرایہ وصول کرنے پر 281 کمرشل گاڑیوں کو جرمانہ، ڈرائیونگ لائسنس مہم کے تحت 2320 افراد کو لائسنس کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کاروائیوں میں مصروف عمل ہے۔ 3327 افراد کو ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ جبکہ ڈرائیونگ لائسنس مہم کے تحت 2320 افراد کو لائسنس کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ اسی طرح زائد کرایہ وصولی پر 281 کمرشل گاڑیوں کے خلاف قانونی کاروائی کرتے ہوئے 1203 افراد کو زائد کرایہ واپس کروایا گیا۔ 295 کم عمر ڈرائیور کے خلاف کاروائی کر کے کار موٹر سائیکلز بند کی گئی، چاند رات اور عید کے موقع پر 1864 موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کاروائی کی گئی ون ویلنگ کے مرتکب افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تین افراد کے خلاف ون ویلنگ کرنے پر مقدمات درج کروائے گئے۔ سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ حادثات کا بڑا سبب ٹریفک قوانین پر عمل نہ کرنا ہے کوئی بھی ڈرائیور اگر ٹریفک قوانین کی پابندی کرتے ہوئے سفر کرتا ہے تو بلاشبہ اسکا سفر محفوظ ہے۔ حادثات میں کم عمر افراد زیادہ متاثر ہوتے ہیں جسکی بڑی وجہ انکا ٹریفک قوانین سے نابلد ہونا اور کم عمری ہے ٹریفک پولیس اس بابت روزانہ کی بنیاد پر مختلف اداروں میں تدریسی عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ ٹریفک نظام کی درستگی اور شہریوں کو محفوظ سفر کی فراہمی کے لئے ٹریفک پولیس کاروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھے گی۔

گندم خرید کا چار ہزار سے زائد فی من ریٹ مختص کیا جائے: چوہدری آصف محمود

آخر کب تک کسانوں کا استحصال جاری رہے گا اب مزید سکت نہیں ہے مسلسل زیادتی اور ظلم کیا جارہا ہے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مریم نواز وعدے کے مطابق ساری گندم خرید کا چار ہزار سے زائد فی من ریٹ مختص کیا جائے آخر کب تک کسانوں کا استحصال جاری رہے گا اب مزید سکت نہیں ہے مسلسل زیادتی اور ظلم کیا جارہا ہے اگر اس بار بھی کسانوں کو ریلیف نہ دیا گیا تو خودکشی پر مجبور ہوجائیں گے کھاد اور ادویات کیلئے بھاری اخراجات برداشت کیے ہیں کم سے کم ہماری لاگت ہی پوری کر دیں ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت ضلعی چیئرمین قومی امن کمیٹی بین المذاہب ضلع شیخوپورہ چوہدری آصف محمود ڈھلوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے مزید کہا کہ چاول اور گندم ہماری اہم فصلیں ہیں لیکن بدقسمتی سے دونوں فصلوں کی کاشت کیلئے کسان اپنی جان پر کھیلتا ہے اس کے باوجود قدر نہیں کی جاتی خدارا رحم کریں اور کسانوں کو جینے دیں استحصال بند کیا جائے۔

نارووال پریس کلب نارووال جس کی بنیاد 1997 میں رکھی گئی 2001 میں باقاعدہ رجسٹرڈ کرلیا گیا

سنئیر صحافی حافظ محمد عباس صحافی شیروز احمد اور نعیم چوہدری صدر زاہد علی شاکر جنرل سیکرٹری حاجی امجد علی اور ملک محمد اشرف اور دیگر صحافیوں نے شرکت کی

ظفروال (زاہد چوہدری سے) نارووال پریس کلب نارووال جس کی بنیاد 1997 میں رکھی گئی جس کو 2001 میں باقاعدہ رجسٹرڈ کرلیا گیا جس کے بانیوں میں چوہدری ولایت اللہ بٹ مرحوم ایم حفیظ اللہ مرحوم خالد محمود بیگ ایڈووکیٹ مرحوم سید صغیر حسین شاہ اور سعید الحق ملک سرفراز احمد باجوہ اور موجود صدر پریس کلب نارووال زاہد علی شاکر تھے جسے 2024 میں ہوم ڈیپارٹمنٹ پنجاب چیریٹی کمیشن نے بطور NGO رجسٹرڈ کرتے ہوئے پورے ضلع نارووال میں بطور سول سوسائٹی کام کرنے کی اجازت دے دی گزشتہ 28 رمضان المبارک کو پریس کلب رجسٹرڈ نارووال نے اپنے ممبران اور دیگر پریس کلب سے تعلق رکھنے والے صحافیوں سمیت شکر گڑھ ظفروال سے تعلق والے دوستوں صحافیوں کے اعزاز میں عشائیہ دیا جس میں ضلع بھر سے صحافیوں نے شرکت کی ممبران پریس کلب کے علاوہ سنئیر صحافی تنویر پیرزادہ سنئیر صحافی عامر سفیر بٹ۔ سنئیر صحافی خواجہ محمد عمران بٹ سنئیر صحافی و مذہبی شخصیت عاصم حبیب سنئیر صحافی انجنئیر ندیم بٹ رانا ظہور احمد سبحانی ظفر پاشا سنئیر صحافی حافظ محمد عباس صحافی شیروز احمد اور نعیم چوہدری صدر زاہد علی شاکر جنرل سیکرٹری حاجی امجد علی اور ملک محمد اشرف اور دیگر صحافیوں نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر پریس کلب نارووال زاہد علی شاکر نے بطور NGO رجسٹریشن ہونے پر ممبران اور دوستوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے نارووال پریس کلب کی ممبر شپ کھول دی ہے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کور کمانڈرز کانفرنس دہشت گردی کے ہر صورت خاتمے کا عزم

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق آرمی چیف سید جنرل عاصم منیر کی زیر صدارت کور کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ فورم کے شرکا نے شہدا کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی اور مادر وطن کے امن واستحکام کے لئے جانیں قربان کرنے والے شہدائے افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہریوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ فورم کو خطے کی موجودہ صورتحال، قومی سلامتی کو درپیش چیلنجز اور بڑھتے ہوئے خطرات کے جواب میں پاکستان کی حکمت عملی کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔ فورم نے اس عزم کا اعادہ بھی کیا کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرنے والے ملک دشمن عناصر، سہولت کاروں اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے والوں کے ساتھ ریاست پوری طاقت سے نمٹے گی۔ کسی کو بھی بلوچستان میں امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شرکائے کانفرنس کے مطابق بلوچستان میں تمام ملکی اور غیر ملکی عناصر کا اصل چہرہ، گٹھ جوڑ اور انتشار پھیلانے اور پروان چڑھانے کی کوششیں پوری طرح سے بے نقاب ہوچکی ہیں، ایسے عناصر اور ایسی کوششیں کرنے والوں کو کسی بھی قسم کی معافی نہیں دی جائے گی۔ فورم نے نیشنل ایکشن پلان کے دائرہ کار کے تحت عزم استحکام کی حکمت عملی کے تیز اور موثر نفاذ کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستان اس وقت ایک بار پھر دہشتگردی کی زد میں ہے۔ کے پی کے سے لے کر بلوچستان تک دہشتگرد عناصر ریاستی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ یہ ایک غیر معمولی صورت حال ہے جس سے نمٹنے کے لیے غیر معمولی اقدامات درکار ہیں۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی زیر صدارت ہونے والی 268ویں کور کمانڈرز کانفرنس میں نہ صرف ملکی وعلاقائی سلامتی کا جائزہ لیا گیا بلکہ دہشتگردی کے خلاف بلاتفریق کارروائیوں کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ کانفرنس میں واضح پیغام دیا گیا کہ ملک دشمن عناصر، ان کے سہولت کاروں اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف ریاست اپنی پوری طاقت سے کارروائی کرے گی۔ خاص طور پر بلوچستان میں امن کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں کے خلاف فیصلہ کن اقدامات کی یقین دہانی کروائی گئی۔ اسی طرح نیشنل ایکشن پلان کے تحت عزم استحکام کی موثر اور تیز تر حکمت عملی پر زور بھی واضح کرتا ہے کہ عسکری قیادت دہشتگردی کے خاتمے میں پرعزم ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر خطاب بھی بروقت اور حقیقت پسندانہ تھا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں اس امر کو اجاگر کیا کہ دہشتگردوں کا کوئی مذہب یا قوم نہیں ہوتی، وہ محض پیشہ ور قاتل ہیں جن کا مقصد پاکستان میں خون کی ہولی کھیلنا اور عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔ بلاول بھٹو نے یہ حقیقت بھی بیان کی کہ دہشتگرد عناصر کبھی مذہب، کبھی علیحدگی پسندی کو جواز بنا کر ملک توڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی اس بات میں وزن ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال کر متحد ہو جائیں، کیونکہ کوئی ایک صوبہ یا ادارہ دہشتگردی جیسے عالمی چیلنج کا تنہا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ دہشتگردی کے خلاف نیشنل ایکشن پلان پر بلا تاخیر، بلاتفریق، اور بھرپور عملدرآمد کی ضرورت تو ہے ہی، نیشنل ایکشن پلان کا ازسرنو جائزہ لینا اور اسے موجودہ حالات سے ہم آہنگ کرنا بھی ناگزیر ہو چکا ہے۔ خاص طور پر دہشتگردوں کی مالی معاونت، سہولت کاری، اور بیرونی روابط کا قلع قمع کرنے کے لیے واضح پالیسی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ دہشت گردی واقعتا ناسور کی شکل اختیار کرچکی ہے۔ 11 مارچ 2025 کو جعفر ایکسپریس کے اغوا کے بعد اگر مگر اور لیکن کی کوئی گنجائش نہیں رہی۔ تمام پارٹیوں کو دہشت گردی کے خلاف اسی طرح سے متحد ہونا ہوگا جس طرح 2014 میں سانحہ اے پی ایس پشاور کے بعد اتحاد اور اتفاق نظر آیا تھا۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ تحریک انصاف کی طرف سے سانحہ جعفر ایکسپریس کے بعد قومی سلامتی کمیٹی کے پارلیمانی اجلاس میں شرکت نہیں کی گئی۔ اس کا بائیکاٹ کردیا گیا۔ تحریک انصاف کے تحفظات ہوسکتے ہیں مگر یہ اجلاس ایسے تحفظات کے اظہار کا کوئی موقع نہیں تھا۔ بلاول بھٹو زرداری کی طرف سے کہا گیا کہ ایک مرتبہ پھر کمیٹی کا اجلاس بلا لیا جائے۔ جس میں اپوزیشن یعنی تحریک انصاف بھی شامل ہو۔ وہ اجلاس ہو چکا تحریک انصاف نے اس میں شرکت نہ کرکے بڑی نادانی کی ہے۔ ایسے ہی ایک اور اجلاس کی ضرورت نہیں ہے۔ اجلاس میں بریفنگ دی جا چکی، تقاریر ہو چکیں، لائحہ عمل بھی طے کیا گیا۔ تحریک انصاف اس کی حمایت کردے تو بس وہ کافی ہوگا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ سول، عسکری، سیاسی، اور عدالتی ادارے ایک صفحے پر آئیں۔ دہشتگردی کی اس نئی لہر کو شکست دینے کے لیے سیاسی اتفاق رائے، مربوط حکمت عملی، اور عوامی حمایت نہایت اہم ہیں۔ میڈیا کو بھی چاہیے کہ وہ قومی مفاد میں عوام میں آگاہی پیدا کرے اور فرقہ واریت، نسلی یا علاقائی تعصبات کو فروغ دینے والے بیانیے کو رد کرے۔ تحریک انصاف سمیت تمام اپوزیشن جماعتوں کو بھی اب حقیقت کا ادراک کرنا ہوگا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ محض حکومت یا کسی ایک ادارے کی نہیں، بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے۔ اس جنگ میں کامیابی صرف اس صورت ممکن ہے جب ہم سب سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی سلامتی، امن اور ترقی کے لیے متحد ہوں۔ یہی وقت ہے قومی مفادات کو ترجیح دینے کا، دہشتگردوں کو شکست دینے کا، اور پاکستان کو امن واستحکام کی راہ پر گامزن کرنے کا۔ کیونکہ پاکستان کا مقدر پرامن، مستحکم اور خوشحال ریاست ہے جو صرف اور صرف ہمارے اجتماعی عزم اور عملی اقدامات سے ہی ممکن ہے۔

کھیلوں کا عالمی دن

میری بات

روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کھیلوں کا عالمی دن اپریل کی 6 تاریخ کو بھرپور شان سے منایا جاتا ہے اس دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر میں امن کے فروغ میں کھیلوں کے اہم کردار کو اجاگر کرنا ہے کھیل تمام ثقافتوں میں خیر سگالی، صحت مندانہ مقابلہ اور تعاون کے حصول کا ایک مثبت طریقہ ہے کھیلوں کا عالمی دن صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینے کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتا ہے بین الاقوامی اولمپک کمیٹی دنیا بھر میں زیادہ سے زیادہ لوگوں تک کھیلوں کی رسائی دینے پر زور دیتی ہے اور اقوام متحدہ کھیلوں کو سماجی تبدیلیوں میں اہم سمجھتا ہے اسی لیے 23 اگست 2013 کو اقوام متحدہ نے ترقی اور امن کے لیے کھیلوں کا عالمی دن ہر سال 6 اپریل کو منانے کا فیصلہ کیا تھا جو 1896 میں ایتھنز میں پہلے جدید اولمپک گیمز کے آغاز کا دن تھا اگر ہم پاکستان میں کھیلوں کا ذکر کریں تو ایک وقت تھا کہ دنیا بھر میں پاکستان کا نام صرف کھیلوں کی وجہ سے جانا اور پہچانا جاتا تھا پاکستان کا قومی کھیل ہاکی ہے ماضی میں ہم نے ہاکی میں بہت کامیابیاں حاصل کی ہیں پاکستان نے اولمپکس میں 3 گولڈ میڈل اور 4 ہاکی ورلڈ کپ جیتے ہوئے ہیں لیکن آج ہماری ہاکی نہ صرف ختم ہوگئی بلکہ برباد ہی ہو گئی ہے پاکستان ہاکی فیڈریشن کی زیادہ توجہ لڑائی جھگڑوں کی طرف ہے کس نے کیا عہدہ لینا ہے اس پر سیاست ہوتی ہے اور کھلاڑی اپنی کھیل کے ساتھ ساتھ روزگار کی فکر میں ہیں جسکی وجہ سے انکے دونوں کام ہی خراب صورتحال سے دوچار ہیں ہاکی کے علاوہ ہم سکوائش، سنوکر، کبڈی، بلائنڈ کرکٹ اور کرکٹ میں بھی ورلڈ چیمپئن رہ چکے ہیں لیکن اس وقت ہم سبھی کھیلوں سے باہر ہیں رہی بات کرکٹ کی جو پوری قوم شوق سے دیکھتی ہے اسکا بھی بیڑہ غرق ہوچکا ہے کرکٹ پر بات کرنے سے پہلے کھیلوں کے اس عالمی دن پر ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا بھر میں تقریبا 8 ہزار کھیلیں کھیلی جاتی ہیں جبکہ 200 کھیلوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے ہمارے ہاں گنتی کی چند کھیلیں ہیں جو کہیں نہ کہیں اب بھی کھیلی جارہی ہیں ان میں والی بال، ٹینس، باکسنگ، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، گلی ڈنڈا، پٹھو گرم، کانچے، کوکو، ملھ پہلوانی (مڈ ریسلنگ) اور نیزہ بازی شامل ہے رہی بات کرکٹ کی جو مسلسل بدنامی کا باعث بن رہی ہے اس وقت ہماری کرکٹ ٹیم نیوزی لینڈ میں مسلسل ہار رہی ہے جس پر ڈاکٹر انعام الحق جاوید، ڈاکٹر طاہر شہیر اور محمد عارف کی کرکٹ پر مزاحیہ شاعری یاد آگئی انکی شاعری پڑھنے کے بعد مزید کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں رہتی کیونکہ وہ سب کچھ شاعری کی زبان میں خوبصورتی سے بیان کردیا گیا ہے جو پوری قوم کی آواز ہے سب سے پہلے ڈاکٹر انعام الحق جاوید صاحب کی زبانی ایک نجومی کا چیئرمین کرکٹ بورڈ کو مشورہ پڑھ لیں

آپکی کرکٹ ٹیم کبھی بھی نہ ہارے گی
چاہے زحل اور مشتری یک جا ہو جائیں
لیکن اس کے لیے بس عرض ہے اتنی سی
انکو کرکٹ میچ کبھی مت کھلائیں۔

ڈاکٹر طاہر شہیر نے اپنی نظم میں پوری کرکٹ ٹیم کا جو نقشہ کھینچ ڈالا وہی پوری قوم کی آواز ہے اب اس نظم کا مزہ لیں

سب سے ہلکی ثابت ہو یا سب کے اوپر بھاری
پوری ایک نمونہ ہے یہ کرکٹ ٹیم ہماری
ساری دنیا میں نہ ہوں گے جیسے پلیئر ہمارے
90 پہ ایک آؤٹ نہیں تھا 110 میں سارے
میچ میں کس نے چلنا ہے یہ کچھ بھی سمجھ نہ آئے
40 پہ ہوں 8 آوٹ عامر ففٹی کر جائے
انکی بیٹنگ یوں ہی ہے کہ ایہہ آئے او چلے
ان چٹ انکے بیٹ رہیں اور زیرو میٹر بلے
اور اس خاطر بھی ہے جلدی سے سلپ میں کیچ پھڑانا
یہاں سے فارغ ہو کر انکو شاپنگ پہ ہے جانا
لیٹ ہوئے تو وہی بلا بیگم پھڑ سکتی ہے
گھر کی تو روٹین ہے باہر بھی چھیتی پڑ سکتی ہے
اور ماتھے سے ماتھا بولر بھی لا دے ان کو نکرے
بیٹنگ کرتے ہی آنکھوں میں کیوں پڑ جاتے ہیں ککرے
فاسٹ سپنر سب کے آگے ان پہ ہیبت طاری
پوری ایک نمونہ ہے یہ کرکٹ ٹیم ہماری
ان کی ہیٹرک کا مطلب ہے اس انداز سے کھیلیں
تین مسلسل گیندوں میں ہر گیند پہ سنگل لے لیں
اور ان کا ہر انداز نرالا ایسے ہیں شہزادے
سینچری کا مطلب بالر نے پورے 100 رنز کھا دے
اور باؤلنگ کی تو بات ہی چھوڑو ایسی گیندیں سٹیں
ایک اوور میں ساہ چڑھ جائے ایسے تھکے ٹٹے
لاسٹ کھلاڑی سے بھی اکثر چوکے چھکے کھائیں
وکٹیں ہیں مشرق میں تو مغرب میں گیند کرائیں
اور باؤلرز کا ہے ہے اکثر جتنا مسل پل ہو جائے
اتنے تو شہباز شریف نے بھی نہیں پل بنائے
توبہ ہے جو باؤلر اپنے باؤلنگ کریں معیاری
پوری ایک نمونہ ہے یہ کرکٹ ٹیم ہماری
میں تو کہتا ہوں کہ اب کچھ وکھری سوچ لڑاؤ
ایک سے کام نہیں بنتا ہیں 25 کوچ لگاؤ
بولنگ بیٹنگ فیلڈنگ کا تو ہے ہی کوچ علیحدہ
ٹاس سکھائے ان کو رکھو وہ بھی کوچ علیحدہ
اور کوچوں کو سکھلائے آکر کوچنگ کوچ علیحدہ
ایک ایک پلیئر کو چاہیے اپنا میچنگ کوچ علیحدہ
پوری فلائنگ کوچ بھرے بس اتنے رکھو فوری
باہر سے بھی کوچوں کی بھر کے منگوا لو بوری
اور جتنے مرضی کوچ لگا دکھاتا ہے سرکاری
پوری ایک نمونہ ہے یہ کرکٹ ٹیم ہماری
فیلڈنگ کا تو کچھ نہ پوچھو حال کیا جو سب نے
ہاتھوں پر جیسے سرسوں کا تیل ملا ہو سب نے
جھک کر گیند نہیں پکڑتے کہ مہرے ہل نہ جائیں
ڈائی لگانے سے ڈرتے ہیں گوڈے چھل نہ جائیں
اور ان کی اس حرکت پہ ساڈا خون ایویں نہیں سڑدا
کیچ پھڑے ایسے جیسے انا ہو تتلی پھڑدا
مس فیلڈنگ سے رن دینا بھی ان کی ریت ہو
جیسے گیند کو نہیں یہ ہاتھ لگاتے گیند پلید ہو جیسے
یہ بھی ڈر ہے اچھا کھیلے کچھ عزت نہیں رہنی
مین آف میچ بنا تو اس کو انگلش بولنی پینی
کئی دفعہ انگلش کے ڈر سے ٹیم ہے اپنی ہاری
پوری ایک نمونہ ہے ہی کرکٹ ٹیم ہماری

اب مزاح نگار محمد عارف کی شاعری بھی پڑھ لیں جنہوں نے قومی کرکٹ ٹیم کو چار چاند لگا دیے

کیسے ممکن ہے ہم سری اپنی
کھیل کرکٹ کا بیسٹ کھیلتے ہیں
اس سے بڑھ کر ثبوت کیا ہوگا
ٹی ٹونٹی میں ٹیسٹ کھیلتے ہیں

اس کے برعکس پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم کی کارکردگی قابل تحسین رہی ہے حال ہی میں پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹیم نے بنگلہ دیش کو دس وکٹوں سے شکست دے کر اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ بھی جیت لیا ہے اس کامیابی نے ثابت کیا ہے کہ یہ ٹیم بھی کسی سے کم نہیں ہے اس ٹیم کے کھلاڑیوں نے اپنی محنت اور لگن سے ثابت کیا ہے کہ اگر انسان میں جذبہ اور حوصلہ ہو تو کوئی بھی معذوری اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی ہمیں اپنی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ان کھلاڑیوں سے سیکھنا چاہیے جنہوں نے بغیر کسی سہولت اور معذوری کے ساتھ تین ورلڈ کپ جیت رکھے ہیں کاش ہمارے بلائنڈ کھلاڑیوں کو بھی قومی کرکٹ ٹیم کے برابر نہ سہی ان سے آدھی مراعات ہی دے دی جائیں۔

اپنی زنجیریں ہمیں خود توڑنا ہوں گی



برملا

نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

پاکستان جیسے ملک بھی تیسری دنیا کا حصہ تصور ہوتے تھے۔ آبادی کے اعتبار سے دنیا میں تقریبا اکثریت کی حامل یہ دنیا خود کو سرمایہ دار اور کیمونسٹ کیمپوں سے الگ سمجھتی تھی۔ سامراج کی غلامی سے آزادی کے بعد بھی لیکن ان ممالک کی حکمران اشرافیہ کو سرد جنگ کے دوران مذکورہ بالا کیمپوں میں سے کسی ایک کا ساتھ دینا ضروری تھا۔ یہ ساتھ ملک میں استحکام اور خوشحالی کی خاطر جائز ٹھہرایا جاتا۔ ہماری حکمران اشرافیہ نے 1950 کی دہائی کا آغاز ہوتے ہی امریکہ کا بغل بچہ بننے کی ٹھان لی۔ بات چلی تو بالآخر فیلڈ مارشل ایوب خان کے اکتوبر 1958 میں لائے انقلاب پر ختم ہوئی۔ اقتدار سنبھالنے کے بعد فوجی آمر نے صدارتی نظام کے نفاذ کے لئے 1962 کا آئین مسلط کیا۔ یہ وہی دستور تھا جس کو میں نہیں مانتا کہتے ہوئے حبیب جالب پولیس کی لاٹھیوں اور جیلوں کا سامنا کرتے رہے۔ دس برس تک نافذ رہنے کے بعد اس دستور کے خالق ایوب خان نے عوامی تحریک کے ہاتھوں استعفیٰ دینے کا فیصلہ کیا تو اقتدار اس وقت کی قومی اسمبلی کے سپیکر کے حوالے کرنے کے بجائے جنرل یحییٰ کو ایک اور مارشل لا لگانے کی دعوت دے دی۔ وہ بھی اپنے پیشرو کی طرح پاکستان کو کم از کم ایک دہائی تک رہ نمائی فراہم کرنا چاہتے تھے۔ بالغ رائے دہی کی بنیاد پر لیکن پہلے عام انتخاب کروانے کو مجبور ہوئے۔ اپنی ہی نگرانی میں کروائے انتخاب کے نتائج کو البتہ تسلیم نہ کیا اور ملک دولخت ہوگیا۔ مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بنا تو بقیہ پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کے سپرد ہوا۔ انہوں نے 1973 کا متفقہ آئین دیا۔ آرٹیکل 6 کے ہوتے ہوئے بھی بھٹو کا بنایا آئین جنرل ضیا کے جولائی 1977 میں لگائے مارشل لا کا نفاذ روک نہ پایا۔ مارشل لا لگانے کے باوجود جنرل ضیا نے اگرچہ 1973 کے آئین کو تاریخ کے کوڑے دان میں نہیں پھینکا۔ منسوخ کرنے کے بجائے اسے ملک میں استحکام وخوشحالی کے حصول کے لئے کامل 8 برس تک معطل رکھا۔ معطل شدہ آئین میں لیکن ترامیم متعارف ہوتی رہیں۔ جو ترامیم فوجی آمر نے اپنی سہولت کی خاطر مسلط کیں انہیں 1985 کے انتخاب میں غیر جماعتی بنیادوں پر قائم ہوئی قومی اسمبلی نے برقرار رکھا۔ صدر کو منتخب اسمبلی توڑنے کا خصوصی اختیار آٹھویں ترمیم کی صورت 73 کے آئین کا حصہ بن گیا۔ آٹھویں ترمیم کو 2008 میں ایک اور فوجی آمر جنرل مشرف کے استعفیٰ کے بعد اٹھارہویں ترمیم نے ختم کیا۔ اٹھارہویں ترمیم بھی لیکن ہماری حکمران اشرافیہ کو مطمئن نہ کر پائی۔ ملک کو استحکام دینے کی خاطر بتدریج ہم آئین میں 26 ویں ترمیم تک پہنچ چکے ہیں۔ اس کے نتیجے میں جو نظام قائم ہوا ہے اسے ہائی برڈ کہا جاتا ہے۔ کار کی وہ قسم جو پٹرول کے علاوہ بیٹری سے بھی چلائی جاسکتی ہے۔ میں ابھی تک یہ طے نہیں کر پایا کہ موجودہ نظام کا پٹرول پارلیمان ہے یا ریاست کے چند دائمی ادارے۔ گاڑی مگر چل رہی ہے اور ہم ہائی برڈ حکومتی بندوبست کو پارلیمانی جمہوریت پکارنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتے۔ بات مگر تیسری دنیا سے شروع ہوئی تھی۔ مذکورہ اصطلاح ان دنوں مستعمل نہیں رہی۔ غالبا سوویت کیمپ کا خاتمہ اس کی کلیدی وجہ ہے کیونکہ چین کے ہاں جو کیمونزم ہے اسے ہمارا یار دیگر ممالک پر مسلط کرنے سے باز رہتا ہے۔ نظام ہمارے ہاں صدارتی ہو یا پارلیمانی، مارشل لا سے ہائی برڈ ہوتے ہوئے یہ آزادی اظہار نامی شے کو محدود سے محدود تر کرتا چلا گیا ہے۔ سوویت یونین کی قیادت میں قائم کیمپ کے ہوتے ہوئے ہم جمہوریت کے چیمپئن بنے امریکہ کے اتحادی ہوتے ہوئے بھی اپنی اشرافیہ کے لئے بے زبان رعایا کی مانند رہے۔ خبر جاننے کے لئے بی بی سی ریڈیو کی اردو سروس کا جنرل ضیا کے مارشل لا کے دوران بے تابی سے انتظار رہتا۔ اس کا سیربین نامی پروگرام جمہوری نظام کے لئے جدوجہد کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا محسوس ہوتا۔ بی بی سی ریڈیو کے علاوہ ٹی وی بھی ہوا تو جنرل ضیا اور جنرل مشرف کا سرپرستانہ مربی ہوتے ہوئے بھی برطانیہ نے اس سرکاری طور پر چلائے نشریاتی ادارے کو پاکستان کے حقائق بیان کرنے سے نہیں روکا۔ ہمارے دلوں میں جمع ہوئی مایوسی اور بھڑاس کے لئے بی بی سی نے ہارڈ ٹاک نامی ایک اور پروگرام بھی متعارف کروایا۔ گزشتہ 30 برسوں سے یہ پاکستان ہی نہیں آمروں کی زد میں رہے تیسری دنیا کے کئی سلطانوں کو سٹوڈیو میں بلوا کر سخت ترین سوالات اٹھاتا رہا۔ تیسری دنیا کی رعایا اپنی اشرافیہ کی بی بی سی کے ہاتھوں بے عزتی سے خوش ہوجاتی۔ ہارڈ ٹاک کا میزبان ان دنوں سٹیفن ساکور نامی اینکر تھا۔ اس کی عمر 61 سال ہے۔ کیمرج یونیورسٹی میں تاریخ کا طالب علم رہا ہے۔ اپنے مہمانوں کو استغاثہ کے وکیل کی طرح رگڑنے کی مہارت سے مالا مال ہے۔ اس کے پروگرام کو دنیا کے 200 ملکوں میں سات کروڑ لوگوں کے قریب اوسطا دیکھا کرتے تھے۔ بی بی سی نے 30 سال تک جاری رہے اس مقبول ترین پروگرام کو مگر مارچ 2025 میں بند کردیا گیا ہے۔ وجہ اس کی معاشی دباؤ بتائی گئی ہے جو بی بی سی جیسا ادارہ بھی سوشل میڈیا کے موجودہ دور میں شدت سے محسوس کرنے کا دعوی کررہا ہے۔ اس سے قبل امریکی صدر ٹرمپ نے بھی وائس آف امریکہ کو امریکی سرمایے کا زیاں ٹھہراتے ہوئے بند کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ ٹرمپ کا فیصلہ سمجھ میں آتا ہے مگر برطانیہ میں طویل عرصے بعد لیبر پارٹی اپنے ہاں کے قدامت پرستوں کو شکست دے کر اقتدار میں لوٹی ہے۔ اس سے بی بی سی جیسے اداروں کے حکمرانوں کو جوابدہ بنانے والے پروگرام بند کرنے کی توقع میری عمر کے صحافی سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ ہارڈ ٹاک مگر بند کردیا گیا ہے۔ تاریخ کا ادنی طالب علم ہوتے ہوئے ٹرمپ کی جانب سے وائس آف امریکہ کی کامل بندش اور بی بی سی جیسے اداروں کی جانب سے ہارڈ ٹاک جیسے پروگراموں کے خاتمے کا فیصلہ مجھے یہ سوچنے کو مجبور کررہا ہے کہ امریکہ اور برطانیہ کی اشرافیہ اب جمہوری نظام کی برکات ہم جیسے سلطانوں کے عادی ممالک کے دل ودماغ میں بٹھانے کو تیار نہیں۔ ایک زمانہ تھا جب جمہوریت اور انسانی حقوق کی خواہ دکھاوے کی محبت ہی سہی گورے کا تاریخی جبر (White Man's Burden) شمار ہوتا تھا۔ زمانہ مگر اب بدل گیا ہے۔ ٹرمپ ہو یا سرمایہ دارانہ ممالک کا کوئی اور رہ نما، سیاسی طور پر مختلف رائے رکھتے ہوئے بھی اب اس امر پر متفق ہیں کہ ہم جیسے پسماندہ ملکوں کو مہذب بنانا ان کا ذمہ نہیں رہا۔ پاکستان جیسے ملکوں کی رعایا کو ان کے حال پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ بری خبر ہونے کے باوجود وسیع تر تناظر میں اسے میں اچھی خبر سمجھتا ہوں۔ ہم واقعتا آزادی اظہار کے متمنی ہیں تو اس کا وسیلہ وائس آف امریکہ اور بی بی سی کیوں ہوں؟ اپنی زنجیریں ہمیں خود ہی توڑنا ہوں گی۔ پاکستان جیسے ملک بھی تیسری دنیا کا حصہ تصور ہوتے تھے۔ آبادی کے اعتبار سے دنیا میں تقریبا اکثریت کی حامل یہ دنیا خود کو سرمایہ دار اور کیمونسٹ کیمپوں سے الگ سمجھتی تھی۔ سامراج کی غلامی سے آزادی کے بعد بھی لیکن ان ممالک کی حکمران اشرافیہ کو سرد جنگ کے دوران مذکورہ بالا کیمپوں میں سے کسی ایک کا ساتھ دینا ضروری تھا۔ یہ ساتھ ملک میں استحکام اور خوشحالی کی خاطر جائز ٹھہرایا جاتا۔ ہماری حکمران اشرافیہ نے 1950 کی دہائی کا آغاز ہوتے ہی امریکہ کا بغل بچہ بننے کی ٹھان لی۔ بات چلی تو بالآخر فیلڈ مارشل ایوب خان کے اکتوبر 1958 میں لائے انقلاب پر ختم ہوئی۔ اقتدار سنبھالنے کے بعد فوجی آمر نے صدارتی نظام کے نفاذ کے لئے 1962 کا آئین مسلط کیا۔ یہ وہی دستور تھا جس کو میں نہیں مانتا کہتے ہوئے حبیب جالب پولیس کی لاٹھیوں اور جیلوں کا سامنا کرتے رہے۔ دس برس تک نافذ رہنے کے بعد اس دستور کے خالق ایوب خان نے عوامی تحریک کے ہاتھوں استعفیٰ دینے کا فیصلہ کیا تو اقتدار اس وقت کی قومی اسمبلی کے سپیکر کے حوالے کرنے کے بجائے جنرل یحییٰ کو ایک اور مارشل لا لگانے کی دعوت دے دی۔ وہ بھی اپنے پیشرو کی طرح پاکستان کو کم از کم ایک دہائی تک رہ نمائی فراہم کرنا چاہتے تھے۔ بالغ رائے دہی کی بنیاد پر لیکن پہلے عام انتخاب کروانے کو مجبور ہوئے۔ اپنی ہی نگرانی میں کروائے انتخاب کے نتائج کو البتہ تسلیم نہ کیا اور ملک دولخت ہوگیا۔ مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بنا تو بقیہ پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کے سپرد ہوا۔ انہوں نے 1973 کا متفقہ آئین دیا۔ آرٹیکل 6 کے ہوتے ہوئے بھی بھٹو کا بنایا آئین جنرل ضیا کے جولائی 1977 میں لگائے مارشل لا کا نفاذ روک نہ پایا۔ مارشل لا لگانے کے باوجود جنرل ضیا نے اگرچہ 1973 کے آئین کو تاریخ کے کوڑے دان میں نہیں پھینکا۔ منسوخ کرنے کے بجائے اسے ملک میں استحکام وخوشحالی کے حصول کے لئے کامل 8 برس تک معطل رکھا۔ معطل شدہ آئین میں لیکن ترامیم متعارف ہوتی رہیں۔ جو ترامیم فوجی آمر نے اپنی سہولت کی خاطر مسلط کیں انہیں 1985 کے انتخاب میں غیر جماعتی بنیادوں پر قائم ہوئی قومی اسمبلی نے برقرار رکھا۔ صدر کو منتخب اسمبلی توڑنے کا خصوصی اختیار آٹھویں ترمیم کی صورت 73 کے آئین کا حصہ بن گیا۔ آٹھویں ترمیم کو 2008 میں ایک اور فوجی آمر جنرل مشرف کے استعفیٰ کے بعد اٹھارہویں ترمیم نے ختم کیا۔ اٹھارہویں ترمیم بھی لیکن ہماری حکمران اشرافیہ کو مطمئن نہ کر پائی۔ ملک کو استحکام دینے کی خاطر بتدریج ہم آئین میں 26 ویں ترمیم تک پہنچ چکے ہیں۔ اس کے نتیجے میں جو نظام قائم ہوا ہے اسے ہائی برڈ کہا جاتا ہے۔ کار کی وہ قسم جو پٹرول کے علاوہ بیٹری سے بھی چلائی جاسکتی ہے۔ میں ابھی تک یہ طے نہیں کر پایا کہ موجودہ نظام کا پٹرول پارلیمان ہے یا ریاست کے چند دائمی ادارے۔ گاڑی مگر چل رہی ہے اور ہم ہائی برڈ حکومتی بندوبست کو پارلیمانی جمہوریت پکارنے میں کوئی شرم محسوس نہیں کرتے۔ بات مگر تیسری دنیا سے شروع ہوئی تھی۔ مذکورہ اصطلاح ان دنوں مستعمل نہیں رہی۔ غالبا سوویت کیمپ کا خاتمہ اس کی کلیدی وجہ ہے کیونکہ چین کے ہاں جو کیمونزم ہے اسے ہمارا یار دیگر ممالک پر مسلط کرنے سے باز رہتا ہے۔ نظام ہمارے ہاں صدارتی ہو یا پارلیمانی، مارشل لا سے ہائی برڈ ہوتے ہوئے یہ آزادی اظہار نامی شے کو محدود سے محدود تر کرتا چلا گیا ہے۔ سوویت یونین کی قیادت میں قائم کیمپ کے ہوتے ہوئے ہم جمہوریت کے چیمپئن بنے امریکہ کے اتحادی ہوتے ہوئے بھی اپنی اشرافیہ کے لئے بے زبان رعایا کی مانند رہے۔ خبر جاننے کے لئے بی بی سی ریڈیو کی اردو سروس کا جنرل ضیا کے مارشل لا کے دوران بے تابی سے انتظار رہتا۔ اس کا سیربین نامی پروگرام جمہوری نظام کے لئے جدوجہد کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتا محسوس ہوتا۔ بی بی سی ریڈیو کے علاوہ ٹی وی بھی ہوا تو جنرل ضیا اور جنرل مشرف کا سرپرستانہ مربی ہوتے ہوئے بھی۔

صحت کا عالمی دن اور مریم نواز کے تاریخی اقدامات



نظر کے سامنے

ڈاکٹر جمشید نظر
nazarjamshaid@gmail.com

صحت جسے دوسرے لفظوں میں تندرستی بھی کہا جاتا ہے، دو الفاظ ''تن'' اور ''درستی'' کا مرکب ہے جس سے مراد انسانی جسم کی وہ کیفیات ہیں جو معمول کے مطابق ہوں یعنی ذہنی اور جسمانی تندرستی۔ جسمانی تندرستی سے مراد ظاہری اور پوشیدہ تندرستی ہے، بہت سے ایسے افراد بھی ہوتے ہیں جو ظاہری طور پر صحت مند نظر آتے ہیں لیکن اندرونی طور پر وہ بہت بیمار اور لاغر ہوتے ہیں، انھیں طرح طرح کی بیماریاں لاحق ہوتی ہیں جو دوسروں کو نظر نہیں آتیں۔ اگر جائزہ لیا جائے تو پاکستان سمیت دیگر ترقی پذیر ممالک میں صحت مند زندگی گذارنے والے افراد کی شرح بہت کم ہے۔ آپ اپنے اردگرد کسی سے بھی پوچھ لیں ہر کوئی کسی نہ کسی ظاہری یا اندرونی بیماری کا شکار ہے۔ زیادہ تر افراد ذیابیطس، گھٹنوں اور جسمانی دردوں، کولیسٹرول، بلڈ پریشر، موٹاپا وغیرہ کا شکار ہوتے ہیں جس کی بنیادی وجہ کھانے پینے میں بے احتیاطی اور بے ہنگم طرز زندگی ہے۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ صرف اچھا کھانا پینا یا اچھا پہننا ہی صحت مند زندگی کا نام نہیں بلکہ اچھی صحت کا دارومدار مثبت ذہن، مثبت شخصیت اور صحت مند طرز زندگی پر منحصر ہے۔ اگر ہمارا ذہن، ہماری شخصیت اور طرز زندگی مثبت نہیں ہوگا تو اچھی صحت کا حصول ناممکن ہے۔ صحت مند زندگی کا شعور بیدار کرنے کے لئے ہر سال اقوام متحدہ کے زیراہتمام صحت کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ اصحت کا عالمی دن پہلی مرتبہ اقوام متحدہ کے ادارے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے قیام کے بعد 7 اپریل 1948 کو دن منایا گیا تھا۔ اچھی صحت کی ترغیب دینے کے لئے ہر سال مختلف بیماریوں کے حوالے سے الگ الگ عالمی دن بھی منائے جاتے ہیں لیکن صحت کا عالمی دن ان تمام بیماریوں سے محفوظ رہنے اور صحت مند طرز زندگی گذارنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اس سال صحت کے عالمی دن کا موضوع ماں اور بچے کی صحت کی مناسبت سے رکھا گیا ہے، تھیم ہے ''صحت مند آغاز، پرامید مستقبل''۔ یہ موضوع اس لئے رکھا گیا ہے کہ اگر ماں اور بچہ صحت مند ہوں گے تو صحت مند معاشرہ تشکیل پاسکے گا۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق ہر سال تقریبا تین لاکھ خواتین حمل یا بچے کی پیدائش کے دوران اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں جبکہ 20 لاکھ سے زائد بچے اپنی عمر کے پہلے مہینہ میں مر جاتے ہیں اور تقریبا 20 لاکھ بچے مردہ پیدا ہوتے ہیں اس طرح تقریبا ہر سیکنڈ میں ایک موت ہورہی ہے۔ اس سال اقوام متحدہ کا ذیلی ادارہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن اس بات پر زور دے رہا ہے کہ ماں صحت مند اور اس قابل ہونی چاہیئے کہ وہ صحت مند بچے کو جنم دے سکے۔ جدید تحقیق میں اس بات کی تصدیق ہوچکی ہے کہ انسانی صحت کا تعلق صرف جسم اور دماغ سے ہی نہیں بلکہ ہمارے لائف سٹائل سے بھی ہے۔ مشی گن یونیورسٹی کی ایک حالیہ تحقیق کے مطابق جسمانی صحت اور تندرستی کا تعلق ہمارے روزمرہ کے طرز زندگی سے ہوتا ہے جسے ہم بہتر بنا کر جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ دل اور دماغ کو بھی مختلف بیماریوں سے بچا سکتے ہیں۔ اسی طرح برطانیہ میں ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق صحت مند زندگی گزارنے والے افراد میں تشدد پسندی کا رجحان کم ہوجاتا ہے۔ صحت مند طرز زندگی دماغی کارکردگی میں اضافے کے ساتھ ساتھ زندگی کے مختص کئے ہوئے مقاصد کو بھی حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ صحت مند زندگی کے فروغ کے لئے صحت کی سہولتوں کا ہونا بھی ضروری ہے۔ صحت کی مناسب سہولتیں نہ ملنے کی وجہ سے نہ صرف بیمار افراد موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں بلکہ وہ دیگر صحت مند افراد کو بھی مختلف بیماریوں میں مبتلا کردیتے ہیں۔ صحت کی سہولتوں کی فراہمی کے سلسلے میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے تاریخی اور بنیادی اقدامات کئے ہیں۔ صحت مند پنجاب ویژن کے تحت ہیلتھ ریفارمز پروگرام، عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے کلینک آن ویلز، سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات، مریضوں کے گھروں تک ادویات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن اور ری ویمپنگ، ہیلتھ کارڈ کا اجراء، مریم نواز ہیلتھ سروسز، دیہی و بنیادی مراکز صحت کی بحالی، ایئر ایمبولینس، موٹروے ایمبولینس، لاہور سے آلودگی اور سموگ کے خاتمہ کے لئے خصوصی پروگرام، چیف منسٹر چلڈرن ہارٹ سرجری، چیف منسٹر ڈائیلسز پروگرام، چیف منسٹر انٹی ایٹو ٹرانسپلانٹ پروگرام، طلباء کی فری سکریننگ، انھیں عینک اور ہیئرنگ ایڈ کی مفت فراہمی، آٹزم کے شکار بچوں کے لئے لاہور میں پہلے سرکاری سکول کا قیام، بالغ افرد کے لئے مفت ہارٹ سرجری، جگر امپلانٹ اور ڈائیلسز، کینسر کے مریضوں کے مفت علاج کے لئے لاہور اور سرگودھا میں نواز شریف کینسر انسٹی ٹیوٹس کا قیام اور بے شمار ایسے اقدامات ہیں جن کا ذکر ایک کالم میں نہیں کیا جاسکتا اس کے علاوہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خود بھی ہسپتالوں کے اچانک دورے کررہی ہیں ان کی ٹیم میں شامل صوبائی وزراء مریم اورنگزیب، خواجہ سلمان رفیق اور عمران نذیر بھی ہسپتالوں کے اچانک دورے کرکے مریضوں کی دادرسی اور سہولتوں کی بہتری کے لئے کام کررہے ہیں۔ پنجاب حکومت کی جانب سے صحت کی سہولتوں کی فراہمی کے ساتھ ساتھ عوام کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ صحت مند معاشرے کے فروغ کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، نیند پوری کریں، بسیار خوری سے بچیں، صاف ستھرے رہیں، ایکسر سائز، جاگنگ کریں اور ہیلتھی فوڈز استعمال کریں اگر غور کریں تو ہمارا دین اسلام بھی ہمیں یہی کچھ سکھاتا ہے، اچھی صحت پانا چاہتے ہیں تو دین اسلام کی بتائی ہوئی باتوں پر ہی عمل کریں۔

وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کا دبنگ ایکشن



نقطہ نظر

کالم نگار
محمد شہزاد بھٹی
shehzadbhatti323@gmail.com

وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کا جس طرح اپنی پارٹی پاکستان مسلم لیگ ن کو ٹی وی ٹاک شوز، پریس کانفرنسوں میں ڈیفینڈ کرنے میں اور پارٹی کا موقف جاندار طریقے سے پیش کرنے میں اور مخالفین کی چھترول کرنے میں کوئی ثانی نہیں اسی طرح وہ اپنی کارکردگی میں بھی اپنی مثال آپ ہیں۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کا رواں ہفتے رات گئے دبنگ ایکشن لاہور کے مختلف تھیٹرز پر اچانک چھاپے مارے، جن میں محفل تھیٹر، پرنس تھیٹر اور تماثیل تھیٹر شامل ہیں۔ اس دوران انہوں نے کیفے ٹیریا، ڈریسنگ رومز اور ہالز کا نہ صرف تفصیلی جائزہ لیا بلکہ ناقص صفائی اور انتظامی بدانتظامیوں پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور اسٹیج ڈراموں میں غیر اخلاقی گانوں اور فنکاروں کے نامناسب لباس پر ان کی سرزنش کی اور کہا کہ پنجاب کے تھیٹرز میں کسی کو بیہودگی اور بے حیائی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس موقع پر معروف اداکار ساجن عباس، اداکارہ نیلی، صائمہ خان، نایاب خان اور سونو بٹ کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ ا؟ئندہ اگر کسی فنکار نے طے شدہ ایس او پیز کی خلاف ورزی کی تو اس پر تاحیات پابندی عائد کردی جائیگی، اس کے علاوہ تمام تھیٹرز مالکان کو ایس او پیز کی پابندی کرنے کی ہدایت کی، خلاف ورزی کی صورت میں شوکاز نوٹسز، جرمانے اور آخرکار لائسنس کینسل کر دیئے جائیں گے۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے پنجاب ا؟رٹس کونسل کے افسروں کے کام کے طریقہ کار کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیا اور کہا کہ تھیٹرز کے ماحول کو بہتر بنانے کیلئے تمام متعلقہ افراد کو اپنی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا کہ میں کسی کا روزگار ختم نہیں کرنا چاہتی لیکن جو لوگ تھیٹرز کا ماحول خراب کررہے ہیں، وہ پنجاب میں مزید کام نہیں کرسکیں گے۔ یاد رہے، ایک وقت تھا جب اسٹیج ڈرامے پاکستانی تہذیب وثقافت کی نہ صرف شاندار مثال ہوا کرتے تھے بلکہ یہ بات یہ ایک ایسا پلیٹ فارم تھا جو نہ صرف عوام کو تفریح فراہم کرتا بلکہ سماجی مسائل کو طنزومزاح کے پیرائے میں پیش کرکے اصلاح معاشرہ کا ذریعہ بھی بنتا تھا۔ آج اگر ہم بات کریں پاکستان کی تو افسوس صد افسوس! آج کے اسٹیج پر پیش کیے جانے والے ڈرامے اخلاقی گراوٹ کی عملی تصویر بن چکے ہیں، ہمارے تھیٹرز نے تو بےحیائی کے تمام ریکارڈز توڑ دیئے ہیں نیم برہنہ غیر اخلاقی حرکات پر مشتمل ڈانس کرنے والی ڈانسروں نے نوجوان نسل کو اپنی طرف مائل کرکے دعوت گناہ دینا شروع کردی۔ گالی گلوچ، گندی بیہودہ جگتیں سرعام بیحیائی عروج پر ہے، جس سے نوجوان نسل تباہ ہورہی ہے۔ آج جب کوئی شخص اہل خانہ کے ساتھ اسٹیج ڈرامہ دیکھنے کا ارادہ کرتا ہے تو سب سے پہلا سوال یہی اس کے ذہن میں آتا ہے کیا یہ ڈرامہ فیملی کے ساتھ دیکھنے کے قابل ہے یا نہیں؟ بدقسمتی سے اس کا جواب زیادہ تر "نہیں" ہوتا ہے کیونکہ ان کے پاس کوئی سکرپٹ یا اسٹوری ہی نہیں ہوتی، اس لیے ان کی زبان شتر بے مہار کی طرح چلتی ہے جو منہ میں الٹا سیدھا آیا بک دیا یعنی گالی گلوچ، گندی بیہودہ جگتیں، نازیبا حرکات اور انسانیت کی تذلیل ہی ان کا کام ہے۔ جب تھیٹر کو صرف آمدن کا ذریعہ بنالیا جائے اور اس میں معیار کے بجائے بازاری پن کو اہمیت دی جائے تو پھر یہ معاشرتی بگاڑ ہی جنم لیتا ہے۔ ایسے حالات میں وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کا تھیٹرز سے برائی اور بے حیائی کے خاتمے کے لیے دبنگ ایکشن قابل تعریف ہے انہوں نے تھیٹر مالکان کو تاکید کی کہ وہ اچھے اور معیاری موضوعات پر مبنی ڈرامے پیش کریں تاکہ عوام کو صحت مند تفریح میسر ا؟ سکے۔ تھیٹروں سے فحاشی کے خاتمے کے لیے حکومت پنجاب کی طرف سے 80 سے زائد غیر اخلاقی پنجابی گانوں پر پابندی لگانا بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اللہ کریم ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کا جس طرح اپنی پارٹی پاکستان مسلم لیگ ن کو ٹی وی ٹاک شوز، پریس کانفرنسوں میں ڈیفینڈ کرنے میں اور پارٹی کا موقف جاندار طریقے سے پیش کرنے میں اور مخالفین کی چھترول کرنے میں کوئی ثانی نہیں اسی طرح وہ اپنی کارکردگی میں بھی اپنی مثال آپ ہیں۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری کا رواں ہفتے رات گئے دبنگ ایکشن لاہور کے مختلف تھیٹرز پر اچانک چھاپے مارے، جن میں محفل تھیٹر، پرنس تھیٹر اور تماثیل تھیٹر شامل ہیں۔ اس دوران انہوں نے کیفے ٹیریا، ڈریسنگ رومز اور ہالز کا نہ صرف تفصیلی جائزہ لیا بلکہ ناقص صفائی اور انتظامی بدانتظامیوں پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور اسٹیج ڈراموں میں غیر اخلاقی گانوں اور فنکاروں کے نامناسب لباس پر ان کی سرزنش کی اور کہا کہ پنجاب کے تھیٹرز میں کسی کو بیہودگی اور بے حیائی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس موقع پر معروف اداکار ساجن عباس، اداکارہ نیلی، صائمہ خان، نایاب خان اور سونو بٹ کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ ا؟ئندہ اگر کسی فنکار نے طے شدہ ایس او پیز کی خلاف ورزی کی تو اس پر تاحیات پابندی عائد کردی جائیگی، اس کے علاوہ تمام تھیٹرز مالکان کو ایس او پیز کی پابندی کرنے کی ہدایت کی، خلاف ورزی کی صورت میں شوکاز نوٹسز، جرمانے اور آخرکار لائسنس کینسل کر دیئے جائیں گے۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے پنجاب ا؟رٹس کونسل کے افسروں کے کام کے طریقہ کار کو بھی غیر تسلی بخش قرار دیا اور کہا کہ تھیٹرز کے ماحول کو بہتر بنانے کیلئے تمام متعلقہ افراد کو اپنی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا کہ میں کسی کا روزگار ختم نہیں کرنا چاہتی لیکن جو لوگ تھیٹرز کا ماحول خراب کررہے ہیں، وہ پنجاب میں مزید کام نہیں کرسکیں گے۔ یاد رہے، ایک وقت تھا جب اسٹیج ڈرامے پاکستانی تہذیب وثقافت کی نہ صرف شاندار مثال ہوا کرتے تھے بلکہ یہ بات یہ ایک ایسا پلیٹ فارم تھا جو نہ صرف عوام کو تفریح فراہم کرتا بلکہ سماجی مسائل کو طنزومزاح کے پیرائے میں پیش کرکے اصلاح معاشرہ کا ذریعہ بھی بنتا تھا۔ آج اگر ہم بات کریں پاکستان کی تو افسوس صد افسوس! آج کے اسٹیج پر پیش کیے جانے والے ڈرامے اخلاقی گراوٹ کی عملی تصویر بن چکے ہیں، ہمارے تھیٹرز نے تو بےحیائی کے تمام ریکارڈز توڑ دیئے ہیں نیم برہنہ غیر اخلاقی حرکات پر مشتمل ڈانس کرنے والی ڈانسروں نے نوجوان نسل کو اپنی طرف مائل کرکے دعوت گناہ دینا شروع کردی۔ گالی گلوچ، گندی بیہودہ جگتیں سرعام بیحیائی عروج پر ہے، جس سے نوجوان نسل تباہ ہورہی ہے۔ آج جب کوئی شخص اہل خانہ کے ساتھ اسٹیج ڈرامہ دیکھنے کا ارادہ کرتا ہے۔

ٹرمپ کا ٹیرف ہتھوڑا

تحریر: محمد نعیم قریشی

سیاست میں انوکھے کھیل اور وارداتیں کرنے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بدستور نمبرون کی پوزیشن پر ہیں۔ ٹرمپ کے حالیہ اقدامات نے ثابت کردیا ہے کہ وہ پوری دنیا میں موضوع بحث رہنے کا ہنر بخوبی جانتے ہیں، فی الحال وہ ان دنوں چاند پر دنیا بسانے سے قبل دنیا کو اپنے جارحانہ معاشی عزائم یا عذاب میں مبتلا کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ مقبولیت اور انوکھے کارناموں کے شوقین ٹرمپ نے ٹیرف کے اس کھیل میں اس وقت پوری دنیا میں ہلچل مچا رکھی ہے۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دنیا کے مختلف ممالک پر جوابی ٹیرف لگا کر معیشت کے بھنور میں طوفان برپا کردیا، کہا جاتا ہے کہ ٹرمپ نے ٹیرف لگانے میں اپنے دوستوں کو بھی رعایت نہیں دی۔ صدر ٹرمپ نے ٹیرف لگانے کے اعلان کو حب الوطنی سے جوڑا ہے اور اپنے اس جارحانہ عمل کو لبریشن ڈے مطلب یوم آزادی کا نام دیدیا۔ ٹیرف 9 اپریل 2025 سے لاگو ہوں گے۔ تمام درآمدات پر 10 فیصد کا پہلے سے اعلان کردہ بیس لائن ٹیرف بھی موثر ہوگا۔ ٹرمپ نے ہندوستان پر 26 فیصد ٹیرف عائد کیا۔ ٹرمپ کے پوسٹر کے مطابق ہندوستان 52 فیصد ٹیرف لگاتا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ہندوستان بہت سخت ہے۔ وزیراعظم مودی میرے اچھے دوست ہیں، لیکن میں نے کہا کہ آپ میرے دوست ہیں، لیکن آپ ہمارے ساتھ اچھا سلوک نہیں کررہے ہیں۔ ٹرمپ کے ہاتھ میں پکڑا ہوا چارٹ اب سب ممالک کے پاس پہنچ چکا ہے صدر ٹرمپ نے بھارت کو جھٹکا دینے کے بعد کہا ہے کہ پاکستان امریکہ پر 58 فیصد ٹیرف لگاتا ہے۔ اس کے جواب میں امریکہ نے 29 فیصد ٹیرف کا اعلان کیا جبکہ بنگلہ دیش امریکی اشیا پر 74 فیصد ٹیرف لگاتا ہے۔ امریکہ نے اس پر 37 فیصد ٹیرف کا اعلان کیا ہے۔ اس ٹیرف سے پاکستان کو کیا معاشی مسائل ہوسکتے ہیں اس کا جواب معاشی ماہرین نے الگ الگ انداز میں دے رہے ہیں جبکہ پاکستان کا یہ ٹیرف نہ صرف ہندوستان سے 3 فیصد زیادہ ہے بلکہ اس کی معیشت کے لیے بھی بڑا خطرہ ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹری اپنی برآمدات کا زیادہ تر حصہ امریکہ بھیجتی ہے۔ ان دنوں پاکستان کو زیادہ درآمدات کی وجہ سے ایک بڑے تجارتی خسارے کا سامنا ہے اور اسے کم کرنے کے لیے برآمدات میں بڑے اضافے کی ضرورت ہے۔ معاشی اعتبار سے سرکاری اعداد وشمار کا جائزہ لیا جائے تو پاکستان کی برآمدات کی سب سے بڑی منڈی امریکہ ہے، پاکستان کی موجودہ معیشت اس وقت لاغر ہے جس کی وجہ سے ملک پر اس کا منفی اثر زیادہ محسوس ہوگا جبکہ ایک رپورٹ کے مطابق تجارت کا توازن پاکستان کے حق میں ہے یعنی پاکستان کی امریکہ کو برآمدات زیادہ اور وہاں سے درآمدات کم ہیں۔ رواں برس فروری کے مہینے میں پاکستان نے امریکہ کو 40 کروڑ ڈالر سے زائد کی مصنوعات برآمد کیں اور 13 کروڑ ڈالر کی اشیا درآمد کیں۔ دوسری جانب چین سے پاکستان نے اس مہینے میں ڈیڑھ ارب ڈالر کی چیزیں منگوائیں اور پاکستان سے چین جانے والی اشیا کا حجم صرف 16 کروڑ ڈالر رہا۔ اس طرح پاکستان سے امریکہ کو بھیجی جانے والی اشیا میں سب سے بڑا حصہ ٹیکسٹائل مصنوعات کا ہے، اس کے علاوہ حکومتی چارٹ کے مطابق پاکستان سے امریکہ چمڑے کی مصنوعات، فرنیچر، پلاسٹک، سلفر، نمک، سیمنٹ، کھیلوں کا سامان، قالین، فٹ ویئر اور دوسری اشیا برآمد کی جاتی ہیں جبکہ پاکستان سے امریکہ جانے والی اشیا کے مقابلے میں امریکہ سے پاکستان درآمد کی جانے والی اشیا کا حجم کم ہے۔ امریکہ سے پاکستان آنے والی اشیا میں خام کپاس، لوہا اور سٹیل، مشینری، بوائلرز، پرانے کپڑے، کیمیکلز، ادویات اور کچھ دیگر اشیا شامل ہیں۔ اسی طرح امریکی صدر کی جانب سے ویتنام اور چین پر بھی بالترتیب 46 فیصد اور 34 فیصد نیا ٹیرف نافذ ہوگا۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ٹیرف اور ٹیکس پالیسی پر یورپی یونین کے اقتصادی کمشنر نے کہا ہے کہ اقتصادی مفادات کے دفاع کی ضرورت پڑی تو ہم تیار ہیں، تجارتی تنازع کی قیمت امریکا سمیت سب کو چکانا ہوگی۔ ٹرمپ نے تمام ممالک پر 10 فیصد درآمدی ڈیوٹی کا اعلان کیا جو چند دنوں کے اندر ہی شروع ہونے والی ہے۔ دیکھا جائے تو امریکی رپورٹس پر درجنوں مخصوص ممالک کی درآمدات پر اس سے کہیں زیادہ محصولات لاگو ہوں گے۔ متاثرہ ممالک کی جانب سے صدر ٹرمپ کے ٹیرف پر تنقید تو کی جارہی ہے مگر احتیاط کے ساتھ لیکن چین کے سوا سب نے امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی پیشکش کی ہے کہ وہ اس مسئلے پر بات چیت کرنا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان نے بھی ٹرمپ کے ٹیرف 17 فیصد سے 29 فیصد کردینے کے جواب میں یہی کیا کہ دو کمیٹیاں بنادیں اور کہا، ہم مذاکرات کرینگے۔ اسی قسم کے بیانات دفتر خارجہ اور دیگر حکومت مشیران کی جانب سے جاری ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ڈونلڈ ٹرمپ کے جو بھی مقاصد یا عزائم ہے وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں یہ آدمی جو کہتا ہے ڈنکے کی چوٹ پر کہتا ہے اور پھر وقت آنے پر کرکے بھی دکھاتا ہے کیونکہ یہ ٹیرف صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتخابی مہم کا ایک نعرہ تھا۔ شاید دنیا بھر کے ممالک اسے انتخابی مہم کے لیے محض ایک نعرہ سمجھتے ہونگے مگر صدر بننے کے بعد جب ٹرمپ نے 20 ٹیرف کے ساتھ 27 ممالک کے بلاک کو نشانہ بنایا تو آج کی دنیا اس نعرہ کی حقیقت کو پہنچ رہی ہے۔ کچھ نہ کچھ بغاوتیں دیکھنے کو ملی ہیں فرانس اور جرمنی نے کہا ہے کہ یورپی یونین امریکی ٹیک کمپنیوں پر ٹیکس لگا کر جواب دے سکتی ہے۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے مطابق جاپان دوسری عالمی جنگ کے بعد امریکہ کا اتحادی بننے کے بعد سے سب سے زیادہ پیچیدہ حالات میں ہے۔ امریکہ نے جاپانی مصنوعات کو 24 فیصد لیوی کے ساتھ نشانہ بنایا ہے لیکن جاپان کی جانب سے اب تک مصالحت کی طرف لے جانے والے جملوں کے سوا کچھ نہیں کہا گیا۔ حیرت انگیز طور پر چین نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد کردہ ٹیرف کے خلاف کئی جوابی وار کیے، جس میں تمام امریکی اشیا پر 34 فیصد اضافی ٹیرف اور بعض نایاب معدنیات کی برآمدات پر پابندیاں شامل ہیں۔ چینی وزارت تجارت نے مزید 11 امریکی فرموں کو ناقابل اعتماد اداروں کی فہرست میں شامل کیا جو بیجنگ کو غیر ملکی اداروں کے خلاف تعزیری کارروائی کرنے کی اجازت دیتی ہے، ان فرموں میں اسکائی ڈیو ائنکس اور برنک ڈرونز شامل ہیں، جو کہ جمہوری طور پر حکومت کرنے والے تائیوان کو ہتھیاروں کی فروخت سے متعلق ہیں، جسے چین اپنا حصہ ہونے کا دعوی کرتا ہے۔ چین کے جوابی وار سے تجارتی جنگ میں مزید شدت آئی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق چین کا امریکہ کی پروڈکٹس پر ٹیرف نافذ کرنے کے اعلان دنیا کی معیشت کو چند ہفتوں میں دوسرا شدید جھٹکا ثابت ہوا ہے۔ یہ دراصل جنوری سے دنیا پر نازل ہورہے ٹرمپ ٹیرفس کے امپیکٹ کی حقیقی ابتدا ہے۔

غزہ کے مسلمان اللہ کے مجاہد ہم شرمندہ ہیں (قسط نمبر 1)



سائرن

محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

غزہ کے مسلمان اللہ کے مجاہد ہیں اور اپنی نسلیں اپنے رب کی راہ میں نبی پاکؐ کی شان کی حفاظت کے جذبے سے سرشار ماوں بہنوں بیٹیوں اور خاندان کے خاندان قربان کرتے چلے جارہے ہیں کئی ماہ گزر گئے انہیں اپنی موت کا ہر لمحے یقین مگر مجال ہے کسی نے بھی تھوڑی سی کمزوری دکھائی ہر روز غزہ بارود کا ڈھیر بنتا جارہا ہے مگر دنیا کے دو ارب سے زائد مسلمان کم بیش 56 ممالک جو کلمے کی بنیاد پر قائم اور اللہ کو ماننے والے کچھ نہ کر پائے اسرائیل اپنے ایجنڈے کو پہلے جو بائیڈن کی حمایت سے اور پھر مسلمانوں کی بھرپور حمایت سے ٹرمپ کو کامیابی کے بعد اعلانیہ غزہ کو ہمیشہ کے لیے صفحہ ہستی سے مٹانے کے درپے اور کسی کی نہ پرواہ نہ کسی سی منافقت اعلانیہ حمایت مکمل اعتماد کے ساتھ جتے ہوئے ہیں مگر مسلمان خاموش یا اپنی اپنی مالی مشکلات حل کرنے اور دنیا بنانے میں دن رات مصروف ہیں اور اس یقین کیساتھ کے ہمیں تو موت نے آنا ہی نہیں ہے ان فلسطینیوں کو ختم ہو لینے دیں بے فکر ہو جائیں گے اس سے قبل افغانستان عراق لیبیا شام یمن کو تقریبا بے بس اور غلامی کے اعلانیہ قبولیت کے ساتھ بے بس مجبور اور لاچاری کی زندگی پر مجبور کر چکے 370 ختم کر کے مودی امریکہ ایک کامیاب تجربہ کشمیر میں کرنے کے بعد عوام کو بے بس مجبور اور انکی آواز کو کیسے دبانہ ہے کا منصوبہ مکمل کرنے کے بعد غزہ پر چڑھ دوڑے اور ہم آزاد ہیں کے نعرے کیساتھ ہم جی رہے ہیں یا اللہ کوئی عمر بن خطاب عطا کر دے یا اللہ کوئی تو ہو جو دنیا بھر کے مسلمانوں کو آگے لے کے جاسکے کوئی تو حسن اور حسین کی طرح دنیا کی پرواہ نہ کرنے والا اپنے نانا اور اللہ کی شان پر قربان ہونے والا لیڈر نصیب کر دے اب تو غزہ سے قیامت کے قائم ہونے کی صدائیں آرہی ہیں جب کہ جو چلے گئے ان پر تو قیامت وارد ہو چکی اور ہم بھی بے شرمی کی موت کسی دن قیامت کا سامنا کر لیں گے مگر مسلمان کب جاگیں گے کب یہ دو ارب لوگ ہمت باندھیں گے اللہ ہی ہے کوئی عمر بن خطاب نصیب فرمادے اب آتے ہیں غزہ کے آج کے حالات اور دنیا اور وجوہات اور انکا حل جو کہ ممکن نہیں ڈونلڈ ٹرمپ کی صدارت نے دنیا بھر کے مسلمانوں پر گہرا اثر ڈالا، جس سے عدم تحفظ اور تناؤ کے بڑے پیمانے پر جذبات پھیل گئے۔ ان کی پالیسیوں اور بیان بازی نے خاص طور پر امریکہ اور عالمی سطح پر مسلم کمیونٹیز میں بے چینی کا احساس پیدا کیا۔ مسلمانوں میں تناؤ پیدا کرنے والے اہم عوامل۔ ٹریول پابندی: *ٹرمپ کی "مسلم پابندی" نے سات مسلم اکثریتی ممالک کو نشانہ بنایا، جس سے امیگریشن اور خاندانی اتحاد کو سختی سے محدود کیا گیا۔ اس اقدام کو اس کی امتیازی نوعیت اور قومی سلامتی کے خدشات کی حمایت کرنے والے ثبوتوں کی کمی کی وجہ سے بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ مسلم مخالف بیان بازی: *ٹرمپ کے بار بار آنے والے مسلم مخالف بیانات نے اسلاموفوبیا اور زینوفوبیا کو ہوا دی، جس سے خوف اور بداعتمادی کی فضا پیدا ہوئی۔ سمجھا ہوا ہدف: *مسلمانوں کو ٹرمپ کی پالیسیوں سے خاص طور پر نشانہ بنایا گیا، جسے انہوں نے اپنی شناخت اور عقیدے پر حملے کے طور پر دیکھا۔ مسلم برادریوں پر اثرات *بے گھری اور خاندانی علیحدگی: *سفری پابندی کی وجہ سے اہم نقل مکانی اور خاندانی علیحدگی ہوئی، بہت سے مسلمان اپنے پیاروں سے دوبارہ ملنے یا بیرون ملک خاندان کے اراکین سے ملنے سے قاصر ہیں۔ معاشی مشکلات: *پابندی سے معاشی مشکلات بھی پیدا ہوئیں، خاص طور پر ان کمیونٹیز کے لیے جو خاندان کے افراد کی بیرون ملک ترسیلات پر انحصار کرتے ہیں۔ اضافہ اضطراب اور خوف: *ٹرمپ کی پالیسیوں نے مسلمانوں میں اضطراب اور خوف کا ماحول پیدا کیا، جو ظلم وستم اور پسماندگی کا شکار تھے۔ عالمی اثرات *بین الاقوامی تعلقات: *ٹرمپ کی پالیسیوں نے خاص طور پر مسلم اکثریتی ممالک کے ساتھ بین الاقوامی تعلقات کو کشیدہ کر دیا۔ عالمی اسلامو فوبیا: *صدر کی بیان بازی اور پالیسیوں نے عالمی اسلاموفوبیا میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا، موجودہ تناؤ اور تنازعات کو بڑھایا۔ غزہ کی موجودہ صورتحال ایک سنگین انسانی بحران ہے۔ جس میں حیرت انگیز تعداد میں جانیں ضائع ہو چکی ہیں اور بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ یہاں صورت حال کا ایک جائزہ ہے۔ (جاری ہے) غزہ کے مسلمان اللہ کے مجاہد ہیں اور اپنی نسلیں اپنے رب کی راہ میں نبی پاکؐ کی شان کی حفاظت کے جذبے سے سرشار ماوں بہنوں بیٹیوں اور خاندان کے خاندان قربان کرتے چلے جارہے ہیں کئی ماہ گزر گئے انہیں اپنی موت کا ہر لمحے یقین مگر مجال ہے کسی نے بھی تھوڑی سی کمزوری دکھائی ہر روز غزہ بارود کا ڈھیر بنتا جارہا ہے مگر دنیا کے دو ارب سے زائد مسلمان کم بیش 56 ممالک جو کلمے کی بنیاد پر قائم اور اللہ کو ماننے والے کچھ نہ کر پائے اسرائیل اپنے ایجنڈے کو پہلے جو بائیڈن کی حمایت سے اور پھر مسلمانوں کی بھرپور حمایت سے ٹرمپ کو کامیابی کے بعد اعلانیہ غزہ کو ہمیشہ کے لیے صفحہ ہستی سے مٹانے کے درپے اور کسی کی نہ پرواہ نہ کسی سی منافقت اعلانیہ حمایت مکمل اعتماد کے ساتھ جتے ہوئے ہیں مگر مسلمان خاموش یا اپنی اپنی مالی مشکلات حل کرنے اور دنیا بنانے میں دن رات مصروف ہیں اور اس یقین کیساتھ کے ہمیں تو موت نے آنا ہی نہیں ہے ان فلسطینیوں کو ختم ہو لینے دیں بے فکر ہو جائیں گے اس سے قبل افغانستان عراق لیبیا شام یمن کو تقریبا بے بس اور غلامی کے اعلانیہ قبولیت کے ساتھ بے بس مجبور اور لاچاری کی زندگی پر مجبور کر چکے 370 ختم کر کے مودی امریکہ ایک کامیاب تجربہ کشمیر میں کرنے کے بعد عوام کو بے بس مجبور اور انکی آواز کو کیسے دبانہ ہے کا منصوبہ مکمل کرنے کے بعد غزہ پر چڑھ دوڑے اور ہم آزاد ہیں کے نعرے کیساتھ ہم جی رہے ہیں یا اللہ کوئی عمر بن خطاب عطا کر دے یا اللہ کوئی تو ہو جو دنیا بھر کے مسلمانوں کو آگے لے کے جاسکے کوئی تو حسن اور حسین کی طرح دنیا کی پرواہ نہ کرنے والا اپنے نانا اور اللہ کی شان پر قربان ہونے والا لیڈر نصیب کر دے اب تو غزہ سے قیامت کے قائم ہونے کی صدائیں آرہی ہیں جب کہ جو چلے گئے ان پر تو قیامت وارد ہو چکی اور ہم بھی بے شرمی کی موت کسی دن قیامت کا سامنا کر لیں گے مگر مسلمان کب جاگیں گے کب یہ دو ارب لوگ ہمت باندھیں گے اللہ ہی ہے کوئی عمر بن خطاب نصیب فرمادے اب آتے ہیں غزہ کے آج کے حالات اور دنیا اور وجوہات اور انکا حل جو کہ ممکن نہیں ڈونلڈ ٹرمپ کی صدارت نے دنیا بھر کے مسلمانوں پر گہرا اثر ڈالا، جس سے عدم تحفظ اور تناؤ کے بڑے پیمانے پر جذبات پھیل گئے۔ ان کی پالیسیوں اور بیان بازی نے خاص طور پر امریکہ اور عالمی سطح پر مسلم کمیونٹیز میں بے چینی کا احساس پیدا کیا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

ISLAMIC EDITION

اسلام میں پردے کی اہمیت

اسلام میں پردے کی اہمیت اور شرعی حکم

عظمت اللہ خان کیرانوی اسلام امن پسند مذہب ہے اور مکمل ضابطہ حیات ہے، جس کے ذریعہ انسان بشریت کے تقاضوں کو پورا کر سکتا ہے، تاریکیوں کو اجالوں میں بدل سکتا ہے۔ اسلام اور اسلامی نظامِ حیات ایک پاک وصاف معاشرے کی تعمیر اور انسانی اخلاق وعادات کی تہذیب کرتا ہے۔ اسلام نے جہالت کے رسم ورواج اور اخلاق وعادات کو جو ہر قسم کے فتنہ وفساد سے لبریز تھے یکسر بدل کر ایک مہذب معاشرے اور تہذیب کی داغ بیل ڈالی جس سے عام انسان کی زندگی میں امن چین اور سکون ہی سکون در آیا۔ اسلام اپنے ماننے والوں کی تہذیب اور پر امن معاشرے کے قیام کے لئے جو پہلی تدبیر اختیار کرتا ہے وہ ہے: انسانی جذبات کو ہر قسم کے ہیجان سے بچانا وہ مرد اور عورت کے اندر پائے جانے والے فطری میلانات کو اپنی جگہ باقی رکھتے ہوئے انہیں فطری انداز کے مطابق محفوظ اور تعمیری انداز دیتا ہے اسلام یہ چاہتا ہے کہ عورت کا تمام تر حسن وجمال اس کی تمام زیب وزینت اور آرائش وسنگھار میں اس کے ساتھ صرف اس کا شوہر شریک ہو کوئی دوسرا شریک نہ ہو عورت اپنی آرائش اور جمال صرف اپنے مرد کے لئے کرے۔ اگر دیکھا جائے تو عورت درحقیقت تمام تر سنگھار وآرائش مرد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اس کی خصوصی توجہ کے حصول کے لئے ہی کرتی ہے اسلام ایسا دین ہے جو انسان کی زندگی کے ایک ایک لمحے کی تہذیب کرتا ہے ان کے لئے پاکیزہ طریقہ وضع کرتا ہے تا کہ کوئی مسلمان اور اہل ایمان کسی طریقے سے کسی برائی میں مبتلا نہ ہو اور ان کے میلانات جائز طریقوں تک محدود رہیں اللہ ہی ہے جو تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے جس سے انسانی فطرت کی نفسیاتی تعلیم وتربیت ہوتی ہے۔

عورت کے حسن وجمال کو اس کی زیب وزینت کو اللہ تعالی نے اس کے شوہر کی دل بستگی اور توجہ کے لئے محدود کر دیا ہے تا کہ وہ اپنی ساری توجہ اپنی بیوی کی طرف مرکوز رکھے اور اس کی عورت غیروں کی ہوس ناک نظروں سے محفوظ ومامون رہے۔ اللہ تعالی نے شوہر اور بیوی کو ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے۔ یہ ان کی قربت اور ہم نفسی کی علامت ہے اسلام جب پردے کی تاکید کرتا ہے تو اس سے مراد ایک نہایت پاک وصاف سوسائٹی کا قیام ہے۔ اگر ہم اپنے چاروں اطراف نظر ڈالیں تو بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کہ احکام الٰہی سے اعراض اور روگردانی کے کیسے کیسے بھیانک اور عبرت ناک مناظر سامنے آ رہے ہیں۔ مغربی دنیا خصوصا یورپ اور امریکی معاشرے میں جہاں کسی قسم کے پردے اور حجاب کا گزر نہیں جہاں ہر طرف لطف اندوزی ہیجان خیزی شہوت پرستی اور گوشت پوست کی لذت اندوزی کا سامان ہو رہا ہے ایسے ایسے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جن سے ہر وقت جنسی ہیجان پیدا کیا جا رہا ہے جس کے نتیجے میں جنسی پیاس بڑھتی جا رہی ہے جو کسی طرح بجھتی ہی نہیں انسان کی خوابیدہ حیوانیت کو جگا دیا گیا ہے اور انسان بے قید شہوت رانی کا شکار ہو گیا ہے اس کے اعصاب اور نفسیات کے اندر ہیجان خیز امراض پیدا ہو رہے ہیں۔ مرد اور عورت میں ایک دوسرے کے لئے کشش ایک فطری امر ہے اور یہ انسان میں تخلیقی طور پر ودیعت کی گئی ہے کیونکہ انسان کو اس زمین پر اپنے منصب خلافت کی ذمہ داریوں کو پورا کرنا ہے اس زندگی کا بڑا اور اہم حصہ زمین پر زندگی کے تسلسل کو قائم رکھنا ہے اس لئے یہ کشش دائمی ہے۔ یہ کشش ہی انسان کو ایک دوسرے کے قریب لاتی ہے عورت اور مرد کے ملاپ سے ایک خاندان ایک گھرانہ وجود پاتا ہے اور دونوں ایک دوسرے کے ذریعہ فطری تسکین پاتے ہیں اور افزائش نسل کے ذریعے ایک خاندان کی تشکیل کا ذریعہ بنتے ہیں اور اگر کہیں دونوں فریقوں کے درمیان نا آسودگی رہے اپنے فطری تقاضوں کی تسکین نہ کر سکیں تو پھر بے چینی اور بے قراری جنم لیتی ہے جو اعصاب پر اثر انداز ہوتی ہے اور انسان کو برائی کی طرف ابھارتی ہے۔ امریکہ اور یورپ کا معاشرہ ہمارے سامنے ہے جہاں ہر طرف ہر قسم کی جنسی آزادی عام ہے مرد عورتوں سے مطمئن نہیں عورتیں مردوں سے نا آسودہ ہیں جنسی تسکین وآسودگی کے لئے تمام غیر فطری طریقے استعمال کرنے کے باوجود نا آسودگی سے دوچار ہیں مرد مردوں سے عورت عورتوں سے اور حیوانات تک سے اختلاط وملاپ کے باوجود ایک ہیبت ناک نا آسودگی کا شکار ہیں۔ وہاں کھلے عام ہر قسم کی بے پردگی فحاشی عریانی اور تمام غیر فطری طریقوں کے باوجود بے چینی اور بے کلی عام پائی جاتی ہے اسلام اپنے ماننے والوں کو ان تمام خرابیوں سے بچاتا ہے اور بچائے رکھتا ہے۔

اسلام نے اسلامی معاشرے کا ذوق ہی بدل دیا ہے لوگوں کے جمالی احساسات کو بدل دیا ہے اسلام کے ماننے والوں کے لئے حسن وجمال کی تمام حیوانی ادائیں مطلوب ومستحسن نہیں رہیں بلکہ اسلام حسن وجمال کا ایک مہذب رنگ ڈھنگ اور معیار قائم کرتا ہے جس میں ہر طرح کی عریانی سے بچا جاتا ہے اور سنجیدگی وقار اور پاکیزہ جمال کا ذوق پیدا کرتا ہے جو انسان کے اور ایک اہل ایمان کے لائق ہوتا ہے۔ اسلام ایک سچی مومنہ عورت کی تربیت اس انداز سے کرتا ہے کہ وہ نا صرف اپنے حسن وجمال کا درست طریقے سے استعمال کر سکے اور اپنی تمام معاشی معاشرتی ضرورتوں کے ساتھ ساتھ اپنی فطری جبلی ضرورتوں اور تقاضوں کو بھی فطرت کے عین مطابق پورا کر سکے۔ آج دور جدید کی بظاہر ترقی یافتہ خواتین دو مردوں کے شانہ بشانہ ہم قدم ہو کر چلنا پسند کرتی ہیں اور بے حجابی وبے پردگی کی علمبردار ہیں۔ اگر وہ اپنی دیانتداری سے خود اپنا جائزہ لیں اور اپنی نگاہ میں ایک دقیانوسی باپردہ باشرع خاتون کا جائزہ لیں تو انہیں بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ معاشرے میں مردوں کے شانہ بشانہ چلنے میں انہیں کیسی کیسی ٹھوکریں کھانا پڑتی ہیں کیسی کیسی مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے اور دن بھر کی بک بک جھک جھک کے بعد رات اپنے شوہر کی قربت میں بسر کرتی ہیں تو کیا وہ دونوں جسمانی وروحانی طور پر جنسی ونفسانی طور پر اس قدر آسودہ ومطمئن ہو پاتے ہیں جس قدر ایک پردہ نشین وخانہ دار خاتون اپنے خلوص سے آسودگی اور طمانیت حاصل کرتی ہے؟ اس کی یہ آسودگی یہ طمانیت واطمینان اسلامی شعائر پر عمل پیرا ہونے کے باعث ہوتی ہے وہ اپنے گھر تک محدود ہو کر اللہ اور اس کے رسول اکے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل پیرا ہو کر خود کو اپنے گھر تک محفوظ ومامون رکھ کر اپنے گھر اپنے بچوں کی تہذیب وتربیت کر کے جس آرام وسکون کو حاصل کر لیتی ہے وہ کبھی بھی کسی بھی طرح ایک بے پردہ بے حجاب خاتون جو در بدر پھرتی ہے حاصل نہیں کر سکتی۔ پردے کے اسلامی احکام کا مقصد ومطلب ہی یہ ہے کہ وہ اپنے ماننے والوں کو بے راہ روی فحاشی بے حیائی اور شہوانی فتنہ انگیزی سے بچائے اور وہ خفیہ شہوانی جذبات نہ بھڑکنے پائیں جو عورت کے بے پردہ ہونے سے بھڑک سکتے ہیں۔

نوعِ انسانی کی افزائش وحفاظت کے لئے فطرت نے چار ادوار مقرر کئے ہیں یعنی حمل وضعِ حمل رضاعت اور تربیت۔ ان میں سے ہر دور انتہائی مشکل ہے جس کے دوران غفلت بچے کے لئے مہلک ثابت ہوتی ہے۔ نسلِ انسانی کی فلاح کے نقطۂ نظر سے ان میں سب سے اہم دور تربیت کا زمانہ ہے۔ بچہ جب عالمِ غیب سے دنیا میں قدم رکھتا ہے تو اس کا ذہن ایک ایسی تختی کی مانند ہوتا ہے جو ہر قسم کی تحریر لکھے جانے پر آمادہ ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں جو بات بھی اسے سکھائی جائے وہ نقش کا لحجر ہو جاتی ہے۔ ماں کا فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کو اچھی تربیت دے اور اسے برے بھلے کی تمیز سکھائے۔ ظاہر ہے کہ ایسی ماں جسے معاشی اور سیاسی سرگرمیوں سے فرصت نہ ملتی ہو اپنی اولاد کی درست تربیت نہیں کر سکتی۔ عورت کا فرض، فیکٹریوں میں اشیاء کی پیداوار نہیں ہے بلکہ انسانیت سازی ہے۔ اولاد کی تربیت کے علاوہ گھر میں رہتے ہوئے عورت مرد کی کمائی اور وسائل کو بڑے سلیقے کفایت شعاری اور منصوبہ بندی سے استعمال میں لا سکتی ہے۔ جتنا ضروری وسائل کی فراہمی کا معاملہ ہے اتنا ہی اہم ان کا مناسب استعمال ہے۔ شرعی پردہ دراصل دو پردوں پر مشتمل ہے۔ ایک ہے گھر کے اندر کا پردہ جس کے بارے میں احکامات سورالنور میں بیان ہوئے ہیں۔ ان احکامات کو احکاماتِ ستر کہا جاتا ہے۔ دوسرا ہے گھر کے باہر کا پردہ جس کے بارے میں احکامات سورالاحزاب میں وارد ہوئے ہیں اور یہ احکامات احکاماتِ حجاب کہلاتے ہیں۔ ستر وحجاب میں فرق پردے کے حوالے سے اکثر لوگ ستر اور حجاب میں کوئی فرق نہیں کرتے حالانکہ شریعتِ اسلامیہ میں ان دونوں کے احکامات الگ الگ ہیں۔ ستر جسم کا وہ حصہ ہے جس کا ہر حال میں دوسروں سے چھپانا فرض ہے ماسوائے زوجین کے یعنی خاوند اور بیوی اس حکم سے مستثنی ہیں۔ مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے اور عورت کا ستر ہاتھ پاؤں اور چہرے کی ٹکیہ کے علاوہ پورا جسم ہے۔ ایک دوسری روایت کے مطابق عورت کا سارا جسم ستر ہے سوائے چہرے اور ہاتھ کے۔ البتہ عورت کے لئے عورت کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے۔ معمول کے حالات میں ایک عورت ستر کا کوئی بھی حصہ اپنے شوہر کے سوا کسی اور کے سامنے نہیں کھول سکتی۔ ستر کا یہ پردہ ان افراد سے ہے جن کو شریعت نے محرم قرار دیا ہے۔ ان محرم افراد کی فہرست سور النور آیت میں موجود ہے۔ ستر کے تمام احکامات سورالنور میں بیان ہوئے ہیں جن کی تفصیلات احادیث نبوی میں مل جاتی ہیں۔ گھر کے اندر عورت کے لئے پردے کی یہی صورت ہے۔ حجاب عورت کا وہ پردہ ہے جسے گھر سے باہر کسی ضرورت کے لئے نکلتے وقت اختیار کیا جاتا ہے۔ اس صورت میں شریعت کے وہ احکامات ہیں جو اجنبی مردوں سے عورت کے پردے سے متعلق ہیں۔ حجاب کے یہ احکامات سورالاحزاب میں بیان ہوئے ہیں۔ ان کا مفہوم یہ ہے کہ گھر سے باہر نکلتے وقت عورت جلباب یعنی بڑی چادر)یا برقع (اوڑھے گی تا کہ اس کا پورا جسم ڈھک جائے اور چہرے پر بھی نقاب ڈالے گی تا کہ سوائے آنکھ کے چہرہ بھی چھپ جائے۔ گویا حجاب یہ ہے کہ عورت سوائے آنکھ کے باقی پورا جسم چھپائے گی۔ گھر کے اندر کا پردہ --- احکاماتِ ستر - 1 کسی کے گھر میں داخل ہوتے وقت اجازت طلب کی جائے ارشادِ باری تعالی ہے: اے ایمان والو دوسروں کے گھروں میں داخل نہ ہو جب تک اپنی پہچان نہ کرا لو اور گھر والوں پر سلام نہ بھیج دو یہ ہی تمہارے لئے بہتر ہے شاید کہ تم یاد رکھو) سورالنور آیت (اس آیت میں ہدایت کی گئی ہے کہ اچانک اور بلا اطلاع کسی کے گھر میں داخل نہ ہو جایا کرو۔ اسلام سے پہلے عرب میں رواج تھا کہ لوگ بے تکلف دوسروں کے گھر میں داخل ہو جاتے اور بسا اوقات اہلِ خانہ اور خواتین کو ایسی حالت میں دیکھ لیتے جس میں دیکھنا خلافِ تہذیب ہے۔ اس لئے حکم دیا گیا کہ لوگوں کے گھروں میں نہ داخل ہو جب تک یہ معلوم نہ کر لو کہ تمہارا آنا صاحبِ خانہ کے لئے ناگوار تو نہیں ہے۔ داخل ہونے سے پہلے سلام کر کے اجازت لے لیا کرو۔ اجازت لینے کے لئے مسنون طریقہ یہ ہے کہ تین مرتبہ مناسب وقفوں سے با آوازِ بلند سلام کیا جائے یا دستک دی جائے۔ اگر جواب نہ ملے یا کہا جائے کہ چلے جاؤ تو دروازے پر جم جانا درست نہیں ہے بلکہ برا مانے بغیر لوٹ جانا چاہیئے۔ اسی طرح اس سور کی آیت میں حکم ہے کہ نمازِ فجر سے قبل نمازِ ظہر کے بعد اور نمازِ عشاء کے بعد یعنی ایسے اوقات میں جب عام طور پر شوہر اور بیوی خلوت میں ہوتے ہیں ملازم اور بچے وغیرہ بلا اجازت کمروں میں داخل نہ ہوا کریں۔ ان امور کی مزید وضاحت حسب ذیل احادیث مبارکہ میں بیان کی گئی ہے: - نبی اکرم کا اپنا قاعدہ یہ تھا کہ جب کسی کے ہاں تشریف لے جاتے تو دروازے کے عین سامنے کھڑے نہ ہوتے کیوں کہ اس زمانے میں دروازوں پر پردے نہ لٹکائے جاتے تھے۔ آپ دروازے کے بائیں یا دائیں جانب کھڑے ہو کر اجازت طلب فرمایا کرتے۔)ابوداود ((فقہا نے نابینا کے لئے بھی اجازت مانگنا لازم قرار دیا ہے تا کہ گھر والوں کی باتیں سننے کا احتمال نہ ہو (- اجازت لینے کے لئے نبی اکرم نے زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ پکارنے کی حد مقرر کی اور فرمایا اگر تیسری بار پکارنے پر بھی جواب نہ آئے تو واپس ہو جاو) متفق علیہ (- حضرت ہزیل بن شرحبیل کہتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم کے ہاں حاضر ہوا اور عین دروازے پر کھڑے ہو کر اجازت مانگنے لگا۔ نبی اکرم نے فرمایا کہ تیرا یہ کیا معاملہ ہے اجازت مانگنے کا حکم تو اس لئے ہے کہ نگاہ نہ پڑے۔)ابوداود (- حضرت ثوبان کی روایت ہے کہ نبی اکرم نے فرمایا کہ جب نگاہ داخل ہو گئی تو پھر خود داخل ہونے کے لئے اجازت مانگنے کا کیا موقع رہا۔)ابوداود (- ایک شخص نبی اکرم کے ہاں آیا اور دروازے پر آ کر کہا اا ل - کیا میں گھس آوں؟ نبی اکرم نے اپنی لونڈی روضہ سے فرمایا کہ یہ شخص اجازت مانگنے کا طریقہ نہیں جانتا ذرا اٹھ کر اسے بتاو کہ یوں کہنا چاہیئے السلام علیکم ! اا دخ کیا میں داخل ہو جاوں؟)ابوداود (- حضرت کلدہ بن حنبل ایک کام سے نبی اکرم کے ہاں گئے اور سلام کیے بغیر یوں ہی جا بیٹھے۔ آپ نے فرمایا باہر جاو اور السلام علیکم کہہ کر اندر آ۔)ابوداود (- حضرت جابر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نبی اکرم کے ہاں گیا اور دروازے پر دستک دی۔ آپ نے پوچھا کون ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں ہوں آپ نے دو تین مرتبہ فرمایا میں ہوں ! میں ہوں ! یعنی اس میں ہوں سے کوئی کیا سمجھے کہ تم کون ہو۔)ابوداود(اجازت لینے کا حکم اپنے گھر کی صورت میں بھی ہے - ایک شخص نے نبی اکرم سے پوچھا کہ کیا میں اپنی ماں کے پاس جاتے وقت بھی اجازت طلب کروں؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ اس نے کہا میرے سوا ان کی خدمت کرنے والا کوئی نہیں ہے کیا ہر بار جب میں ان کے پاس جاوں تو اجازت مانگوں؟ فرمایا کہ کیا تو پسند کرتا ہے کہ اپنی ماں کو عریاں دیکھے؟)ابن جریر (- عبداللہ بن مسعود کا قول ہے کہ اپنی ماں بہنوں کے پاس بھی جاو تو اجازت لے کر جاو۔ ان کی بیوی حضرت زینب سے روایت ہے کہ جب وہ گھر پر آتے تو ایسی آواز کرتے جس سے ان کی آمد کا علم ہو جاتا۔)ابن کثیر - 2 (نگاہ نیچی رکھنا سورالنور آیت میں فرمایا گیا: اے نبی ! مومن مردوں سے کہو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ اسی سور کی آیت میں ارشاد ہوتا ہے: اے نبی ! مومن عورتوں سے کہہ دو کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ نگاہوں کی حفاظت کا حکم گھر سے باہر بھی ہے تا کہ نامحرموں پر نگاہ نہ پڑے لیکن اصلا یہ حکم گھر کے اندر کے لئے ہے کیوں کہ باہر چلتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھنے سے کسی شے سے ٹکرانے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ گھر کے اندر اس حکم کا تقاضا یہ ہے کہ محرم خواتین پر بھی نگاہ نہ ڈالی جائے۔ بلاشبہ محرم خواتین کے ساتھ ایک تقدس کا رشتہ ہے لیکن بہر حال بحیثیت جنسِ مخالف ہونے کے مرد اور عورت میں ایک دوسرے کے لئے کشش ہے اور نگاہوں کی بے احتیاطی فتنہ کا سبب بن سکتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بدنظری ہی بدکاری کے راستے کی پہلی سیڑھی ہے۔ اسی وجہ سے اس آیت میں نظروں کی حفاظت کے حکم کو حفاظتِ فرج کے حکم پر مقدم رکھا گیا ہے۔ روایت ہے کہ ایک مرتبہ ایک نابینا صحابی حضرت عبداللہ بن ام مکتوم نبی اکرم کے حجرہ مبارک میں تشریف لائے تو حضرت عائشہ اور ام سلمہ سے آپ نے فرمایا: ان سے پردہ کرو ! وہ کہنے لگیں: کیا یہ نابینا نہیں ہیں ؟ آپ نے فرمایا مگر تم تو نابینا نہیں ہو۔ ہمارے معاملات آج اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ ہم نے نوجوان لڑکیوں کو مخلوط تعلیمی اداروں دفاتر اور دیگر محافل میں غیر محرموں کے ساتھ آزادانہ میل جول کی اجازت دے رکھی ہے۔ بعض والدین کہتے ہیں کہ ہمیں اپنی بچی پر اعتماد ہے۔ کیا نبی اکرم کو) نعوذ باللہ (حضرت عائشہ پر اعتماد نہیں تھا جن کی پاکیزگی کی گواہی خود رب العزت نے سورالنور کے دوسرے رکوع میں دی ہے۔ بدنظری کے نتیجے میں شیطان آنکھ کے راستے سے دل میں اتر جاتا ہے پھر دونوں فریق ہم کلام ہوتے ہیں اور یوں بات آگے بڑھتی چلی جاتی ہے۔ نگاہوں کی حفاظت سے مراد صرف یہ نہیں ہے کہ مرد اور عورت ایک دوسرے کے چہرے کو نہ دیکھیں بلکہ اس سے مراد یہ بھی ہے کہ دوسروں کے ستر پر نگاہ نہ ڈالی جائے اور نہ ہی کسی قسم کے فحش مناظر یا تصاویر کو دیکھا جائے۔ اس حوالے سے مندرجہ ذیل احادیث سے رہنمائی حاصل ہوتی ہے: - نبی اکرم نے فرمایا اے علی ! ایک نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈالنا۔ پہلی نگاہ) جو بلا ارادہ پڑ گئی (معاف ہے مگر دوسری نہیں۔)مسندِ احمد۔ ترمذی (- حضرت جریر بن عبداللہ بجلی کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم سے پوچھا اچانک نگاہ پڑ جائے تو کیا کروں۔ فرمایا فورا نگاہ پھیر لو یا نیچی کر لو۔) مسلم، ترمذی، ابوداود، نسائی (- جس مسلمان کی نگاہ کسی عورت کے حسن پر پڑے اور وہ نگاہ ہٹا لے تو اللہ اس کی عبادت میں لطف اور لذت پیدا کر دیتا ہے۔) مسند احمد (- اللہ تعالی کا ارشاد ہے کہ نگاہ ابلیس کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے۔ جو شخص مجھ سے ڈر کر اس کی حفاظت کرے گا میں اس کے بدلے ایسا ایمان دوں گا جس کی حلاوت وہ اپنے دل میں پائے گا۔) طبرانی (نوٹ: کسی اجنبی عورت کو دیکھنے کی بعض صورتوں میں اجازت ہے مثلا: اگر ایک شخص کسی عورت سے نکاح کرنا چاہے تو اسے اجازت ہے کہ چوری چھپے اس پر ایک نظر ڈال سکتا ہے۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ نے ایک جگہ نکاح کا پیغام بھجوایا۔ رسول اللہ نے پوچھا کہ تم نے لڑکی کو دیکھا ہے؟ انہوں نے عرض کیا نہیں۔ فرمایا اسے دیکھ لو اس طرح زیادہ توقع کی جا سکتی ہے کہ تمہارے درمیان موافقت ہو گی۔ عدالتی کارروائی یا گواہی کے لئے قاضی کا کسی عورت کو دیکھنا۔ تفتیشِ جرم کے لئے پولیس کا کسی عورت کو دیکھنا۔

نگاہ نیچی رکھنے کا حکم عورتوں کے لئے بھی ہے اور مردوں کے لئے بھی۔ لیکن عورتوں کے مردوں کو دیکھنے کے بارے میں سختی کم ہے۔ جس مرد سے عورت کا براہِ راست رابطہ (Contact) کا امکان ہے اسے دیکھنا تو منع ہے البتہ جس مرد سے رابطہ کا امکان نہیں اسے کسی ضرورت اور مقصد کے تحت دیکھا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گھر سے باہر نکلنے پر عورتوں کے لئے تو چہرے کا پردہ ہے لیکن مردوں کے لئے نہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ ھ میں حبشیوں کا ایک وفد مدینے آیا اور اس نے مسجد نبوی کے پاس تماشہ کیا۔ نبی نے خود حضرت عائشہ کو یہ تماشہ دکھایا) بخاری، مسلم، مسندِ احمد (۔ اسی نکتہ کے تحت اگر براہِ راست رابطہ کا امکان نہ ہو تو خواتین مردوں سے دینی وجدید تعلیم سیکھ سکتی ہیں۔ دوسروں کے ستر پر نگاہ نہ ڈالنے کی تاکید ذیل کی احادیث میں بیان ہوئی ہے: - کوئی مرد کسی مرد کے ستر کو نہ دیکھے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

فیصل آباد پریس کلب کا اجلاس صدر شاہد علی کی صدارت میں منعقد ہوا

ہماری شروع کی گئی کمپین کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، جس سے کچھ عناصر خائف ہیں

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد پریس کلب کا اجلاس صدر شاہد علی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پریس کلب کی کابینہ کے اراکین نے شرکت کی۔ صدر شاہد علی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافی کالونی کے حصول کے لیے پریس کلب کے پلیٹ فارم سے جاری جدوجہد نیک نیتی پر مبنی ہے، اور ہم اس مشن کو پوری سنجیدگی اور مستقل مزاجی کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری شروع کی گئی کمپین کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، جس سے کچھ عناصر خائف ہیں۔ جو بھی فرد یا گروہ صحافی کالونی کے قیام کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے، ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ سینئر نائب صدر جی اے تنویر نے کہا کہ جو شخص یا عناصر صحافی کالونی کی مخالفت کرتے ہیں، وہ نہ صرف اپنی برادری سے مخلص نہیں بلکہ صحافیوں کے حق رہائش کے بنیادی مطالبے کی بھی مخالفت کر رہے ہیں۔ شاہد علی کی قیادت میں صحافی کالونی کے قیام کی جدوجہد ایک مضبوط اور واضح سمت کی جانب گامزن ہے۔ سیکرٹری پریس کلب نے اجلاس میں بتایا کہ پریس کلب کے ممبران کے درمیان بھائی چارے، یگانگت اور خوشی کے لمحات بانٹنے کے لیے 7 اپریل بروز سوموار کو ایک پروقار عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ تمام معزز ممبران سے شرکت کی درخواست کی گئی تاکہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ خوشیاں بانٹ کر اپنے اتحاد کو مزید مضبوط بنا سکیں۔ اجلاس میں نائب صدور ظفران سرور، ردا سندھو، جوائنٹ سیکرٹریز ندیم جاوودانی، اورنگزیب ملک، اور ایگزیکٹو ممبران افشاں بتول، نعیم شاکر، رانا حنا جمیل، شاہد محمود، رانا احسن فاروق، ارشد انصاری، سعید طاہر، توفیق یوسف، علی رضا، ملک نادر مان، اور میاں کاشف فرید میاں صغیر سانول نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ فیصل آباد پریس کلب صحافیوں کے فلاحی منصوبوں، خاص طور پر صحافی کالونی کے قیام کے لیے اپنی جدوجہد بھرپور طریقے سے جاری رکھے گا۔

آئین وقانون سے ماورا احتجاج نہیں انتشار ہوتا ہے: رانا محمد عرفان

ریاست و پاک سیکیورٹی فورسز کیخلاف عوام کو اکسانا جرم ہے۔ رانا فیصل



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ریاست پاکستان داخلی خارجی سرحدوں کے محافظ مسلح افواج پاکستان و پولیس اور قومی سلامتی کے سیکیورٹی وقانون نافذ کرنے والے ادارے ملک و قوم کی حفاظت کے پاسبان ہیں۔ کوئی بھی شخص اشخاص و جتھے کو ملکی سلامتی و بقاء کے ریاستی اداروں کیخلاف لشکرکشی کی آئین وقانون اجازت نہیں دیتا۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین وسماجی شخصیات حاجی رانا محمد عرفان اور رانا فیصل آف سیالکوٹ سوئس اینڈ بیکرز نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا انہوں نے بلوچستانی سردار اختر مینگل کے اس بیان کہ ہم آزاد شہری ہیں، آئین پاکستان ہمیں ہر جگہ احتجاج کا حق دیتا ہے۔ کے تناظر میں کہا کہ ہم یا آپ مادر پدر آزاد نہیں ہیں بلکہ آئین پاکستان وقانون کے تابع ہیں۔ آئین پاکستان ہر شہری کو قانون کے تابع رہ کر آزادیوں کا حق دیتا ہے۔ اور قانون کہتا ہے کہ آپ ہر جگہ احتجاج نہیں کر سکتے۔ نہ راستے بند کر سکتے ہیں۔ نہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے احکامات توڑ سکتے ہیں۔ نہ عوام کو ریاست کے خلاف اشتعال دلا سکتے ہیں۔ آئین کو مانا ہے تو پھر پورا مانیں۔ یہ کیا کہ صرف اپنی مرضی کی بات مانوں اور جو مرضی کے خلاف وہ نہ مانو؟

ہوائی فائرنگ اور اسلحہ رکھنے کے جرم میں 3 افراد گرفتار

ایس ایچ او تھانہ نارنگ نے آپریشن کر کے بھاری مقدار میں جدید آٹو میٹک اسلحہ برآمد کیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ پولیس نے اسلحہ کی نمائش ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے نارنگ موڑ اور پنڈوری گاؤں میں آپریشن کر کے بھاری مقدار میں جدید آٹو میٹک اسلحہ برآمد کر کے تین ملزمان کو حراست میں لے کر مقدمات درج کر لیے ہیں اس موقع پر ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے نارنگ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی کو نہیں ہے جو خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے گی والدین بچوں پر نظر رکھیں اور انہیں غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رکھیں مقدمہ درج ہونے کی صورت میں آپ کے بچے کیلئے مستقبل میں مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں ضلع بھر میں جرائم کے خلاف واضح کمی آئی ہے۔

گراں فروشوں نے گاہکوں کو تگنی کا ناچ نچانا شروع کر دیا

قیمت ایپ پنجاب بھی مذاق بن کر رہ گئی شہری سراپا احتجاج وزیر اعلی پنجاب نوٹس لیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم رمضان الوداع شادیوں کا سیزن شروع مرغی کا گوشت ایک روپیہ فی گرام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بے بس، شہری لٹنے پر مجبور، گراں فروشوں نے گاہکوں کو تگنی کا ناچ نچانا شروع کر دیا قیمت ایپ پنجاب بھی مذاق بن کر رہ گئی شہری سراپا احتجاج وزیر اعلی پنجاب نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق ماہ صیام کے رخصت ہونے کے بعد شادیوں کا سیزن شروع ہو گیا ہے جس کی وجہ سے مرغی کے گوشت کے نرخوں میں کمی کے بجائے مزید اضافہ کر کے چکن کا گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں نے گاہکوں کو تگنی کا ناچ نچانا شروع کر رکھا ہے قابل ذکر بات یہ ہے کہ گزشتہ روز حکومت کی طرف سے متعارف کروائی گئی ڈیجیٹل پرائس لسٹ قیمت ایپ پنجاب سے بھی مرغی کے گوشت کا نرخ ختم کر کے گراں فروشوں کو لوٹ مار کی کھلی چھٹی دے دی گئی جس کی وجہ سے چکن کا گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں نے فی روپیہ فی گرام کے حساب سے گوشت فروخت کرنا شروع کر دیا ہے۔ یہاں پر قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس وقت ضلع بھر میں درجن کے قریب پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کروانے کے لیے بڑی بڑی گاڑیوں میں سڑکوں پر گاڑیاں دوڑاتے نظر آتے ہیں لیکن بدقسمتی ہے کہ گراں فروشی کے مرتکب دکانداروں کی چیک کرنے اور گراں فروشی کو کنٹرول کرنے میں بری طرح ناکام دکھائی دیتے ہیں۔

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں بہنوئی نے جنسی تسکین کے لئے اپنی سالی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں بہنوئی نے جنسی تسکین کے لئے اپنی سالی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود خان کالونی میں رہائشی بلال نے جنسی تسکین کی خاطر زبردستی اپنی سالی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا پکار 15 پر کال موصول ہوتے ہی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 20 منٹ کے اندر ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چورستہ میاں خان کے ایس ایچ او محمد اشرف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر اوکاڑہ کے نواحی قصبہ ڈھے کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش اللہ یار ولد مشرے خاں سے 1200 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اگیتی کاشت کے فروغ کے لئے ڈویژن بھر میں اقدامات جاری

اگیتی کاشت نہ صرف پیداوار میں اضافے کا باعث بنتی ہے بلکہ بہتر معیار کی فصل فراہم کرتی ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے احکامات پر کپاس کی اگیتی کاشت کے فروغ کے لئے ڈویژن بھر میں اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت نہ صرف پیداوار میں اضافے کا باعث بنتی ہے بلکہ بہتر معیار کی فصل فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب زراعت کے فروغ کے لئے کسانوں کی مکمل رہنمائی اور معاونت فراہم کر رہی ہے تاکہ زرعی ترقی ممکن بنائی جا سکے۔ وہ یہاں کمشنر آفس میں منعقدہ ڈویژنل کاٹن کراپ مینجمنٹ 2025 مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو پاکپتن (ر) اسلم مجید، ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر سمیت محکمہ نہر، زراعت، کراپ رپورٹنگ، سیڈ کارپوریشن، کپاس کے کاشتکاروں، کھاد ڈیلرز کی بڑی تعداد موجود تھی جبکہ اوکاڑہ اور پاکپتن کے افسران نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کپاس کی اگیتی کاشت کے اہداف کے حصول میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر نے بتایا کہ ساہیوال ڈویژن میں کپاس کی اگیتی کاشت کا ایک لاکھ 20 ہزار ایکڑ پر کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ضلع ساہیوال میں 76 ہزار ایکڑ، ضلع اوکاڑہ میں 18 ہزار ایکڑ جبکہ ضلع پاکپتن میں 26 ہزار ایکڑ پر کپاس کاشت کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع ساہیوال میں 52600 ایکڑ، اوکاڑہ میں 7300 ایکڑ جبکہ ضلع پاکپتن میں 10200 ایکڑ پر کپاس کی اگیتی کاشت کروی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا اچانک دورہ

ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز اور سٹاف کی حاضری چیک کی اور زیر علاج مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کا رات گئے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا اچانک دورہ، ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز اور سٹاف کی حاضری چیک کی اور زیر علاج مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کی ہدایت کی گئی ہے ایمرجنسی سمیت تمام ادویات ہسپتال کے اندر سے فراہم کی جائیں گی اور ہسپتال میں دستیاب کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی سے غیر حاضری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف ڈیوٹی پر موجود رہیں ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ہسپتال کے واضح مقامات پر ادویات کی فہرستیں اور ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹر آویزاں کیے جائیں انہوں نے ہسپتال کے تمام شعبہ جات کا معائنہ کیا اور حاضری چیک کی انہوں نے موقع پر موجود میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں ڈسپلن کو برقرار رکھا جائے اور مریضوں کو تمام سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کا ساہیوال ماڈل روڈ پر سرپرائز وزٹ

اس موقع پر ڈی۔ٹی۔او۔ساہیوال مرزا تنویر بیگ بھی موجود تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کا ساہیوال ماڈل روڈ پر سرپرائز وزٹ۔ اس موقع پر ڈی۔ٹی۔او۔ساہیوال مرزا تنویر بیگ بھی موجود تھے سرکل افسران کو ٹریفک کی روانی، ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد اور عوامی سہولیات کو ترجیح دینے سے متعلق واضح ہدایات جاری کی گئیں۔ علاوہ ازیں گورنمنٹ آف پنجاب کے ویژن کے مطابق لین لائن اور موٹرسائیکل سواروں کے ہیلمٹ کے استعمال پر سختی سے عملدرآمد کروانے پر زور دیا گیا۔ ساہیوال سٹی ٹریفک پولیس ٹریفک نظام کی بہتری اور شہریوں کے محفوظ سفر کے لیے ہمیشہ کی طرح مصروف عمل ہے۔

اولیا کرام کے مزارات محبت اور خدا کی اطاعت کا درس دیتے ہیں

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت) اولیا کرام کے مزارات محبت اور خدا کی اطاعت کا درس دیتے ہیں۔ دینی رہنمائی اور مخلوق خدا کی خدمت کا سفر اڑھائی سو سال سے پشت در پشت جاری ہے۔ پیر حبیب اللہ قادری کی سالانہ عرس مبارک پر میڈیا سے گفتگو۔ تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد للیانی کے نواحی علاقے رائے کلاں میں پیر عبداللہ شاہ قادری کے عرس مبارک کی تقریبات اختتام پذیر ہوگئیں۔ عرس میں ملک کے طول و عرض سے ہزاروں مریدین اور اولیا سے محبت کرنے والوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر گدی نشین پیر سید حبیب اللہ قادری نے کہا کہ ہمارا سلسلہ اڑھائی سو سال سے عوام کی خدمت کر رہا ہے۔ ہم اپنے آباؤ اجداد کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق لوگوں کیلیے آسانیاں فراہم کر رہے ہیں۔ صدیوں سے دین کی خدمت کا سفر جاری ہے۔

تھانہ صدر پتوکی سے دو لڑکیاں اغواء پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

پتوکی (نامہ نگار) تھانہ صدر پتوکی سے دو لڑکیاں اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی کی حدود چک آبادی کوٹ اکبر کے رہائشی خالد کی دو بیٹیاں عائشہ بعمر 18 سال اور مقدس بعمر 20 سال صبح سے گھر سے غائب ہونے پر اہلخانہ نے 15 پر کال کی کافی تلاش کے بعد پولیس نے مقدمہ نمبر 430/25 بجرم 365B ت پ کا مقدمہ درج کر کے مغوی لڑکیوں کی تلاش شروع کر دی۔

پتوکی تھانہ صدر کی حدود میں 15 سالہ لڑکے کے ساتھ زیادتی کا واقعہ

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی تھانہ صدر کی حدود میں 15 سالہ لڑکے کے ساتھ زیادتی کا واقعہ، مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی کی حدود کرانی والا چک 5 میں یاسین نامی شخص نے 15 سالہ عثمان کو ورغلا پھسلا کر دربار کے قریب زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس نے زیادتی کا نشانہ بننے والے بچے کی چچا کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 428/25 بجرم 377 درج کر لیا۔

جہلم پنجاب حکومت نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب حکومت نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، پولیس آرڈر 2002 میں تبدیلی کر کے آرڈیننس 2025 کی منظوری دی گئی، آرڈیننس کے تحت نئے ڈیپارٹمنٹ یونٹ سی سی ڈی کا سربراہ ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ ہوں گے نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل آئی جی یونٹ میں افسران کے تبادلے کریگا، ہر ضلع میں سی سی ڈی کا ایک تھانہ ہوگا جبکہ لاہور میں سی سی ڈی کے تین تھانے ہوں گے۔ سی سی ڈی تھانوں میں ڈکیتی، قتل ڈکیتی قتل، اغواء برائے تاوان بھتہ خوری، بچوں کیساتھ زیادتی، خواتین کیساتھ اجتماعی زیادتی، چوری، گھروں میں ڈکیتی، قبضہ مافیا سمیت دیگر 18 سنگین مقدمات کی تفتیش کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا کہ ضلع میں درج کسی بھی اہم اور بڑے مقدمہ کی تفتیش سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کو منتقل ہو جائے گی، اہم کیسز کی تفتیش مقدمہ مدعی کی درخواست پر بورڈ کے افسران سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کو منتقل کریں گے۔

دو مختلف واقعات میں ایک خاتون کو ہوس کا نشانہ بنا ڈالا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف واقعات میں ایک خاتون کو ہوس کا نشانہ بنا ڈالا جبکہ ایک خاتون اغوا۔ داؤ کے کلاں کے عنصر کی بھابھی 21 سالہ (ش) کو اوباش ارشد ورغلا پھسلا کر ڈیرہ پر لے گیا اور زبردستی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا محلہ تلواڑہ راجپوتاں ناظم شہزاد کی بیٹی 21 سالہ (ت) گھر سے بازار جانے کیلئے نکلی جسے کسی نامعلوم نے حرامکاری کی نیت سے اغوا کر لیا پولیس نے مقدمات درج کر لئے

موٹروے یا ہائی ویز پر ڈرائیونگ میں حد درجہ احتیاط کریں: چیئرمین سیال حسن علی بھٹی

سیف سٹی کیمرے ایکٹو ہیں قانون کی پاسداری لازمی کریں: سیالکوٹ ٹریفک پولیس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مہذب قومیں ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کرتی ہیں۔ سیالکوٹ تا اسلام آباد راولپنڈی یا لاہور موٹروے و ہائی ویز یا جی ٹی روڈ میں یکم اپریل سے سیف سٹی کیمرہ پروجیکٹ ایکٹیو کر دیا گیا ہے۔ جس سے گاڑیوں کی مانیٹرنگ کے ساتھ ساتھ ای چالان ہونا بھی شروع ہو چکے ہیں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی یا اوورسپیڈ نے پر جرمانے و گرفتاریاں عمل میں آرہی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار چیئرمین سیال حسن علی بھٹی، ڈائریکٹر سیال عامر حمید بھٹی و معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ دوسری جانب انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ

سٹی ٹریفک پولیس سیالکوٹ

سیالکوٹ سید شفقت رسول نے ڈی ایس پی صدر عدنان قاسم واہلہ، ڈی ایس پی ٹریفک سٹی مبشر قادر، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مدثر صدیق وسٹی ٹریفک ٹریننگ ریسورس پرسن خرم شہزاد ملک کا کہنا ہے کہ ڈرائیونگ میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں ذرا سی بے احتیاطی آپ کو بھاری جرمانہ کرا سکتی ہے۔ ہائی ویز موٹرویز و بڑی شاہراہوں پر یک دم اپنی لائن چینج کرنے پر جرمانہ 2000 ہوگا۔

قوموں کی تقدیر بدلنے میں اساتذہ کا کردار کلیدی ہے: محمد حنیف سلیمی

اس موقع پر الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، محمد ارشد چیمہ، محمد انور وڑائچ، محمد ارشد وڑائچ، گلزار احمد چیمہ اور اعجاز احمد چیمہ بھی موجود تھے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ نے کہا ہے کہ قوموں کی تقدیر بدلنے میں اساتذہ کا کردار کلیدی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے اساتذہ کرام ممتاز ماہر تعلیم محمد حنیف سلیمی اور افتخار احمد سلیمی کی عیادت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، محمد ارشد چیمہ، محمد انور وڑائچ، محمد ارشد وڑائچ گلزار احمد چیمہ اور اعجاز احمد چیمہ بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے پہلے معلم و محسن اعظم حضور سرور کائنات ہیں جنہوں نے نہ صرف ہمیں رب کی پہچان کرائی بلکہ دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کے طریقے بھی بتائے، انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار، ہمارے محسن اور افتخار ہیں، اساتذہ ملک و قوم کے مستقبل کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، استاد روحانی باپ ہے جو طلباء کی تعلیم کے ساتھ کردار سازی بھی کرتا ہے، جو قومیں اساتذہ کا احترام ادب اور تعلیم سے رشتہ مضبوط رکھتی ہیں ترقی و خوشحالی کے سفر میں آگے ہوتی ہے، اساتذہ کو احترام و توقیر دیئے بغیر معاشرہ ترقی کی جانب گامزن نہیں ہو سکتا، اساتذہ کی انتھک محنت اور کاوشوں سے اعلی وارفع قومیں وجود میں آتی ہیں۔

سالانہ عرس مبارک خواجہ گان چشت حضرت میاں غلام قادر چشتی نظامی

حضرت خواجہ میاں غلام قادر چشتی کی روحانی خدمات اور علمی ورثہ پر روشنی ڈالی گئی

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) حضرت میاں غلام قادر چشتی نظامی کا سالانہ عرس مبارک بخیر و برکت دربار شریف پر منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر خادم دربار و گدی نشین حاجی عبدالرشید چشتی نے اہم خطاب کیا اور حضرت خواجہ میاں غلام قادر چشتی کی روحانی خدمات اور علمی ورثہ پر روشنی ڈالی۔ عرس کی تقریب میں ملک بھر سے زائرین نے شرکت کی اور روحانیت کے اس عظیم پیغام کو دلوں میں سمو کر واپس روانہ ہوئے۔ دربار کے دروازے پر خیر مقدمی اور درگاہ کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا گیا تاکہ زائرین کو سہولت فراہم کی جا سکے۔ اس موقع پر معروف قوالوں کاشف علی زید علی مت خان نے حضرت خواجہ میاں غلام قادر چشتی کے حضور پر تاثیر قوالیوں کا نذرانہ پیش کیا، جس سے محفل میں روحانیت اور عقیدت کا رنگ مزید گہرا ہو گیا۔ ان کی دلکش آوازوں میں "چشتیہ لال کا رنگ" اور "مجھ پہ کرم کی نظر" جیسے نغمات سن کر حاضرین وجد میں آگئے۔ قوالی کی محفل میں عمران انصاری، عبدالرحمان اور دیگر دوست احباب و عقیدت مند بھی شامل ہوئے، جنہوں نے اس روحانی محفل کی رونق بڑھائی اور حضرت خواجہ میاں غلام قادر چشتی کے لیے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن

چکن و بیف کی اوور چارجنگ پر متعدد دکانداروں کو 50 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز کی مہنگے داموں گوشت فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن، انہوں نے شہر کے مختلف مقامات پر گوشت فروخت کرنے والی دکانوں کی چیکنگ کی اور چکن و بیف کی اوور چارجنگ پر متعدد دکانداروں کو 50 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ممتاز نے کہا کہ عوام کو مہنگے داموں گوشت بیچنے والے دکانداروں کی تسلسل سے چیکنگ کا عمل جاری ہے اور نرخ ناموں کے برعکس عوام سے زائد پیسے وصول کرنے والے دکانداروں کو بھاری جرمانوں اور مقدمات کا سامنا کرنا پڑے گا، مصنوعی مہنگائی کے ذریعے عوام سے دھوکہ دہی ناقابل قبول ہے اور اس فعل میں ملوث افراد کو کسی طور بھی معاف نہیں کیا جائے گا۔

فرید ٹاؤن میں مسلح افراد کی شدید فائرنگ علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) تھانہ سیٹلائیٹ کے علاقہ فرید ٹاؤن میں مسلح افراد کی شدید فائرنگ علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا، تفصیلات کے مطابق مورخہ 2 اپریل 2025ء کو بشری بانو اپنے گھر فرید ٹاؤن گلی نمبر 57 میں اپنے اہلخانہ کے ساتھ سو رہی تھی کہ تقریباً رات 3 بجے رانا سردار عرف دارا بلوچ ولد رانا یوسف مسلح پسٹل اپنے حقیقی بھائی گلزار احمد عرف گلزاری مسلح پسٹل اپنے قریبی ساتھیوں کے ساتھ جن کے نام آصف عرف آصو، ظفر عرف ظفری اور 8 نامعلوم کے ساتھ بشری بانو کے دروازے پر آدھا گھنٹہ وقفے وقفے فائرنگ کرتے رہے جب پولیس موقع پر پہنچی تو ملزمان موقع سے فرار ہو گئے، شدید فائرنگ سے علاقہ میں خوف و ہراس پھیل گیا، سائلہ بشری بانو کا کہنا ہے کہ اس واقع میں میری ہمسائی کنیز عرف کیجو ملوث ہے، سائلہ بشری بانو نے اپیل کی ہے کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور مجھے انصاف دلایا جائے۔

حافظ آباد: چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال، اہلخانہ پر ڈنڈوں سے وار

ایک خاتون سمیت 5 افراد شدید زخمی اور لہولہان ہو گئے: پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے محلہ شریف پورہ میں 10 سے زائد مسلح ملزمان نے معمولی جھگڑے پر ایک گھر میں چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے اہل خانہ کو ڈنڈے سوٹوں اور اینٹوں سے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس سے ایک خاتون سمیت 5 افراد شدید زخمی اور لہولہان ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق شہریار ولد محمد ریاض جو کہ دوکانداری کا کام کرتا ہے ایک روز قبل ملزمان کی اسکے بھائی شاہزیب سے تو تکرار ہوئی جس پر ملزمان سعود بٹ ولد خالد بٹ، وسیم افضل، خالد، مون، عمیر انس، مدثر وغیرہ جو کہ ڈنڈے سوٹوں اور ہاکیوں سے مسلح تھے انہوں نے شہریار کے گھر داخل ہو کر تمام اہل خانہ کو ڈنڈے سوٹوں سے ظالمانہ تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے ساجد حسین، محمد ریاض، شاہزیب، عابد حسین، محمد علی اور سمیرا بی بی کو شدید زخمی اور لہولہان کر دیا اور بعد ازاں ملزمان سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ملزمان نے اہالیان محلہ کو حراساں کرنے کے لئے ایک گینگ بنا رکھی ہے جس کا اب تک کئی لوگ شکار ہو چکے ہیں۔ پولیس نے دس سے زائد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

یوگا فٹنس کلب زرعی فارم ہاؤسنگ کالونی اور کمپنی باغ کے زیر اہتمام ورزش آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا

ریلی کی قیادت سینئر استاد میاں اختر حسین جالندھری اور پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد خان نے کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) یوگا فٹنس کلب زرعی فارم ہاؤسنگ کالونی اور کمپنی باغ کے زیر اہتمام ورزش آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت سینئر استاد میاں اختر حسین جالندھری اور پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد خان نے کی ریلی میں الحاج ملک محمد اسلم بلوچ، رانا محمد اکرم، چوہدری شفقت علی جٹ کجر، پروفیسر چوہدری محمد اشفاق ورک محمد عارف خان سندھیلہ، امجد رندھاوا، رانا وزیر علی خان ایڈووکیٹ، رانا محمد شفیق، رانا عابد، سید علی معظم رضوی، اجمل بھٹی، ملک ذوالفقار اعوان، رانا محمد اشرف، علی امتیاز شیخ، راجہ ریاض، محمد احسان، سلطان گولڈن، نعیم شہزاد سراء، ظفر اللہ واہلہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی ریلی کمپنی باغ سے شروع ہو کر بتی چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی راستے میں دو مقامات پر شرکاء ریلی سے مقررین نے خطاب کیا جس میں انہوں نے یوگا ورزش کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور اسکی افادیت بیان کر کے ہر فرد کو ورزش کو معمول بنانے کی ہدایت کی، شرکاء ریلی کے اعزاز میں زرعی فارم میں پرتکلف کھانا دیا گیا۔

تین افراد 28 سالہ لڑکی کو گھر سے اغوا کر کے نقدی رقم اور طلائی زیورات لے گئے

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) تین افراد 28 سالہ لڑکی کو گھر سے اغوا کر کے نقدی رقم اور طلائی زیورات لے گئے، ٹریفک پولیس میں تعینات محلہ باغیچی کے رہائشی شوکت علی نے پولیس کو بتایا کہ گزشتہ روز پچھلے پہر میری بیوی بازار سے سامان خریدنے کیلئے گئی، اس دوران محمد اسلم اور 2 نامعلوم افراد اسلحہ کے زور پر گھر میں داخل ہو گئے اور میری 28 سالہ بیٹی (ف) کو اغوا کر کے الماری پڑے 50 ہزار نقدی اور 3 تولہ طلائی زیورات لے کر فرار ہو گئے۔

پولیس نے منشیات فروش کو گرفتار کر کے ڈیڑھ کلو چرس برآمد کر لی

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) پولیس نے منشیات فروش کو گرفتار کر کے ڈیڑھ کلو چرس برآمد کر لی، پولیس پارٹی نے اطلاع ملنے پر دفتوہ روڈ مسجد کے قریب چل پھر کر منشیات فروشی میں مصروف ملزم کاشف کو پکڑ لیا اور اس کے قبضہ سے 1500 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

چھ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان سے محروم ہو گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چھ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان سے محروم ہو گئے۔ پسرور روڈ سے محمد قاسم کی موبائل ریپیرنگ شاپ کے روشندان توڑ کر نامعلوم ملزمان گلے سے ساڑھے تین لاکھ نقدی، ریپیئر شدہ 27 موبائل اور 150 چینل چوری کر کے لے گئے گھوئینکی کے علی مرتضی سے دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 45 ہزار روپے، شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ اور ضروری دستاویزات چھین لئے سنگووالی کے عاطف علی سے دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 10 ہزار، موبائل فون، موٹر سائیکل جبکہ ہاشم سے موبائل فون، نقدی 3 ہزار اور دیگر راہگیروں عبدالرحمن سے نقدی 4 ہزار اور موبائل فون مظہر حسین سے 8 ہزار روپے اور موبائل فون اور شاہد محمود سے 17 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر لے گئے گلہ بسم اللہ ایگرو عتیق الرحمان کی ورکشاپ سے نومعلوم چور ایک عدد گیس کٹر، دو عدد ونگ گرینڈر اور ایک عدد توا گرینڈر چوری کر کے لے گئے اور محلہ شریف پورہ سے نوید انور کا رکشہ چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

تھانہ بنگلہ گوگیرہ کی حدود میں خاتون کے قتل کی لرزہ خیز واردات

خاتون کی شناخت چندہ ثناء کے نام سے ہوئی جو کہ عارف والا کے نواحی گاؤں 35 اے بی کی رہائشی تھی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ سٹیج اداکارہ چندہ ثناء کے قتل کا معاملہ۔ تھانہ بنگلہ گوگیرہ کی حدود میں خاتون کے قتل کی لرزہ خیز واردات۔ خاتون کی شناخت چندہ ثناء کے نام سے ہوئی جو کہ عارف والا کے نواحی گاؤں 35 اے بی کی رہائشی تھی۔ مقتول سٹیج اداکارہ چندہ کا پوسٹمارٹم مکمل نعش ورثاء کے حوالے کر دی۔ سٹیج اداکارہ کو تشدد کے بعد فائرنگ کر کے قتل کیا۔ سٹیج اداکارہ چندہ کے والد یوسف کی مدعیت میں مقدمہ درج مہر علی شاہ اور ساتھی نامزد۔ واقعہ پر ڈی پی او اوکاڑہ کا نوٹس ملزمان کی گرفتاری کا حکم۔ ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ پولیس کی جانب سے ورثاء کو انصاف کی یقین دہانی کروائی گئی۔

تھانہ چناب نگر پولیس نے چند روز قبل کمسن بچے کے قتل کا معمہ حل کر لیا

5 سالہ بچے محمد حسیب کی نعش گھر کے قریب پلاٹ سے ملی، ملزم گرفتار

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ چناب نگر پولیس نے چند روز قبل کمسن بچے کے قتل کا معمہ حل کر لیا۔ تھانہ چناب نگر پولیس نے پیشہ وارانہ مہارت سے قاتل کا سراغ لگا لیا۔ اس حوالے سے ڈی ایس پی سرکل لالیاں لالیاں، تھانہ چناب نگر پولیس اور دیگر افسران موقع پر پہنچ گئے۔ ڈی پی او نے لواحقین سے اظہار تعزیت کی اور انصاف کی فراہمی کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی پی او عبداللہ احمد نے ڈی ایس پی سرکل لالیاں غضنفر علی کی

سربراہی میں اندھے قتل کی تحقیقات، ملزمان کی گرفتاری کیلئے ایس ایچ او تھانہ چناب نگر سب انسپکٹر شبیر قمر سب انسپکٹر محمد اسلم، آرگنائزڈ کرائم یونٹ سے نصر اللہ خان و ہمراہی ملازمان پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی۔ پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی، ہیومن انٹیلی جنس، پیشہ وارانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے مدعی مقدمہ کی ہمسائی مہرینہ کنول کو گرفتار کر لیا ملزمہ نے کمسن بچے محمد حسیب کو سابقہ رنجش کی بناء پر قتل کر کے نعش چھت سے نیچے پھینک دی تھی۔ غضنفر علی نے پریس کانفرنس کے دوران میڈیا کو بتایا کہ تھانہ چناب نگر پولیس کو مورخہ 26-03-2025 کو محمد حسیب ولد ملازم حسین قوم ہرل سکنہ مسلم کالونی کے گھر سے لاپتہ ہونے کی اطلاع موصول ہوئی جس کی بابت تھانہ چناب نگر پولیس نے مقدمہ نمبر 196/25 بجرم 363 ت پ درج کر لیا۔ 5 سالہ بچے محمد حسیب کی نعش گھر کے قریب پلاٹ سے ملی۔ اس افسوس ناک واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد، ڈی ایس پی سرکل

سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا

اجلاس میں چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ جنرل سیکرٹری محمد صاحب میئو کی شرکت

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل کی رہائشگاہ پر منعقد ہوا جس میں چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ جنرل سیکرٹری محمد صاحب میئو نائب صدر ظہیر ارشد مغل انفرمیشن سیکرٹری ولید الطوال ممبر سپریم کونسل عثمان مان ایڈووکیٹ ممبران میاں عبدالمنان حافظ وحید مغل شاہد محمود بٹ محسن رشید اور ناصر محمود اعوان نے شرکت کی شرکاء نے غزہ پر اسرائیل کی مسلسل جارحیت کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ یہودی قوتوں نے فلسطین پر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی ہے اس سے بھی زیادہ افسوسناک عالم اسلام کی خاموشی ہے مسلمانوں کو ایک ایک کر کے ختم کیا جا رہا ہے اور تمام اسلامی ممالک کے سربراہان خاموش تماشائی ہیں دنیا کے سب سے بڑے دہشت گرد اسرائیل اور اس کے حواریوں کو منہ توڑ جواب دینا وقت کی اہم ضرورت ہے حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فی الفور اسرائیل کی تمام مصنوعات پر پابندی عائد کر دی جائے۔

پتوکی تھانہ صدر پھولنگر کی حدود سے 18 سالہ لڑکی اغواء، مقدمہ درج

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی تھانہ صدر پھولنگر کی حدود سے 18 سالہ لڑکی اغواء، مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی علاقہ جمبر تھانہ صدر پھولنگر کی حدود سے وسیم نامی شخص نے اپنی ہمسائیہ میں آباد 18 سالہ رابعہ کو اغواء کر لیا پولیس نے مغوی لڑکی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 951/25 بجرم 365B مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔

اوکاڑہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جوس کی جعلی پیکنگ کرنے والا یونٹ پکڑ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جوس کی جعلی پیکنگ کرنے والا یونٹ پکڑ لیا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم کی ریکی کے دوران 2R/24 min جوس مینوفیکچرنگ یونٹ پر کارروائی۔ مالکان کیخلاف مقدمہ درج، پروڈکشن یونٹ کو بند کر دیا گیا۔ 50 لٹر جعلی جوس کی بوتلیں، مینگو پلپ تلف۔ سیلنگ مشین، ڈسپوزیبل کپ اور لیبلنگ پیپر ضبط کر لیا گیا۔

ضلع بھر میں افغانیوں کیخلاف کریک ڈاؤن

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پولیس نے ضلع بھر میں افغانیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے اب تک 120 سے زائد افغانیوں کو حراست میں لیکر کالیکی کے قریب ٹبہ کے مقام پر قائم کردہ افغان کیمپ میں منتقل کر دیا جہاں سے انہیں افغانستان منتقل کر دیا جائے گا۔ جبکہ مذکورہ کریک ڈاؤن کے بعد متعدد افغانی زیرزمین چلے گئے۔

پولیس کا فارم ہاؤس میں ڈانس پارٹی پر چھاپہ، نشہ میں دُھت 35 مرد اور 25 خواتین گرفتار

فارم ہاؤس کے مالک اور ڈانس آرگنائزر احسن رشید، محمد شہزاد موقع سے فرار ہو گئے، کارروائی کا آغاز

مصطفی آباد للیانی (نمائندہ خصوصی/علی ملک سے) پولیس کا فارم ہاؤس میں ڈانس پارٹی پر چھاپہ، نشہ میں دُھت 35 مرد اور 25 خواتین گرفتار، تفصیلات کے مطابق پولیس کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی کہ پکی حویلی کے قریب واقع آئی جے فارم ہاؤس پر متعدد مرد اور خواتین ڈانس پارٹی کرنے میں مصروف ہیں، جس پر ڈی ایس پی صدر افضل ڈوگر کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد اور دیگر نفری نے مذکورہ جگہ چھاپہ مار کر ڈی جے پر نشہ کی حالت میں ڈانس کرنے مصروف محمد اویس، کلیم عثمان، بلال، ریحان، سانول اللہ دتہ، ساحل اصغر نعمان جاوید، یاسر، عابد عبیداللہ، رمیض فاروقی، خواجہ زین، عبدالرحمان، عبدالرافع جمال، سرور، دانیال فراز، نواز خاں، احمد سلیم محمد معظم، اقدس، عبدالرحمان، رائیل بٹ، سعد بٹ، وہاب مرزا، سعید علی شاہد، حارث، عبدالرحمان جاوید، حافظ محمد معید محمد سعد، شازب، راشد منہاس، تیمور حسن، آکاش بھٹی اور خواجہ احمد، جبکہ خواتین نداد اختر جاوید، زینب نمرا علیم، صدف علی، زمر، انفال فاطمہ، نمرا، اقراء اقبال، صباء، حجاب داؤد، سحر شمع اللہ دتہ، مہوش، ماہ نور طلیبہ، آمنہ یوسف، مسکان فاطمہ، رافع اقبال نشیط جمنہ، ماریہ، اریشہ، شاہد بتول، نجمہ اور وفا توقیر کو گرفتار کر کے 10 بوتل ولائتی شراب، حقہ برائے شیشہ سموکنگ، 3 سپیکر، 4 عدد ساؤنڈ سسٹم، 20 عدد ٹیبلٹس ڈانسنگ بلز اور فارم ہاؤس کے باہر کھڑیں 25 کاریں قبضہ میں لے لیں، جبکہ فارم ہاؤس کے مالک اور ڈانس آرگنائزر احسن رشید محمد شہزاد موقع سے فرار ہو گئے۔

شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ 07 ملزمان گرفتار

گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کے احکامات کے پیش نظر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی نوشہرہ ورکاں ریحان ضیاء کی زیرنگرانی، ایس ایچ او تھانہ نوشہرہ ورکاں سب انسپکٹر طاہر سجاد و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شادی کے موقع پر ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے والے دلہا سمیت 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے کلاشنکوف، رائفل 223 بور، پسٹل 9MM، شراب اور درجنوں گولیاں برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان

میں حمزہ، سید روحان، بلال احمد وغیرہ شامل ہیں۔ سماجی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ نوشہرہ ورکاں اور ان کی پولیس ٹیم کے جوانوں کو شاباش دی۔

افواج پاکستان کو متنازعہ بنانے کی کوششیں کرنے والے محب وطن نہیں: میاں خالد محمود

جب بھی ملک کو خطرات کا سامنا ہوا پاک فوج نے قربانیوں کی لازوال داستان رقم کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ جب بھی ملک کو خطرات کا سامنا ہوا پاک فوج نے قربانیوں کی لازوال داستان رقم کی وطن عزیز کی حفاظت کیلئے قربانیاں دینے والے شہدا کو پوری قوم خراج تحسین پیش کرتی ہے افواج پاکستان کو متنازعہ بنانے کی کوششیں کرنے والے محب وطن نہیں ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی ناگزیر ہے ریاستی اداروں کے خلاف پراپیگنڈہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کیلئے حکومت کو مربوط لائحہ عمل مرتب کرنا ہوگا، ملکی استحکام و معاشی ترقی کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کا کردار کلیدی ہے جبکہ ملک میں پائیدار قیام امن اور سرحدوں کی حفاظت کیلئے پاک فوج کی خدمات ناقابل فراموش ہیں فوجی جوان ہمارے کل کو محفوظ بنانے کیلئے اپنا آج قربان کر رہے ہیں اور غیور پاکستانی قوم اپنی جری و بہادر افواج کی پشت پر کھڑی ہے جو ملک دشمن طاقتوں کی افواج پاکستان کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دے گی فوج اور عوام میں خلیج پیدا کرنے کی کوششیں کرنے والے منہ کی کھائیں گے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

واپسی کے لیے جاری آپریشن کے بارے میں آگاہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور وزیر داخلہ کے درمیان دریائے سندھ سے نکالی جانے والی نہروں پر عوامی ردعمل پر بھی بات چیت ہوئی جبکہ وفاقی وزیر داخلہ نے وزیراعظم کو بجلی کی قیمت کم کرنے پر بھی مبارک باد دی۔ذرائع نے بتایا کہ وزیر داخلہ نے ملاقات میں امن وامان سمیت سیاسی صورت حال پر بریف کیا، اس دوران بلوچستان اور کے پی میں امن امان کے لیے کیے گئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام اور امن امان کی صورت حال دن بدن ٹھیک ہو رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

وہ پارٹی قائد نواز شریف سے اہم مشاورت کریں گے۔نواز شریف لندن میں دو ہفتے قیام کریں گے۔ اس دوران وہ مسلم لیگ (ن) کے اوورسیز کنونشن سے خطاب کریں گے اور اپنی صحت سے متعلق میڈیکل چیک اپ بھی کروائیں گے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق، اس دورے میں آئندہ کی سیاسی حکمت عملی، حکومت کی کارکردگی اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال متوقع ہے۔اوورسیز پاکستانیوں سے رابطہ بڑھانے اور پارٹی بیانیے کو عالمی سطح پر مضبوط بنانے کے لیے بھی اہم فیصلے کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 3

فائدہ اٹھاتے ہوئے خوارج کے ایک گروپ نے شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل سے پاکستان میں داخلے کی کوشش کی۔سیکیورٹی فورسز نے خوارج کی پیش قدمی کو روکتے ہوئے جوابی کارروائی کی جس کے دوران فائرنگ کے شدید تبادلے اور جھڑپ میں 8 خوارج ہلاک جبکہ چار زخمی ہوئے جنہیں گرفتار کرلیا گیا ہے۔آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان متعدد بار دہشت گردوں کی دراندازی اور موجودگی کے حوالے سے افغان حکومت کو آگاہ اور مطالبہ کرچکا ہے کہ دہشت گرد گروپس کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ترجمان پاک فوج نے کہا کہ افغان حکومت سے بارہا مطالبہ کیا کہ وہ بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے اور اپنی سرزمین پر موجود پاکستان مخالف دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کرے۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ علاقے میں دیگر خوارج کی موجودگی کے پیش نظر آپریشن کلیئرنس اپ جاری ہے اور سیکیورٹی فورسز وطن عزیز سے دہشت گردی کے خاتمے اور سرحدوں کی حفاظت کیلئے چوکس و پرعزم ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے حسن خیل کے علاقے میں پاکستان-افغانستان سرحد سے فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں کی پاکستان میں دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کی پزیرائی کی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے۔وزیراعظم کی 8 خارجیوں کو جہنم رسید کرنے اور چار کو زخمی حالت میں گرفتار کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں نے فتنۃ الخوارج کے پاکستان میں شرانگیزی کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔

بقیہ بقیہ جات 4

باشندوں کو طورخم روانہ کردیا گیا۔ادھر بہاولپور سے بھی خواتین اور بچوں سمیت 47 افغان شہریوں کو تحویل میں لیکر کیمپ منتقل کردیا گیا اور انہیں طورخم کے راستے ڈی پورٹ کرنیکے لیے روانہ کردیا۔اس کے علاوہ صوبے بلوچستان سے 11 افراد پر مشتمل افغان خاندان کی افغانستان واپسی کے انتظامات بھی کر دیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 5

میانمار کے شہر ینگون میں باضابطہ طور پر مقامی حکام کے حوالے کر دی گئی۔تفصیلات کے مطابق 35 ٹن ہنگامی امدادی سامان پر مشتمل یہ دوسری کھیپ ینگون بین الاقوامی ہوائی اڈے پر میانمار کے حکام کے سپرد کی گئی جس کے بعد حالیہ زلزلے کے بعد بھیجی گئی مجموعی امداد 70 ٹن تک پہنچ گئی ہے۔یہ امداد وزیراعظم پاکستان کی خصوصی ہدایات پر روانہ کی گئی، جس کے لیے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے موثر رابطہ کاری اور تیز تر ترسیل درآمد کو یقینی بنایا۔تقریب میں میانمار میں پاکستان کے سفیر عمران حیدر اور پاکستانی سفارتخانے کے اہلکاروں نے شرکت کی۔ امدادی سامان ینگون ریجن کے وزیر اعلیٰ اور وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل ٹریننگ کے حوالے کیا گیا۔ترجمان این ڈی ایم اے کے مطابق حکومت پاکستان اور این ڈی ایم اے میانمار کے زلزلہ متاثرین کو امداد فراہم کرنے کے اپنے عزم پر ثابت قدم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

کہا کہ جمعہ 11 اپریل کو ملک بھر میں غزہ کی حمایت میں احتجاج کریں گے، 13 اپریل کو کراچی میں فلسطین مارچ ہوگا، 20 اپریل کو اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے کی طرف مارچ کریں گے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان سے پارلیمنٹرین کا وفد ترکیہ، ایران، ملائیشیا سعودی عرب، مصر سمیت مسلم ممالک سے بات کرے کہ اسرائیل گھیراؤ کو توڑا جائے۔انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں فلسطین کے معاملہ پر قبرستان جیسی خاموشی ہے، امریکا، برطانیہ اور یورپ کے چہرے کا نقاب اتر چکا ہے، ثابت ہوگیا مغرب آج بھی اتنا ہی وحشی ہے جتنا ڈارک ایجز میں تھا۔انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک نے بھی بے حسی کی چادر اوڑھ رکھی ہے، مسلم ممالک غیرت کا مظاہرہ کرتے تو جو کچھ آج غزہ میں ہورہا ہے شاید ایسا نہ ہوتا۔حافظ نعیم الرحمان کا مزید کہنا تھا کہ فلسطینیوں کے حقوق کیلیے حکومت سے بات کریں گے، جب وزیراعظم سے بات ہوئی تب بھی غزہ میں قتل عام کی طرف انکو توجہ دلائی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 7

سرکاری طور پر جائیں گے، ان کے انتظامات آخری مراحل میں ہیں، اس سلسلے میں وزیراعظم کی واضح ہدایات ہیں۔لاہور میں نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہمارا ٹریننگ کا پہلا سیشن مکمل ہوگیا ہے، دوسرے مرحلے کا تربیتی کیمپ 8 اپریل سے شروع ہوگا، حجاج وہاں تیاری کے ساتھ جائیں، ٹریننگ پر زیادہ کام کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حج عمرے کا تعلق عقیدے کے ساتھ تعلق ہے، جو بھی اس حوالے سے کام کیا جاتا ہے وہ عقیدہ ہے، اس حوالے سے شہباز شریف سے ملاقات ہوئی، ان کی ہدایت پر عمل کر رہے ہیں، حجاج کو ویکسینیشن سمیت دیگر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ بزرگ حضرات کے حوالے سے خاص خیال رکھا جائے، پنجاب یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں تربیت دی جائے گی، ملک بھر میں جب پروازیں شروع ہوں گی، افسروں کی ڈیوٹیاں لگائی جائیں گی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پروازیں 28 مئی سے شروع ہوں گی، 90 ہزار حاجی سرکاری طور پر جائیں گے، ان کے انتظامات آخری مراحل میں ہیں، اس سلسلے میں وزیراعظم کی واضح ہدایات ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر کوئی افسر ذمہ داری سے کام کرتا ہے تو یہ ہمارا عقیدہ بھی ہے، یہی وجہ ہے جب میں پہلے 2013 سے 2018 تک وزیر رہا، ہماری کوشش تھی کہ عام فرد حج کر سکے، اب انٹرنیشنل حج پیکج 10 لاکھ 50 ہزار تک چلا گیا ہے، شاٹ ٹرم، 21 سے 22 روز کیلئے ہوتا ہے وہ 11 لاکھ 50 ہزار روپے میں ہوگا، جو پیسے بچ جاتے ہیں وہ حاجی کو واپس کردیے جاتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ یہ حاجیوں کا حق ہے ان کو واپس دینا، باقی 2 مہینے باقی رہ گئے ہیں، حاجیوں کے لئے اچھے انتظامات ہوں گے، وہاں سعودی حکومت بہتر سے بہتر انتظامات کرتے ہیں۔سردار یوسف نے کہا کہ وزیر حج نے بتایا کہ حجاج کی سہولت کیلئے میڈیکل مشن، ٹرانسپورٹ سمیت دیگر انتظامات بہتر کیے ہیں، یہ انتظامات سعودی حکومت خود کرتی ہے، مجھے یہ آج تک اطلاع نہیں ہے کہ کسی حاجی نے بھیک مانگی ہو۔

بقیہ بقیہ جات 8

خصوصی سہولت بازاروں سے عوام کو اوپن مارکیٹ کی نسبت 31 فیصد زیادہ ریلیف ملا۔ان رمضان سہولت بازاروں سے 3 ارب 11 کروڑ روپے کی تاریخ ساز خریداری ہوئی۔ دوسری طرف نام نہاد تبدیلی کی دعویدار کے پی حکومت نے تو اپنے پارٹی کے لوگوں کو ہی 10 ارب روپے رمضان پیکج کے نام پر بانٹ دیے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیرسٹر سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں سب سے زیادہ لوگوں کو رمضان پیکج اور سہولت بازاروں میں ریلیف دیا گیا ہے۔دوسری جانب خیبر پختونخواہ میں ایک بھی رمضان بازار نہیں لگا سکے۔جھوٹے پروپگنڈے سے کے پی حکومت کی کرپشن اور چوریاں چھپ نہیں سکتیں۔گنڈاپور واحد وزیراعلی ہے جس کو اپنی ہی کابینہ اور پارٹی کے لوگ کرپٹ اور چور کہہ رہے ہیں۔وزیراطلاعات نے کہا کہ مریم نواز کے منصوبوں پر ایک سال بعد بھی کوئی ایک دھیلے کی کرپشن کا الزام نہیں لگا سکا۔پنجاب میں ہر منصوبہ شفافیت اور میرٹ کی اپنی مثال ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کی درخواست پر قائم مقام چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے سماعت کی تھی۔بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت سے پیش ہی نہ ہوئے۔دورکنی بینچ نے وکیل کی عدم موجودگی کے باعث سماعت عید کے بعد تک ملتوی کردی۔سماعت کے آغاز پر وکیل شعیب شاہین نے عدالت کو بتایا کہ وکیل بیرسٹر سلمان صفدر سپریم کورٹ سے آرہے ہیں، کیس آخر میں رکھ لیں، قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سرفراز ڈوگر نے کہا کہ عید کے بعد یہ کیس رکھ لیتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کے وکیل کی عدم موجودگی پر سماعت عید کے بعد تک ملتوی کردی گئی۔یاد رہے کہ درخواستیں رجسٹرار آفس کے اعتراض کیساتھ سماعت کے لیے مقرر کی گئی ہیں۔بانی پی ٹی آئی اور بشری بی بی نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطل کرکے ضمانت پر رہا کرنے کی استدعا کر رکھی ہے۔بانی پی ٹی آئی اور بشری بی بی نے بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے درخواست دائر کی تھی۔درخواست میں کہا گیا ہے کہ عدالت کو یقین دہانی کراتے ہیں سزا معطلی کے بعد اپیل کی ہر سماعت پر عدالت موجود ہوں گے، عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ 17 جنوری کو احتساب عدالت سے سنائی جانے والی سزا معطل کرکے ضمانت پر رہائی دی جائے، مرکزی اپیل کے حتمی فیصلے تک احتساب عدالت کا فیصلہ اور سزا معطل کیے جائیں۔بانی پی ٹی آئی اور بشری بی بی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں پہلے سے دائر اپیلوں میں احتساب عدالت کی سزا کالعدم قرار دے کر بری کرنے کی استدعا بھی کر رکھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

کترا تھا۔میں اسمبلی میں اس کے ساتھیوں سے کہتا تھا کہ اس کی جیب سے پیسے نہ نکلے تو معافی مانگ لوں گا، بانی اب کہتا ہے جب تک مجھے نہیں لے کر جائیں گے تب تک میری پارٹی میٹنگ میں شامل نہیں ہوگی۔خواجہ آصف نے کہا کہ پرسوں صارفین کو 16 سے 17 فیصد بجلی پر رعایت دی گئی ہے، مریم نواز پنجاب کو دن رات چار چاند لگا رہی ہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ نوبل پرائز ملنے کا کہتے ہیں لیکن فی الحال تو 14 سال قید ملی ہے، ہمیں قید میں لنگر ملتا تھا اسے ہر طرح کا کھانا میسر ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ اوورسیز پاکستانیوں کو کہتے تھے پیسے نہ بھیجیں، یہ بھی چال ان کی ناکام ہوئی، ریکارڈ پیسہ باہر سے اس ملک میں آیا ہے، اسٹاک ایکسچینج اور ایکسپورٹ میں اضافہ ہوا ہے۔قبل ازیں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ ملک کی حالت کھنڈر جیسی تھی جن پر ہم نے عمارت تعمیر کرنے کی کوشش کی، شہباز شریف کبھی آئی ایم ایف کبھی چین اور کبھی سعودی عرب جاتے رہے، رات کو سوتے تھے تو خوف آتا تھا کہ آئی ایم ایف ہمارا ہاتھ پکڑے گا یا نہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ بجلی سستی ہوجائیگی، پی ٹی آئی والوں نے اب ایک دوسرے کو چور کہنا شروع کردیا ہے، ان کا لیڈر بھی سند یافتہ چور ہے، بیرون ملک پی ٹی آئی کے کچھ لوگ ملک دشمنی کر رہے ہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ ملک جس نہج پر کھڑا تھا، تباہی ہی تباہی تھی، پی ڈی ایم میں تمام پارٹیوں نے مل کر بڑی محنت سے امید کی کرن دکھائی۔وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ مریم پنجاب کو چار چاند لگا رہی ہے، نواز شریف، مریم نواز اور شہباز شریف جب بھی آئیں گے ترقی کے سفر کا آغاز ہوگا، دہشت گردی عروج پر ہے، روزانہ فوجی جوان شہید ہو رہے ہیں، فوجی عید کے روز بھی سرحدوں پر پہرا دے رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 11

سربراہ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بجلی کی قیمتوں میں کمی پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ عام پاکستانیوں کی خوشحالی سے ہی ملک کی خوشحالی منسلک ہے، ہم نے مل کر سیاست کے بجائے مملکت کو ترجیح دی ہے۔ ان حالات میں ملک کو ڈیفالٹ سے بچانا پالیسی ریٹ میں نمایاں کمی اور منہگائی میں تیزی سے کمی دلیرانہ فیصلوں کی وجہ سے ممکن ہوئی۔بجلی کی قیمت میں کمی کے ذریعے عوام، معیشت اور صنعت کو ریلیف دینا ایک مشکل لیکن قومی امنگوں سے ہم آہنگ فیصلہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی منہگائی میں مزید کمی کا باعث ہوگی۔اس فیصلہ پر وزیراعظم اور حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

میں کانگو وائرس کی تصدیق ہوئی۔اسپتال انتظامیہ کے مطابق 19 سال کے مریض کا تعلق قلعہ سیف اللہ سے ہے، جس کا علاج جاری ہے۔بلوچستان میں رواں سال کانگو وائرس کا یہ دوسرا کیس ہے۔کانگو وائرس سے جاں بحق پہلے مریض کا تعلق پشین سے تھا۔

بقیہ بقیہ جات 13

کورٹ میں آئندہ ہفتے 7 بینچ مقدمات کی سماعت کریں گے۔بینچ ایک چیف جسٹس یحیٰی آفریدی، جسٹس شفیع صدیقی اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل ہوگا، بینچ دو میں جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس عقیل عباس شامل ہیں۔بینچ تین جسٹس منیب اختر، جسٹس عائشہ ملک اور شاہد وحید جبکہ بینچ چار جسٹس اطہر من اللہ، جسٹس عرفان سعادت اور جسٹس ملک شہزاد پر مشتمل ہے۔بینچ پانچ جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس عقیل احمد عباسی پر مشتمل ہے، بینچ چھ میں جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس عامر فاروق شامل ہیں۔بینچ سات جسٹس ہاشم کاکڑ اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل ہے، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 2 آئینی بینچ 7 اپریل سے 11 اپریل تک دستیاب ہوں گے۔سات رکنی آئینی بینچ فوجی عدالتوں سے متعلق مقدمات کی سماعت کرے گا، پانچ رکنی آئینی بینچ ٹیکس مقدمات کی سماعت کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 14

غزہ خوفناک خونریزی کا شکار ہے، اقوام متحدہ سمیت عالمی ادارے بے بسی اور بے حسی کا شکار ہیں۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی فلسطینیوں سے یکجہتی کے لیے ملک گیر جدوجہد کرے گی، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو پوری دنیا کے امن کی تباہی کا مجرم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

مانیکا کے صاحبزادے موسیٰ مانیکا کی شادی کی تقریب لاہور میں بیدیاں روڈ پر خاور مانیکا کے فارم ہاؤس میں ہوئی۔شادی کی تقریب میں ایم این اے میاں احمد رضا مانیکا، ایم پی اے میاں فاروق مانیکا، میاں آصف مانیکا سمیت سابق ایم پی اے دیوان عظمت سید محمد چشتی اور قریبی عزیز شریک ہوئے۔فیملی ذرائع کے مطابق شادی کی تقریب میں محدود افراد کو مدعو کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 16

دیا۔دستاویزات کے مطابق سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی مدت ملازمت 2018 میں ختم ہوگئی لیکن مدت ملازمت ختم ہونے کے باوجود مالی سال 2021 کا بجٹ منظور کرایا گیا، ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ نے مدت ملازمت ختم ہونے کے باوجود سی ای او مظفرگڑھ کے 2021 کے بجٹ کی منظوری دی۔آڈٹ ڈیپارٹمنٹ نے مالی سال 22-2021 میں بے ضابطگی پر سختی سے نوٹس لیتے ہوئے سی ای او اور ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

خان سمیت سینئر رہنماؤں کیخلاف باتیں نہیں ہونی چاہئیں، وزیراعلی علی امین کے پارٹی فنڈز کے دعوے کا علم نہیں، لیڈرشپ نے کہا ہے اندر کے معاملات سامنے نہ لائیں۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلی علی امین کے بیانات کی تحقیقات کرائی جائیں، جواب کا حق محفوظ رکھتے ہیں لیکن یہ وقت لڑائی کا نہیں، وزیراعلی بیان بازی کے بجائے امن وامان کی بحالی پر توجہ دیں۔پی ٹی آئی عاطف خان نے پارٹی میں فارورڈ بلاک بننے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف میں کوئی فارورڈ گروپ بننے نہیں جارہا، پارٹی میں اختلاف ہوتا ہے لیکن بانی کی رہائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے۔دوسری جانب پی ٹی آئی صدر خیبر پختونخوا جنید اکبر نے بھی علی امین گنڈاپور سے اختلافات کا اعتراف کیا ہے۔جنید اکبر نے کہا کہ میرا اور وزیراعلیٰ کا اختلاف تھا، بانی پی ٹی آئی نے کال دی تو اکٹھے ہوگئے، علی امین گنڈاپور کو ہٹانے کی کوئی بات نہیں ہوئی، آئندہ ہفتے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں احتجاج کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 18

زرعی ترقی کا نیا دور شروع ہوگیا۔بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے تحت پاک چین تعاون کے ذریعے زرعی شعبے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، ایس آئی ایف سی کی معاونت سے چین اور پاکستان کے درمیان کپاس کی پیداوار میں اضافے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اہم تعاون کا آغاز ہوگیا۔چین کی زرعی سائنسی اکیڈمی کے انسٹی ٹیوٹ آف کاٹن ریسرچ اور پاکستان کے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارے کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے۔ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ اور آئی سی آر کپاس کی پیداوار میں اضافے کے لیے جدید طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے کپاس کی جینیاتی اصلاح پر کام کریں گے۔ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان اور چین کا مشترکہ کاٹن ٹیکنالوجی کمیونٹی کا قیام، زرعی شعبہ میں انقلابی قدم ہے۔آئی سی آر اور ایوب زرعی تحقیقاتی ادارے کی مشترکہ کاوشوں کی بدولت کپاس کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔چین کی جدید زرعی ٹیکنالوجیز فراہم کرنے سے پاکستان کے زرعی شعبے بالخصوص کپاس کی پیداوار میں بہتری متوقع، اقتصادی ترقی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔ایوب زرعی تحقیقاتی ادارے کی جانب سے چین کے ساتھ کاٹن ٹیکنالوجی کے فروغ میں دلچسپی، زرعی شعبے کے لیے فائدہ مند ہے۔پاکستان اور چین کی مشترکہ تحقیق سے کپاس کی پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ کپاس کی صنعت کو عالمی سطح پر فروغ حاصل ہوگا، پاکستان کے زرعی شعبے کی ترقی وخوشحالی کے لیے چین کی جدید زرعی ٹیکنالوجیز کے ذریعے معاونت قابل تحسین ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر درخواست پر سماعت کریں گے۔درخواست گزار کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ پی ٹی آئی نے 22 مارچ کو قانون اور آئین کے مطابق جلسے کی اجازت کے لیے درخواست دی، عدالت نے دادرسی کے لیے ریڈرسل کمیٹی سے رجوع کرنے کی ہدایت کی، عدالت نے درخواست گزار کو ناجائز تنگ اور ہراساں کرنے سے روک دیا، عدالتی حکم کے باوجود ایک روز میں سیاسی بنیادوں پر تین مقدمات درج کر لیے گئے۔استدعا ہے عدالت آئی جی پنجاب کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائے۔

بقیہ بقیہ جات 20

بنچ 8 اپریل کو سماعت کرے گا۔بنچ کے دیگر ارکان میں جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ شامل ہیں۔عدالت نے چیئرمین پی ٹی اے سے تفصیلی جواب طلب کررکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

قتل معمہ بن گیا، پولیس نے تفتیش کے دوران شک کی بنیاد پر شوہر کو حراست میں لے لیا۔ایکسپریس نیوز کے مطابق پولیس نے فقیرا گوٹھ پریشان چوک کے قریب گزشتہ روز ڈکیتی کی واردات میں حاملہ خاتون کی ہلاکت کا مقدمہ نمبر 467 سال 2025 بجرم دفعہ 397 کے تحت مقتولہ کے شوہر عرفان کی مدعیت میں درج کر کے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کر دیا۔ترجمان ڈسٹرکٹ ایسٹ پولیس کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق جمعے کی دوپہر فقیرا گوٹھ پریشان چوک پر مبینہ ڈکیتی مزاحمت میں حاملہ عورت کی ہلاکت کے دلسوز واقعہ کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ابتدائی طور پہ شوہر نے دعویٰ کیا تھا کہ ان کو کہیں جاتے ہوئے ڈکیتی کا نشانہ بنایا گیا جس میں ملزمان نے فائرنگ کی اور حاملہ بیوی جاں بحق ہوگئی تاہم پولیس نے جائے وقوعہ کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور تو شک سامنے آیا کہ واقعے کے محرکات مختلف ہوسکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

دائر درخواستوں پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 5 رکنی بنچ لارجر بنچ سماعت کرے گا۔عدالت نے نظر بندی کے سیکشن 3 کو معطل کررکھا ہے۔ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز نے کیس میں جلد سماعت کی متفرق درخواست دائر کی تھی۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے درخواستوں پر پانچ رکنی بنچ تشکیل دیا تھا۔درخواست گزار نے موقف اپنایا ہے کہ نظر بندی کے سیکشن تین کو سیاسی بنیادوں پر استعمال کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

برآمد ہوا جس میں آئی ای ڈیز، خودکار ہتھیار، دستی بم، اور گولہ بارود شامل ہیں۔سی ٹی ڈی بلوچستان نے بتایا کہ 24 سے 72 گھنٹوں میں بڑی دہشتگردی کی منصوبہ بندی بنائی گئی تھی، چھاپے کے وقت کوئی دہشتگرد موجود نہیں تھا۔سی ٹی ڈی بلوچستان نے بتایا کہ ایجنسیز لیڈ نے مشکوک نقل وحرکت اور اسلحہ و بارود اسٹوریج کی طرف اشارہ دیا۔سی ٹی ڈی کے مطابق فوری ردعمل اور پیشہ ورانہ عمل نے ایک تباہ کن حملے کو موثر طریقے سے روک دیا ہے۔سی ٹی ڈی بلوچستان نے مزید کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا امن خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 24

جانے لگا۔بچوں کی کھیل کیلئے بنائے گئے جعلی نوٹوں کو بند کراکر جعلی نوٹوں کی تشہیر پر پابندی لگانے کا مطالبہ۔رپورٹ کے مطابق گلیوں کوچوں میں بچوں کی کھیل کیلئے بنائے گئے پانچ، دس، بیس، پچاس، سو، پانچ سو، ہزار اور پانچ ہزار کے جعلی نوٹ جن پر بچوں کا کھیل تحریر درج ہوتی ہے جو کہ کریانہ سٹوروں سے بچوں کو آسانی سے مل جاتے ہیں جن پر قائداعظم محمد علی جناح کی تصاویر بنی ہوتی ہے بچے ان نوٹوں کو گلیوں بازاروں میں کھیلتے لٹاتے ہوئے پھینک دیتے ہیں اور یہ نوٹ گلیوں نالیوں اور کوڑا کرکٹ کی نذر ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے عظیم قائد بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی تصویر کی بے حرمتی کی جارہی ہے۔عوامی، سماجی اور رفاعی حلقوں کے افراد نے سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ارباب اختیار سے بچوں کی کھیل کیلئے بنائے گئے ان نوٹوں کو بنانے والی فیکٹریوں کو بند کروا کر قائداعظم محمد علی جناح کی تصاویر والے ان نوٹوں کی تشہیر پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

جنازہ ادا کردی گئی۔چھٹی کے دن ساتھیوں کی مدد کو پہنچنے والا بلال ریسکیو 1122 سندھ کی تاریخ کا پہلا شہید بن گیا۔تفصیلات کے مطابق سائٹ سپرہائی وے کی قریب احسن آباد میں جمعہ کے روز گتہ فیکٹری میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کے دوران راڈ لگنے سے شہید ہونے والے 1122 کے اہلکار فائر فائٹر بلال تنولی کی نماز جنازہ قائدآباد منزل پمپ کے قریب وزیرستان روڈ ظفر ٹاؤن کی گلی نمبر 8 کی عمر فاروق مسجد میں لانڈھی کے مقام پر ادا کی گئی۔عصر کی نماز کے بعد ادا کی جانے والی نماز جنازہ میں سرکاری افسران، رشتہ داروں، عزیز واقارب محلّہ داروں سمیت دوست احباب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ڈائریکٹر ریسکیو 1122 سندھ ڈاکٹر عابد جلال الدین نے گفتگو میں کہا کہ بلال تنولی کی شہادت پر شدید افسوس ہے۔انہوں نے کہا کہ 24 سالہ بلال تنولی ولد شیخ فرید سیلائٹ اسٹیشن ایم نائن میں تعینات تھا۔شہید اہلکار چھٹی کے باوجود جائے وقوعہ پر موجود تھا اور ریسکیو آپریشن میں حصہ لیتا رہا۔بلال تنولی لانڈھی کا رہائشی تھا، خدمت کے جذبے سے سرشار بلال خود سے اپنے دوست اہلکاروں کی مدد کے لیے جائے حادثہ پر پہنچا۔بلال تنولی کو لوہے کی راڈ لگی جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا اور اسپتال میں دوران علاج شہادت کے مرتبے پر فائز ہوا۔ریسکیو اہلکار بلال تنولی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کے ساتھ ہم پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔صوبائی وزیر بحالیات مخدوم محبوب الزمان کی سربراہی میں پورا ڈیپارٹمنٹ شہید کے غم میں شریک ہے۔ڈی جی ریسکیو 1122 کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے ہر ریسکیو اہلکار کا خواب ہے اور اس شہادت کے بعد ہمارے جذبات اور بلند ہوئے ہیں، ریسکیو 1122 (سندھ) کے تمام اسٹیشن پر 3 دن کے لیے پرچم سرنگوں کردیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

ہے، جبکہ سمندری ہوائیں بند رہیں گی۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ دن کے اوقات میں تیز دھوپ کے ساتھ گرم اور خشک ہوائیں چلیں گی، جس سے گرمی کی شدت میں اضافہ ہوگا۔ تاہم، شام کے اوقات میں سمندری ہوائیں بحال ہونے سے موسم میں بہتری کی توقع ہے۔اس وقت کراچی کا موجودہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ہے اور ہوا میں نمی کا تناسب 29 فیصد ہے۔محکمہ موسمیات نے شہریوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے، خاص طور پر دن کے گرم اوقات میں غیر ضروری طور پر باہر نہ نکلنے کا مشورہ دیا ہے۔شہریوں کو پانی، لیموں پانی اور دیگر مشروبات کا زیادہ استعمال کرنے، ہلکے اور سوتی کپڑے پہننے، اور سر کو ڈھانپ کر رکھنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ چھتری یا ٹوپی کا استعمال بھی گرمی سے بچاؤ کے لیے مفید قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کی آشیرباد پر گھر کے نزدیک تعینات ٹریفک پولیس اہلکار ڈی پی او ننکانہ کیلئے کماؤ پتر بن گئے۔ شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ شیرانوالہ چوک ٹریفک پولیس اہلکاروں کے لیے سونے کی کان اور لوٹ مار کا اہم علاقہ ہے جہاں پر آنے جانے والے شہریوں، گاڑیوں کو ناجائز تنگ کیا جاتا ہے۔مٹھ گرم نہ کرنے والوں کو یونیفارم کی آڑ میں ناجائز پریشان کیا جاتا ہے۔آنے جانے والے ڈمپرز ٹریفک اہلکاروں کا سرکاری تنخواہ کا ایکسٹرا ذریعہ معاش ہے۔گھر کے نزدیک نوکری کرنے والے ٹریفک پولیس کے سیاسی تعینات اہلکار گھر سے سبزی لینے کے لئے بھی آئیں تو لوٹ مار اور شہریوں کو پریشان کرتے نظر آتے ہیں۔سانگلہ ہل کا رہائشی خدمت مرکز میں تعینات ٹریفک پولیس اہلکار شہریوں کے لئے عذاب بن گیا ہے۔جس کو دل کرے بے عزت کرنا اس کا معمول ہے۔شہریوں نے ڈی پی او ننکانہ اور آئی جی پولیس پنجاب سے گھر میں نوکری کرنے والوں کی ضلع بدری کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

کہیں، دسمبر 2022 میں بانی نے مجھے کہا آرمی چیف سے بات چیت کرنا چاہتا ہوں۔اعظم سواتی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا مجھے آپ پر اعتماد ہے، جائیں اور فوجی قیادت سے بات کریں، بانی سے مشاورت کے بعد آرمی چیف کے استاد کے ذریعے رابطے کی کوشش کی۔انہوں نے کہا کہ آرمی چیف سے عارف علوی کے ذریعے بھی بات کرنے کی کوشش کی لیکن دروازے نہ کھلے، پارٹی رہنماؤں نے مجھے گھر سے اٹھایا اور 22 اگست کا جلسہ ملتوی کروانے کا کہا۔پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بیرسٹر گوہر میرے گھر آئے اور مجھے اڈیالا جیل لے کر گئے، بانی پی ٹی آئی سے کہا عارف علوی اور ساتھیوں سے مل کر اسٹیبلشمنٹ سے بات کروں گا۔اعظم سواتی نے کہا کہ بانی نے کہا کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں کس سے کہاں رابطہ کررہے ہو، بانی نے کہا اگر وہ بات کرنا چاہتے ہیں تو میں پہلے دن سے تیار ہوں۔اعظم سواتی نے کہا کہ ایک وی لاگر کہتا ہے اعظم سواتی 26 نومبر کو کہاں تھا، میں اٹک جیل میں تھا، مجھ پر تشدد ہوا، پارٹی میں تفریق نہیں پیدا کرنا چاہتا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس ملک کو بچانا ہے تو شر اور فساد پیدا کرنے والوں کا منہ بند کرنا پڑے گا، علی امین کے ساتھ کھڑا ہوں، وہ بانی پی ٹی آئی کے وزیراعلیٰ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

فیصد ٹیرف عائد کرنے کے معاملہ پر حکومت نے اسٹیک ہولڈرز کا اہم اجلاس آج (پیر) کے روز طلب کرلیا۔وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اجلاس کی صدارت کریں گے، اجلاس میں پاکستانی مصنوعات پر 29 فیصد ٹیرف کے ممکنہ اثرات کا تجزیہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 30

ولی خان نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومتیں پاکستان کی تاریخ کی کرپٹ ترین حکومتیں ثابت ہوئیں، گنڈاپور حکومت نے کرپشن کے سابقہ ریکارڈ بھی توڑ ڈالے، علی امین بتائیں اب اینٹ انہیں ماری جائے یا بانی پی ٹی آئی کو؟۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف جنرل باجوہ اور بیک ڈور سازشوں کے ذریعے حکومت میں آئی تھی، بانی پی ٹی آئی آج بھی کسی چور دروازے کی تلاش میں اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کیلئے منتیں کر رہا ہے۔اختیار ولی نے کہا کہ فوج کرپشن میں لتھڑی تحریک انصاف قیادت کیساتھ بیٹھ کر اپنا دامن داغدار نہیں کرے گی، تحریک انصاف 8 حصوں میں تقسیم ہوچکی ہے، بانی پی ٹی آئی بھی کنٹرول کھو چکے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی سے پورا پاکستان خوش جبکہ پی ٹی آئی والوں کو مرگی کے دورے پڑ رہے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک کی ترقی کی سمت بڑھنا شروع ہو چکا ہے۔اختیار ولی نے کہا کہ اب وزیراعظم شہباز شریف ہر ماہ قوم کو ایک سے بڑھ کر ایک نئی خوشخبری دیا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

بے لگام، عوام انتظامیہ کے خلاف پھٹ پڑے۔شہریوں نے کہا کہ گرین پنجاب ہوگا خوبصورتی میں اضافہ ہوگا اور ماحولیات میں بھی فرق پڑے گا کیا اچھا ہوا اگر ماحولیات کو خراب کرنے والے مافیا کے خلاف بھی ایکشن لیا جائے جو کہ جنگلات کو کاٹ کر زرعی زمینوں کو ختم کرکے سکنی بنا کر فروخت کررہا ہے انکے خلاف حکومت ایکشن کب لے گی کیونکہ یہ مافیا تیزی سے زمینوں پر کنکریٹ ڈال رہا ہے دو نمبر طریقے سے جس کی وجہ سے ماحولیات میں واضح فرق پڑتا ہے دوسری طرف دیکھیں تو ٹیکس کی مد میں حکومت کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان ہورہا ہے ننکانہ صاحب میں بھی غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں پر لینڈ مافیا اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے انکے خلاف ابھی تک کسی بھی ادارے نے کوئی قانونی کارروائی نہیں کی کیونکہ اس کی وجہ وہ مقامی سیاسی لیڈر اور انتظامیہ ہیں جو اس مافیا کے سرغنہ کی پشت پناہی کرتے ہیں شہریوں کا وزیراعلی پنجاب سے مطالبہ ہے کہ اس مافیا کے خلاف فوری طور پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 32

پنجاب الحاج ملک محمد اعظم نے ایک سال 2 ماہ کے بعد پہلی دفعہ نجی چینل کو ایک تفصیلی انٹرویو دیا سابق چیئرمین الحاج ملک محمد اعظم نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ میں نے اٹھ فروری کو الیکشن میں حصہ لیا لیکن عوام نے مجھ پر اعتماد نہیں کیا عوام نہیں چاہتی کہ انہیں ان کی دہلیز پر انصاف دیا جائے اور نہ ہی عوام یہ چاہتی ہے کہ انہیں اچھی صحت تعلیم وتربیت کی سہولیات ان کی دہلیز پر ملے عوام کلاشنکوف گروپ کو ہی اپنا گرو مانتی ہے میں نے اس حلقہ کے لیے بطور چیئرمین بیت المال پنجاب کروڑوں روپے غریب اور مستحق لوگوں تک احسن انداز سے پہنچائے میری زندگی کا مقصد غریب لوگوں کی فلاح ہے پورا سانگلہ جانتا ہے کہ میں نے اس شہر کو تحصیل بنوایا اس شہر میں عدالتوں کا قیام کروایا اس شہر کے سکولوں کو اپ گریڈ کروایا 2021 میں سانگلہ ہل سے ملحقہ تمام سڑکوں کے لیے تین ارب روپے کے فنڈ اس وقت کے وزیراعلی عثمان بزدار سے منظور کروائے اور بغیر کمیشن کے سڑکیں تعمیر کروائیں جس کی مثال آج بھی پورے حلقے میں دی جاتی ہے میں نے پی ٹی آئی گورنمنٹ میں اس حلقے میں لا تعداد کام کروائے حالانکہ میں نہ ایم پی اے تھا نہ ایم این اے اور نہ ہی ٹکٹ ہولڈر لیکن میری مخلصی کو اور میری اس شہر سے محبت کو لوگوں نے جھٹلا کر دوبارہ ان لوگوں کو مسلط کیا جن کو لوگ بہت کچھ کہتے تھے صحافی کے ایک سوال پر سابق چیئرمین بیت المال پنجاب الحاج ملک محمد اعظم نے کہا دوبارہ اگر عوام نے چاہا تو الیکشن لڑوں گا ورنہ میں کبھی بھی الیکشن میں حصہ نہیں لوں گا

بقیہ بقیہ جات 33

چوک سے شروع ہوکر پنجاب اسمبلی تک جائے گی۔عالیہ حمزہ نے کہا کہ یہ ریلی بانی پی ٹی آئی کو ناجائز طور پر جیل میں رکھنے کے خلاف نکالی جارہی ہے انکے مطابق بانی کو دو سال سے بے بنیاد مقدمات میں قید رکھا گیا ہے اور عدالتی نظام سے انصاف نہ ملنے پر اب عوام کو سڑکوں پر نکلنا ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پی ٹی آئی کے جلسوں سے خوفزدہ ہے اور بانی پی ٹی آئی کی تصویر تک سے ڈرتی ہے اب ہر یونین کونسل کی سطح پر اجتماعات اور سیاسی سرگرمیاں کی جائیں گی۔پی ٹی آئی قیادت کا کہنا ہے کہ وہ عوامی رابطہ مہم کو مزید تیز کرے گی اور عوام کو موجودہ حالات سے آگاہ رکھنے کے لیے ہر ممکن فورم استعمال کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 34

نے کہا کہ قائد محترم میاں محمد نواز شریف نے مسلم لیگ ن کے منشور میں واضح اعلان کیا تھا۔اور عوام سے وعدہ کیا تھا کہ اگر مسلم لیگ ن کو موقع دیا تو عوام کو ہر ممکن ریلیف دینگے اور معیشت کی صورت حال بہتر کر کے بجلی کی قیمتوں میں کمی لائیں گے حکومت نے مسلم لیگ (ن) کی سیاست داؤ پر لگا کر پاکستان کو ڈیفالٹ ہونے اور سری لنکا بننے سے بچایا برجیس طاہر نے کہا کہ میاں نواز شریف کی قیادت میں ایک سالہ حکومتی کاوشیں رنگ لا رہی ہیں جس کا ثمر بجلی کی قیمتوں میں کمی کر کے دیا جارہا ہے، پاکستانی قوم مبارکباد کی مستحق ہے کہ تقریبا سات روپے فی یونٹ کی کمی سے عوام کو بہت بڑا ریلیف دیا گیا ہے، جس سے عوامی مشکلات میں خاطر خواہ کمی ہوگی جس پر قوم مبارکباد کی مستحق ہے، وہ صحافیوں سے گفتگو کررہے تھے انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت آنے والے دنوں میں قوم کو بہت بڑی بڑی خوشخبریاں دے گے۔

بقیہ بقیہ جات 35

سیاستدان ہیں جو ملک کو بحرانوں سے نکال سکتے ہیں۔اپوزیشن جماعتوں نے بھی سنجیدگی سے ان کا ساتھ نہیں دیا، جس کے باعث آج نااہل حکومت عوام پر مسلط کر دی گئی ہے۔مولانا فضل الرحمٰن نے تونسہ شریف میں پر مغز خطاب میں واضح کیا ہے کہ ہم امریکہ سمیت کسی کی غلامی کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔جے یو آئی ملک میں پرامن تحریک سے اسلامی نظام کے عملی نفاذ کے لیے جدوجہد کررہی ہے۔ان شا اللہ پاکستان میں اسلامی نظام ضرور نافذ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 36

،اظہر علی، شعیب محمد، یوسف علی، رہنواز، سلیمان لیاقت، محمد نواز خان، احسان رضا شاہ، محمد عمر، حافظ محمد شمیم، حنا سحرش، شہباز الحسن، ابوبکر، زاہد اقبال، آصف خان، محمد آصف، دانیال افضل، فہد اعوان، محمد رضوان، عابد حسین، وسیم قیصر، محمد شفیق، پرویز اختر، محمد طلحہ، شائستہ امداد، نازش سحر، عرفان احمد میمن، ابراہیم خان، نادیہ پروین، ارم یاسر، اسلم راجپر، شگفتہ اکبر، صبا جعفری، سید احمر حسین اور ہدایت اللہ شامل ہیں۔2023 میں جن چار ملازمین کو نوکری سے فارغ کیا گیا ان میں سعد انور، کامران وحید، احمد عمر اور عدیل احمد شامل ہیں جبکہ 2022 میں 6 ملازمین انسانی سمگلروں سے تعلقات کے باعث نوکری سے فارغ کیے گئے جن میں گلزار احمد، شاہدہ یاسمین، محمد عباس، نذر محمد، محمد احسن اور محمد وسیم شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہے۔پریس کانفرنس میں ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ نے کہا کہ ٹرین حملے کے بعد آپریشن میں مارے گئے دہشت گردوں کی لاشیں بی وائی سی کے لوگ اسی رات لینے پہنچے، اسپتال انتظامیہ کو مار پیٹ کے لاشیں وہاں سے اٹھائی گئیں۔انہوں نے پرامن احتجاج کا کہا تھا، لیکن سی سی ٹی وی کیمرے توڑے گئے، آپٹک فائبر کو جلایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 38

میں کمی آئی ہے۔ان کا مزید کہنا ہے کہ تمام ایسے فیصلے کرنے کا حق رکھتے ہیں جو عوامی مفاد میں ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 39

ٹن سالانہ ہے نیز ترشاوہ پھلوں کی مجموعی پیداوار کا صرف 9 سے 10 فیصد برآمد کیا جاتا ہے جبکہ اس برآمدی حجم کو جدید سائنسی طریقے اپنا کر تین گنا تک بڑھایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بغیر بیج کے مالٹا اور گریپ فروٹ کی اقسام تیار کی جاچکی ہیں اس کے علاوہ کنو میں بیجوں کی تعداد نہایت کم کیے جانے کے تناظر میں ترشاوہ پھلوں نے اہمیت کے لحاظ سے ایک نئی جہت اختیار کرلی ہے۔انہوں نے کہا کہ پھلوں کا زیادہ تر نقصان اہم امور سے باغبان حضرات کی ناواقفیت کی وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ اکثر اوقات پھل کی زیادہ قیمت وصول کرنے کے لالچ میں پھل کو سیزن کے شروع میں توڑ لیا جاتا ہے جبکہ پھل پوری طرح تیار نہیں ہوتا جس سے پھل کی فعلیاتی پختگی اور تجارتی پختگی دونوں متاثر ہوتی ہیں نیز پھل جسامت میں کم رہتا ہے اسی طرح رنگت میں سبز اور بیرونی دلکشی و جاذبیت سے محروم ہونے کی وجہ سے مارکیٹ میں مناسب قیمت حاصل نہیں کرسکتا اور اس قسم کا پھل برآمدی حجم میں کمی کا باعث بنتا ہے

بقیہ بقیہ جات 40

کئی لاکھوں بارودی سرنگوں سے انسانی زندگیوں کو درپیش خطرات اور ان سے بچنے کیلئے مختلف احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے حوالے سے عالمی کوششوں پر روشنی ڈالی جائے گی۔اقوام متحدہ نے دنیا میں سب سے زیادہ ہلاکت خیز ہتھیار پر پابندی اور اس کی ہلاکتوں سے عوام شعور بیدار کرنے کی غرض سے 2006 کو اس حوالے سے پہلا عالمی دن منایا گیا۔بارودی سرنگیں ایک ایسا ہتھیار ہے کہ جو نہ صرف جنگ کے دوران ہلاکتوں کا سبب بنتا ہے بلکہ جنگ ختم ہونے کے بعد زمانہ امن میں بھی ہلاکت خیزی پھیلاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

17 ہزار 806 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 42

شریک دستے حقیقت سے قریب ترین سنیاریو تخلیق کرتے ہوئے مشقیں کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ مشترکہ عسکری مشقوں کا مقصد شریک فورسز کی صلاحیتوں میں اضافہ اور مختلف جنگی حوالوں سے جوانوں کی عملی تربیت کرنا ہے

بقیہ بقیہ جات 43

جانے والے پارسل سے 2 عدد کمپیوٹر ٹیبل میں چھپائی گئی 996 گرام آئس برآمد ہوئی۔ملتان روڈ لاہور پر بس ٹرمینل کے قریب مسافر کے ٹرالی بیگ سے 30 کلو چرس برآمد ہوئی۔حیدرآباد میں جامشورو کے قریب بس میں سوار ملزم سے 5 کلو چرس اور ایک کلو آئس برآمد کی گئی۔گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

بیان میں کہا ہے کہ مولانا حامد الحق شہید کی جدائی عید الفطر پر شدت سے محسوس ہوئی، حق کی آواز کو دبا دینے والے ظالم سفاک قاتلوں کا ابھی تک گرفتار نہ ہونا حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے، کے پی کے اور بلوچستان میں بے دردی سے علماء کو شہید کیا اور دہشتگردی کے واقعات لمحہ فکریہ ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی دل خراش صورتحال میں ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ پاکستان سے انتہا پسندی، دہشت گردی اور نفرت و تعصب کا خاتمہ کرنا ہے اور عالم اسلام میں اتحاد، یکجہتی کو فروغ دینا ہے۔عالم اسلام میں اس وقت جو بے چینی اور اضطراب ہے، اس کو ختم کرنے میں دنیا بھر کے مذہبی رہنماؤں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔امن اور سلامتی کا ماحول پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

عکاسی کرتا ہے۔ 2025 کے پہلے دو ماہ میں 22,740 میٹرک ٹن تل چین کو برآمد کئے گئے، پاکستانی تل کی برآمدات میں اس نمایاں اضافے سے زرعی شعبے کو فروغ اور معیشت کو استحکام ملے گا۔بڑھتی ہوئی برآمدات زرعی پیداوار میں بہتری، جدید کاشتکاری طریقوں اور تجارتی آسانیوں کا نتیجہ ہیں، تجارت میں بہتری سے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم، معیشت کو مزید فروغ ملنے کی توقع ہے۔ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی پاکستان کے اقتصادی استحکام میں معاون ثابت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 46

سلمان کی جانب سے 70 ملین ریال کا عطیہ سے کیا گیا تھا، مملکت کی اعلی قیادت کی جانب سے عطیہ مہم کے پانچویں ایڈیشن کو شروع کرتے ہی تمام شہروں سے لوگوں نے احسان پلیٹ فارم کے اکاؤنٹ میں عطیات ارسال کرنے کا آغاز کیا، رمضان المبارک کے دوران فطرانہ وصول کرنے کے لیے بھی الاحسان پلیٹ فارم پر سہولت فراہم کی گئی تھی جس کے ذریعے اسال 2.2 ملین ریال فطرانے کی مد میں جمع ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 47

مناسب نہ سمجھا۔سرکاری نرخنامے میں آلو کچا چھلکا نیا درجہ اول کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی تاہم پوش علاقوں سمیت مختلف مقامات پر 70 سے 80 روپے کلو فروخت ہوا، آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم 40 کی بجائے 50 سے 60، آلو کچا نیا چھلکا درجہ سوم 35 کی بجائے 40 سے 45 روپے، پیاز درجہ اول 50 کی بجائے 70، پیاز درجہ دوم 40 کی بجائے 50، پیاز درجہ سوم 30 کی بجائے 40، ٹماٹر درجہ اول 60 کی بجائے 80، ٹماٹر درجہ دوم 50 کی بجائے 70، ٹماٹر درجہ سوم 40 کی بجائے 50 روپے، لہسن دیسی نیا 250 کی بجائے 360 سے 380، لہسن چائنہ 600 کی بجائے 700 سے 740، لہسن جی ون 375 کی بجائے 400 سے 420، ادرک تھائی لینڈ 420 کی بجائے 460 سے 480، ادرک چائنہ 420 کی بجائے 470 سے 480، کھیرا فارمی 40 کی بجائے 60، میتھی 50 کی بجائے 65 سے 70، بینگن 60 کی بجائے 80 سے 90، بند گوبھی 40 کی بجائے 60، پھول گوبھی 30 کی بجائے 50، شملہ مرچ 65 کی بجائے 100 سے 120، بھنڈی 240 کی بجائے 260 سے 280، شلجم 30 کی بجائے 40، اروی 160 کی بجائے 180 سے 200، مٹر 110 کی بجائے 140 سے 150، کریلا 180 کی بجائے 200 سے 220، سبز مرچ 110 کی بجائے 150، ٹینڈیاں فارمی 50 کی بجائے 60، گھیا کدو 55 کی بجائے 70، پالک فارمی 40 کی بجائے 50، گاجر چائنہ 60 کی بجائے 100 سے 120، کچنار 330 کی بجائے 380 سے 400، گاجر دیسی 30 کی بجائے 40 روپے، لیموں چائنہ 110 کی بجائے 280 سے 300 روپے کلو تک فروخت کیے گئے۔پھلوں میں سیب ایرانی درجہ اول کی قیمت سرکاری نرخنامے میں 290 روپے مقرر کی گئی

بقیہ بقیہ جات 48

شامل تھا، نومبر 2024 میں بھارتی مگ 29 لڑاکا طیارہ اترپردیش کے قریب تباہ ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 49

عمل جاری ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم بلاول کے خلاف رحیم یار خان اور کراچی میں 5 مقدمات درج ہیں، ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے

بقیہ بقیہ جات 50

نے اس صورت حال کے بارے میں کہا کہ جنگ حدوں کو عبور کرچکی ہے۔حکام نے کہا کہ یہ طبی عملے کے کارکنوں کی یہ حالت انتہائی صدمے کا باعث ہے۔ان طبی کارکنوں نے اپنی ہلاکت کے وقت یونیفارم پہلے ہونے ہونے کے ساتھ ساتھ ہاتھوں پر دستانے بھی پہنے ہوئے تھے۔ میں ہی اجتماعی قبر میں ڈالا گیا ہے۔انہیں اسرائیلی فوج نے اس وقت قتل کیا جب وہ فلسطینیوں کی جان بچانے کی کوشش میں مصروف تھے۔اقوام متحدہ کے مقامی افسر جوناتھن وٹ ہال طبی عملے کے ان ارکان میں سے 8 ارکان کا تعلق فلسطینی ہلال احمر سے تھا جبکہ ایک کا تعلق اقوام متحدہ سے تھا۔سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے اس بارے میں طبی ارکان کے حوالے سے سخت تشویش کا اظہار کیا۔سیکرٹری جنرل کے اس سلسلے میں جاری کردہ بیان میں کہا کہ اسرائیلی فوج کی طرف سے طبی عملے کے ارکان کے ایمرجنسی قافلے پر بمباری سخت حیران کن اور تکلیف کا باعث ہے۔اس حملے کی وجہ سے 15 طبی کارکنوں سمیت 23 افراد ہلاک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 51

یوال زخمی جوڑے کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ نے آرڈیننس کی منظوری کے بعد ادارے کے اغراض ومقاصد، اہداف بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ سہیل ظفر چٹھہ نے کہا کہ سی سی ڈی کے لیے انتہائی پروفیشنل، منجھے ہوئے کرائم فائٹر افسران کا انتخاب کیا گیا ہے اور وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سنگین جرائم میں ملوث کریمنلز کا سدباب کریں گے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کو بڑے چیلنجز کا سامنا ہے لیکن کامیابی کے لئے مکمل پرامید ہیں۔آر پی اوز، ڈی پی اوز سی سی ڈی کو ابتدائی طور پر مطلوبہ ہیومن ریسورس، دفاتر، ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس فراہم کر رہے ہیں۔کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے لئے فنڈز منظور اور 04 ہزار اہلکاروں کی بھرتی کا پراسس بھی مرحلہ وار جاری ہے۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے لئے ٹرانسپورٹ، فرنیچر اور لاجسٹکس کی خریداری کا عمل بھی جلد شروع ہوگا۔سی سی ڈی کے اپنے تھانوں کی بلڈنگز کا بھی تعین کیا جا رہا ہے۔سی سی ڈی کو مفصل کریمنلز ڈیٹا بیس، سرویلنس اینڈ مانیٹرنگ سسٹم، جدید لوکیٹرز اور آئی ٹی ٹیکنالوجی کی مدد حاصل ہوگی۔سی سی ڈی افسران سے اہداف کے حصول کے لئے بھرپور صلاحیتوں، مثبت اور فوری نتائج کی توقعات ہیں۔ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ منشیات کے بڑے ڈیلرز، خطرناک کریمنلز کی گرفتاری وسزائیں یقینی بنانا، نوگو ایریاز کا خاتمہ اور حساس ایونٹس کی سکیورٹی سی سی ڈی کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری، ڈکیتی رابری، ڈکیتی رابری کے دوران مرڈر اور ڈکیتی رابری کے دوران ریپ کے ملزمان کی گرفتاری اہداف میں شامل ہیں اسی طرح وہیکلز چوری، قبضہ مافیا، بین الصوبائی گینگز، کریمنلز کے سرکوبی کے لئے دیگر اضلاع سے کوارڈینیشن بھی امور میں شامل ہیں۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ دہشت گردی، شرپسندی، لا اینڈ آرڈر، جرائم کا خاتمہ اور پنجاب پولیس کو درپیش اہم ترین چیلنجز کے لیے تمام پولیس یونٹس کوارڈینیشن مزید بہتر بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ناقابل قبول ہے اور سلامتی کونسل کو اس سب کو روکنے کے لیے لازما اقدامات کرنے چاہئیں۔ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل نے غزہ کے مسلمانوں کی نسل کشی کا جو سلسلہ شروع کیا اس میں ابتک مسلسل وحشیانہ بمباری سے 64 ہزار سے زائد فلسطینی مسلمانوں کو شہید اور ایک لاکھ سے زائد کو شدید زخمی کیا ہے، اس کے باوجود وہ غزہ کے شہریوں اور تحریک مزاحمت کے عزم مصمم کو ذرا برابر بھی متزلزل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکا۔ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ غزہ میں اسرائیلی بمباری میں معصوم بچوں کی ہوا میں اڑتی لاشیں امت مسلمہ کے بزدل حکمرانوں کی گردنوں پر قرض ہیں جن کا حساب انہیں بروز قیامت دینا پڑے گا۔ جنگ بندی کے بعد موجودہ حالات مزید سنگین ہوچکے ہیں پہلے سے زیادہ شدت کیساتھ وحشیانہ بمباری کی جاری ہے اور اسرائیل نے جنوبی غزہ میں مقیم ہزاروں فلسطینیوں کو جبری بے دخلی کے احکامات بھی جاری کردیے جو پشت پناہی کا نتیجہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

حملے کے نتیجے میں بیوی اور ایک دوسری خاتون کی موت ہوگئی جبکہ متعدد خواتین زخمی ہوئیں۔بنگلہ دیشی نے خود کو گرفتاری سے بچانے کے لیے تیزاب ڈال کر خودکشی کی کوشش کی لیکن فورس نے اس کی کوشش ناکام بنادی اور اسے گرفتار کرلیا۔اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

۔پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے چوہنگ میں لڑکی کو شادی سے چند گھنٹے پہلے قتل کر دیا گیا۔اہل خانہ کے مطابق نامعلوم افراد نے لڑکی کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا۔پولیس نے اس کیس کی مزید تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

کے دوران شام، ایران اور عراق پر اسرائیلی طیاروں کی طرف سے کیے گئے حملوں نے ایرانی پراکسیوں کے فضائی دفاعی نظام کے خلاف ایک بڑے فضائی آپریشن کو انجام دینے کی راہ میں حائل بنیادی رکاوٹوں کو ہٹادیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ہیں، تحریک انصاف کے کارکنان کو آج بھی غائب کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے کارکنان اب بھی کیسز بھگت رہے ہیں، تحریک انصاف کو دہشتگرد بنا کر پیش کرنے سے ملک کے معاملات حل نہیں ہوں گے۔زرتاج گل نے کہا کہ حکومت کو ملک کا خیال نہیں، وزیراعظم کا رویہ بھی غیر سنجیدہ ہے، حکومت صرف تحریک انصاف کے پیچھے پڑی ہوئی ہے۔انہوں نے اس موقع پر مزید کہا کہ حکومت کسی کام کی نہیں، ان کا تو ووٹ بھی عوام کی امانت نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

میں بتایا گیا ہے کہ نئی دریافت سے یومیہ 122 بیرل خام تیل حاصل ہوگا۔اس سے قبل گزشتہ ماہ ماڑی انرجیز لمیٹڈ نے شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کی دریافت کا اعلان کیا تھا۔گزشتہ ماہ ماڑی انرجیز کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق دریافت سے ابتدائی طور پر یومیہ 2 کروڑ 41 لاکھ مکعب فٹ گیس اور یومیہ 117 بیرل خام تیل حاصل ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 59

شیخ محمد عثمان، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمٰن زبیری، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن اور ایگزیکٹو ممبران بھی موجود تھے۔حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا کہ پائیدار معاشی نمو کے لئے ٹیکس اصلاحات اور صنعتی ترقی کے لئے ڈھانچہ جاتی تبدیلیاں ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے ممالک کا جائزہ لیا جائے تو وہاں پر ریگولیٹری نظام کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرتا ہے جبکہ پاکستان اب بھی بیوروکریٹک پیچیدگیوں، کاروباری لاگت میں اضافے اور پالیسیوں میں عدم استحکام کا شکار ہے۔کامیاب ممالک کی مستقل مزاج پر مبنی پالیسیوں نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دیا جس کے نتیجے میں کاروبار کو ترقی ملی جبکہ پاکستان میں صبح اور پالیسی جبکہ اگلے روز ایک نیا ایس آر او، سرکلر اور نوٹیفکیشن جاری ہوجاتا ہے، جس سے کاروباری طبقات شدید اضطراب کا شکار ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ٹیکس کا پیچیدہ نظام بھی ایک بڑا مسئلہ ہے، جہاں مشکل ٹیکس کوڈز اور کم تعمیل کی شرح سرمایہ کاری کو روکتی ہے۔طویل مدتی اقتصادی استحکام کے لیے ایک جامع اصلاحاتی حکمت عملی کی ضرورت ہے جو حکمرانی، بنیادی ڈھانچے، ٹیکسیشن، اور کاروباری سہولت پر مرکوز ہو۔

بقیہ بقیہ جات 60

اور فرانزک ٹیم موقع پر پہنچ گئی جس نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات کا آغاز کردیا۔پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 61

منانے کا اعلان کیا اور عالمی برادری اس اعلان پر لبیک کہتے ہوئے ایسا دن مناتی ہے لیکن دیکھنا یہ چاہیے کہ اقوام متحدہ، دیگر عالمی ادارے اور بین الاقوامی برادری اس دن کو مناتے وقت دیے جانے والے پیغام کو کتنی سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان اداروں اور بین الاقوامی برادری کا سب سے بڑا امتحان یہ ہے کہ دنیا میں سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے دعویدار ملک بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جارہا ہے اور ان کے بنیادی حقوق محفوظ ہیں یا نہیں۔غزہ میں مسلمانوں کی نسل کشی بھی عالمی ضمیر پر بوجھ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

فورس رجمنٹ میں شامل ہوئے 1971ء کی پاک بھارت جنگ میں انہیں مشرقی پاکستان میں ہلی کے محاذ پر تعینات کیا گیا تھا۔میجر اکرم شہید نے اس یادگار معرکے میں نہایت جرات اور استقامت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور 5 دسمبر 1971ء کو جام شہادت نوش کیا۔ان کی شاندار خدمات اور بہادری کے اعتراف میں انہیں پاک فوج کا اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر عطاء کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 63

عمل ہوگا۔جدید ٹیکنالوجی کا خودکار نظام فوری نشاندہی کرے گا، ڈیٹا پروسیسنگ، تجزیہ، اور اطلاعات پر مبنی رپورٹس بھی فراہم کرے گا، تھرمل امیجنگ جدید ترین الگورتھم سے کام کرے گی، جدید ممالک کی طرح اس ٹیکنالوجی سے زراعت، حیوانات اور ماہی گیری کے منصوبوں کے فروغ میں بھی مدد لی جائے گی، شجرکاری کے علاوہ جنگلی حیات اور جنگلات کے وسائل کے تحفظ اور فروغ میں بڑی مدد ملے گی۔پنجاب کی سینیئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جنگل کاٹنے دیں گے نہ آگ لگانے دیں گے نہ غیر قانونی شکار ہوگا، یہ غیر قانونی کام کرنے والے مجرموں کا جدید ٹیکنالوجی سے اب شکار ہوگا، تھرمل ٹیکنالوجی سے امن وامان کے حوالے سے بھی مدد لی جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے شہروں اور جنگلات دونوں میں جرائم پیشہ سرگرمیوں کے تدارک میں تھرمل امیجنگ ٹیکنالوجی سے مدد لیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 64

اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں کی تھیں جس کے بعد طالبان نے امریکی شہری جارج گلیزمن کو رہا کیا تھا۔اب افغان وزارت داخلہ کے ترجمان نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر ایک کروڑ ڈالر انعامی رقم ختم کردی ہے۔تاہم امریکی محکمہ خارجہ نے اس پر کوئی ردعمل نہیں دیا۔دوسری جانب امریکا کی فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) کی ویب سائٹ پر سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر ایک کروڑ ڈالر انعامی رقم کا اشتہار اب بھی موجود ہے۔ادھر افغان میڈیا نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے سراج الدین حقانی ہی نہیں بلکہ حقانی نیٹ ورک کے دیگر رہنماؤں عبدالعزیز حقانی اور یحییٰ حقانی پر انعامی رقم ختم کردی ہے، ان دونوں رہنماؤں کی اطلاع دینے پر 50 لاکھ ڈالر انعامی رقم رکھی گئی تھی۔یاد رہے کہ سراج الدین حقانی اقوام متحدہ کی جانب سے جاری کردہ دہشت گردوں کی بلیک لسٹ میں موجود ہیں اور امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے ان کے بارے میں معلومات دینے پر پہلے 50 لاکھ ڈالر اور بعد میں ایک کروڑ ڈالر انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 65

مختلف امریکی اداروں کو حکومتی اخراجات کم کرنے کے لیے ختم کردیں۔مزید یہ کہ مختلف اداروں میں حکومتی کارکنوں کی تعداد میں کمی کریں۔تاہم اب ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایلون مسک نے حالیہ دنوں میں یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ جلد حکومت کے امور سے الگ ہوکر اپنے کاروبار کی طرف پلٹ جائیں گے۔وائٹ ہاؤس کے نمائندے نے کہا کہ مسک کے زیر قیادت کام کرنے والی ٹاسک فورس ابھی اپنے اہداف مکمل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکی۔

بقیہ بقیہ جات 66

پیشرفت جاری ہے۔بیجوں کی تیاری کے لئے روایتی طریقوں کی بجائے جدت کے ساتھ مشینری کا استعمال بڑھایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ زراعت کی ترقی کسان کی شمولیت کے بغیر ممکن نہیں، بطور مرکزی اسٹیک ہولڈرز کسانوں کو آگاہی دیئے بغیر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکتے۔کسان معیاری بیجوں کے استعمال کو ترجیح دیں، پیداوار بڑھنے سے نہ صرف کسانوں کی آمدن بلکہ ملک کی معیشت بھی گروتھ کرے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زراعت کی ترقی کے وژن کی تکمیل کیلئے صوبائی وزیر زراعت اور سیکرٹری زراعت کی رہنمائی میں آگے بڑھ رہے ہیں جس کے بہترین نتائج بھی حاصل ہونا شروع ہوگئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

نے چھاپہ مارا تو ملزمان فرار ہوگئے جس تھانہ جھال چکیاں پولیس نے پانچ نامزد عزیز شاہ، محمد علی، محمد پرویز، مبشر حیات بھٹی اختر ماچھی اور 4 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا اور ملزمان کی گرفتاری کیلیے چھاپے مارتے ہوئے پولیس مصروف تفتیش ہے جن کا کہنا ہے کہ مرغوں کی لڑائی و جوا کروانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں جن کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 68

ت اور املاک کو مادی نقصان پہنچا ہے۔اس حوالے سے مزید تفصیل نہیں بتائی گئی۔قبل ازیں حوثیوں نے نئی معلومات کا اعلان کیا جس میں بتایا گیا ہے کہ منگل کی شام الحدیدہ پر حملوں میں چار افراد جاں بحق اور تین زخمی ہوئے۔ان حملوں کو امریکہ سے منسوب کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 69

معروف گائنا کالوجسٹ وسائیکا ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر عائشہ احمد نے ایک ملاقات کے دوران کہی۔انہوں نے کہا کہ دیہی نوجوانوں کو مقامی سطح پر کالجوں میں بہترین تدریسی سہولیات کی فراہمی اور گریجویشن کے بعد خواتین ڈاکٹروں کو شعبے سے وابستہ رکھنے کیلئے خاندان، معاشرے اور حکومتی سطح پر اقدامات کئے جانے چاہئیں تاکہ پڑھے لکھے دیہی نوجوان پیشہ وارانہ زندگی میں شہریوں کے ہم پلہ آ سکیں اور خواتین پر میڈیکل کے شعبے میں بھاری حکومتی سرمایہ کاری کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکے۔ان کا کہنا تھا کہ ہرچند فرانزک سائنس کا مضمون میڈیکل کی تعلیم کو لیگل مسائل اور جرائم کی مشکل گتھیاں حل کرنے کیلئے بروئے کار لایا جا رہا ہے تاہم اس اہم شعبے میں تحقیقات کے دائرے کو مزید وسیع کرنے کی خاطر خواہ گنجائش سے فائدہ اٹھایا جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ بائیومیٹرک ویری فکیشن میں فوٹوگراف فنگر پرنٹس کے ساتھ ساتھ دیگر عوامل وائس پرنٹس کی بورڈ ڈائنامکس اور تھری ڈی فیشل کا موثر استعمال بھی حقائق کے نزدیک پہنچنے میں مددگار ہوسکتا ہے لہذا ان تمام عوامل کو تحقیقات کا حصہ بنایا جانا چاہیے۔انہوں نے حقائق جاننے کیلئے پاؤں کے سائز اور سٹیچر کے عمیق جائزے پر بھی روشنی ڈالی۔

بقیہ بقیہ جات 70

نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ حماس نے وساطت کاروں کے ذریعے پیش کی گئی اسرائیل کی حالیہ تجویز پر جواب نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کے بجائے قابض قوت مصری قطری تجویز کو ناکام بنا کر کسی بھی سمجھوتے کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہے۔دوسری جانب حماس کے ایک رہنما نے بتایا کہ تنظیم وساطت کاروں اور عالمی برادری سے اپیل کررہی ہے کہ قابض حکام سے اس چیز کے احترام کی پاسداری کرائے جس پر اس نے دستخط کیے اور وساطت کاروں کی تجویز کا مثبت جواب دے۔

بقیہ بقیہ جات 71

جنازہ ادا کردی گئی۔چھٹی کے دن ساتھیوں کی مدد کو پہنچنے والا بلال ریسکیو 1122 سندھ کی تاریخ کا پہلا شہید بن گیا۔تفصیلات کے مطابق سائٹ سپرہائی وے کی قریب احسن آباد میں جمعہ کے روز گتہ فیکٹری میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کے دوران راڈ لگنے سے شہید ہونے والے 1122 کے اہلکار فائر فائٹر بلال تنولی کی نماز جنازہ قائدآباد منزل پمپ کے قریب وزیرستان روڈ ظفر ٹاؤن کی گلی نمبر 8 کی عمر فاروق مسجد میں لانڈھی کے مقام پر ادا کی گئی۔عصر کی نماز کے بعد ادا کی جانے والی نماز جنازہ میں سرکاری افسران، رشتہ داروں، عزیز واقارب محلّہ داروں سمیت دوست احباب کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ڈائریکٹر ریسکیو 1122 سندھ ڈاکٹر عابد جلال الدین نے گفتگو میں کہا کہ بلال تنولی کی شہادت پر شدید افسوس ہے۔انہوں نے کہا کہ 24 سالہ بلال تنولی ولد شیخ فرید سیلائٹ اسٹیشن ایم نائن میں تعینات تھا۔شہید اہلکار چھٹی کے باوجود جائے وقوعہ پر موجود تھا اور ریسکیو آپریشن میں حصہ لیتا رہا۔بلال تنولی لانڈھی کا رہائشی تھا، خدمت کے جذبے سے سرشار بلال خود سے اپنے دوست اہلکاروں کی مدد کے لیے جائے حادثہ پر پہنچا۔بلال تنولی کو لوہے کی راڈ لگی جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا اور اسپتال میں دوران علاج شہادت کے مرتبے پر فائز ہوا۔ریسکیو اہلکار بلال تنولی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کے ساتھ ہم پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔صوبائی وزیر بحالیات مخدوم محبوب الزمان کی سربراہی میں پورا ڈیپارٹمنٹ شہید کے غم میں شریک ہے۔ڈی جی ریسکیو 1122 کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے ہر ریسکیو اہلکار کا خواب ہے اور اس شہادت کے بعد ہمارے جذبات اور بلند ہوئے ہیں، ریسکیو 1122 (سندھ) کے تمام اسٹیشن پر 3 دن کے لیے پرچم سرنگوں کردیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 72

ہے، جبکہ سمندری ہوائیں بند رہیں گی۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ دن کے اوقات میں تیز دھوپ کے ساتھ گرم اور خشک ہوائیں چلیں گی، جس سے گرمی کی شدت میں اضافہ ہوگا۔ تاہم، شام کے اوقات میں سمندری ہوائیں بحال ہونے سے موسم میں بہتری کی توقع ہے۔اس وقت کراچی کا موجودہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ہے اور ہوا میں نمی کا تناسب 29 فیصد ہے۔محکمہ موسمیات نے شہریوں کو احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے، خاص طور پر دن کے گرم اوقات میں غیر ضروری طور پر باہر نہ نکلنے کا مشورہ دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 73

کہیں، دسمبر 2022 میں بانی نے مجھے کہا آرمی چیف سے بات چیت کرنا چاہتا ہوں۔اعظم سواتی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا مجھے آپ پر اعتماد ہے، جائیں اور فوجی قیادت سے بات کریں، بانی سے مشاورت کے بعد آرمی چیف کے استاد کے ذریعے رابطے کی کوشش کی۔انہوں نے کہا کہ آرمی چیف سے عارف علوی کے ذریعے بھی بات کرنے کی کوشش کی لیکن دروازے نہ کھلے، پارٹی رہنماؤں نے مجھے گھر سے اٹھایا اور 22 اگست کا جلسہ ملتوی کروانے کا کہا۔پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بیرسٹر گوہر میرے گھر آئے اور مجھے اڈیالا جیل لے کر گئے، بانی پی ٹی آئی سے کہا عارف علوی اور ساتھیوں سے مل کر اسٹیبلشمنٹ سے بات کروں گا۔اعظم سواتی نے کہا کہ بانی نے کہا کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں کس سے کہاں رابطہ کررہے ہو، بانی نے کہا اگر وہ بات کرنا چاہتے ہیں تو میں پہلے دن سے تیار ہوں۔اعظم سواتی نے کہا کہ ایک وی لاگر کہتا ہے اعظم سواتی 26 نومبر کو کہاں تھا۔

کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے آرڈیننس کی منظوری، آئی جی پنجاب کی زیر صدارت اہم اجلاس

کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے لئے ٹرانسپورٹ، فرنیچر اور لاجسٹکس کی خریداری کا عمل بھی جلد شروع ہوگا۔ سی سی ڈی کے اپنے تھانوں کی بلڈنگز کا بھی تعین کیا جارہا ہے

دہشت گردی، شرپسندی، لا اینڈ آرڈر، جرائم کا خاتمہ اور پنجاب پولیس کو درپیش اہم ترین چیلنجز کے لیے تمام پولیس یونٹس کوارڈینیشن مزید بہتر بنائیں، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (خبر نگار ، کرائم رپورٹر) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے آرڈیننس کی منظوری کے بعد انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ، ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون اینڈ ٹو، متعلقہ ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز اور سینئر افسران موجود تھے جبکہ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب، آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے آرڈیننس منظوری کے بعد سی سی ڈی کے فعال ہونے بارے اقدامات کا جائزہ لیا۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی ورکنگ کے لئے ہیومن ریسورس، لاجسٹکس، ٹی او آرز اور(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر52)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولیس آفس میں سی سی ڈی امور بارے ویڈیو لنک اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کی تیاری کیلئے ریسرچ پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہے' علی ارشد رانا

لاہور (این این آئی) مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا نے کہا ہے کہ زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کی تیاری کیلئے ریسرچ پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے، سٹڈی کے طور پر پاکستان کے موسمی حالات سے مطابقت رکھنے والے ممالک کی زرعی اجناس کی پیداوار کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم پر عزم ہیں کہ پنجاب سیڈ کارپوریشن کو کارپوریٹ طرز کا ادارہ بنایا جائے گا جس کیلئے انوویشن کی طرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر66)

کراچی' شارٹ ٹرم کڈنیپنگ میں ملوث 2 جعلی پولیس اہلکار گرفتار

ایک ملزم خود کو پولیس افسر اور دوسرا خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرتا تھا: ذرائع

ملزمان سول ایوی ایشن ملازم اور پولیس اہلکار کو اغوا کرچکے، ملزم بلاول کے خلاف 5 مقدمات درج ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلشن بلاک 4 میں کارروائی کر کے پولیس نے شارٹ ٹرم کڈنیپنگ میں ملوث 2 جعلی پولیس اہلکاروں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایک ملزم خود کو پولیس افسر اور دوسرا خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرتا تھا، ملزمان سول ایوی ایشن ملازم اور پولیس اہلکار کو اغوا کرچکے ہیں۔ ملزمان سے 2 پستول، 20 بیگ، پولیس یونیفارم، درجنوں بیجز، جدید ہتھکڑی، 8 موبائل فونز، جعلی بلٹ پروف جیکٹ، کئی گھڑیاں اور جدید ایل سی ڈی برآمد ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم بلاول کے خلاف رحیم یار خان اور کراچی میں 5 مقدمات درج ہیں، ملزمان سے مزید تفتیش کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر49)

مہنگائی کیخلاف سرکاری مشینری موثر کریک ڈاؤن نہ کرسکی

اوپن مارکیٹوں، گلی محلے میں پھل، سبزیاں من مانے نرخوں پر فروخت ہوئے، دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں کرنا بھی مناسب نہ سمجھا

حکومت کے زیرانتظام بازاروں میں مقررہ نرخوں پر فروخت، کئی مقامات پر معیار، پھل اور سبزیاں دوپہر سے پہلے ختم ہونے کی شکایات

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے آخری عشرے میں بھی سرکاری مشینری موثر کریک ڈاؤن نہ کرسکی جس کی وجہ سے شہر کی اوپن مارکیٹوں خصوصاً گلی محلے کی سطح پر دکانداروں نے پھل اور سبزیاں من مانے نرخوں پر فروخت کرنے کا سلسلہ جاری رکھا، کیرج شاپ، جی ٹی روڈ، گڑھی شاہو، باغبانپورہ، راوی روڈ، دھرمپورہ، مزنگ، اسلامپورہ سمیت کئی مقامات پر دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں کرنا بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر47)

ڈیرہ غازیخان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد ایکسیڈنٹل ریویو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بجلی کی قیمتوں میں کمی پر قوم مبارکباد کی مستحق ہے، برجیس طاہر

میاں نوازشریف کے وی این پر بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کر کے حکومت نے عوام کے دل جیت لیے، مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ن

مہنگائی میں پی سی عوام کے لیے موجودہ حالات میں حکومت کی طرف سے بجلی کی قیمتوں میں کمی بہت بڑا تحفہ ہے

ننکانہ صاحب (این این آئی) سابق گورنر وفاقی وزیر امور کشمیر مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ن چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف کے وی این پر بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کر کے حکومت نے عوام کے دن جیت لیے مہنگائی میں پی سی عوام کے لیے موجودہ حالات میں حکومت کی طرف سے بجلی کی قیمتوں میں کمی بہت بڑا تحفہ ہے گھریلو صارفین کیلئے 7 روپے 41 پیسے اور صنعتی صارفین کیلئے بجلی 7 روپے 59 پیسے سستی کر دی گئی ہے، انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر34)

انسانی اسمگلروں سے گٹھ جوڑ' ایف آئی اے کے 51 ملازمین نوکری سے فارغ

اسلام آباد (این این آئی) انسانی سمگلروں کے ساتھ مبینہ ملی بھگت کے الزام پر ایف آئی اے کے 51 ملازمین کو نوکری سے فارغ کرنے کا انکشاف ہوا ہے، یہ ملازمین پچھلے 3 سالوں میں نوکری سے فارغ کیے گئے۔ پارلیمنٹ کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق 2022 میں 6، 2023 میں 4 جبکہ 2024 میں 41 ایف آئی اے ملازمین برطرف کیے گئے۔ 2024 میں جن ملازمین کو نوکری سے برطرفی کی سزا دی گئی ان میں محمد عاقب، ثمینہ رشید، نمرہ، حبیب احمد، سعید اللہ، ساجد اسماعیل، کشور بخاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر36)

لاہور: والڈ سٹی کے زیر اہتمام جشن بہاراں میلہ میں شریک لڑکیاں سیلفی بنارہی ہیں

پاکستان میں تقریباً 2 لاکھ ہیکٹر زرقبہ ترشاوہ پھلوں کے زیر کاشت ہے، ماہرین

مکوآنہ (این این آئی) جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے ماہرین زراعت نے کہا کہ زراعت کو تجارتی بنیادوں پر استوار کر کے زرعی اجناس کی پیداوار کو بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی کو فروغ دے کر نہ صرف پیداواری لاگت کو کم کیا جاسکتا ہے بلکہ ان کی ویلیو ایڈیشن بھی کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں پیداوار اور رقبہ کے لحاظ سے ترشاوہ پھل دیگر تمام پھلوں سے سرفہرست ہیں کیونکہ پاکستان میں تقریباً 2 لاکھ ہیکٹرز رقبہ ترشاوہ پھلوں کے زیر کاشت ہے جبکہ ترشاوہ پھلوں کی پیداوار تقریباً 21 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر39)

الزام تراشی جماعتِ اسلامی کے رہنماؤں کی عادت بن چکی ہے، ترجمان سندھ حکومت

پیپلز پارٹی اپنے قیام سے تمام فیصلے جمہوری انداز میں کرتی آئی ہے' سمتا افضال کا ردعمل آگیا

کراچی (این این آئی) امیر جماعتِ اسلامی کراچی منعم ظفر کے بیان پر ترجمان سندھ حکومت سمتا افضال کا ردعمل سامنے آگیا۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا ہے کہ الزام تراشی جماعتِ اسلامی کے رہنماؤں کی عادت بن چکی ہے، عوام کو گمراہ کرنا اور حقائق مسخ کرنا جماعتِ اسلامی کی روایت ہے۔ سمتا افضال نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اپنے قیام سے تمام فیصلے جمہوری انداز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر38)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ملا جلا رجحان، 38 پوائنٹس کا اضافہ

بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 38 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 17 ہزار 845 پر آگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں عید کی چھٹیوں کے بعد جمعرات کو تعطیلات کے بعد پہلے کاروباری دن ملا جلا رجحان دکھائی دے رہا ہے۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس 38 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 17 ہزار 845 پر آگیا۔ آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 17 ہزار 873 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا۔ عید سے قبل کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر41)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بارودی سرنگوں کے بارے میں آگہی کا عالمی (آج) 4 اپریل جمعہ کو منایا جائیگا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بارودی سرنگوں کے بارے میں آگہی کا عالمی (آج) 4 اپریل جمعہ کو منایا جائے گا اس موقع پر مختلف سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کی جانب سے واک، تصویری اور دستاویزی فلموں کی نمائش، علمی مباحثے اور پریس کانفرنسوں کا اہتمام کیا جائے گا جن میں جنگ زدہ ممالک میں بچھائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر40)

سعودی شاہی فضائیہ اور مختلف فورسز کی مشترکہ عسکری مشقیں جاری

مقصد صلاحیتوں میں اضافہ اور جوانوں کی عملی تربیت کرنا ہے، سعودی حکام

ریاض (این این آئی) سعودی شاہی فضائیہ اور مختلف فورسز کی امریکا کے نیلس بیس پر مشترکہ عسکری مشقیں گرین فلیگ 2025 جاری ہیں، ان کا مقصد شریک فورسز کی صلاحیتوں میں اضافہ اور مختلف جنگی حوالوں سے جوانوں کی عملی تربیت کرنا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزارت دفاع کے حوالے سے کہا کہ سبز پرچم کے عنوان سے جاری عسکری مشقیں عالمی سطح پر انتہائی اہم ہیں جن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر42)

کوئٹہ: پی ایس ایل کی ٹرافی کی رونمائی کے بعد اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ حمزہ انجم میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

فلسطین عرب و عجم کا نہیں مسلمانوں کے ایمان اور عقیدے کا مسئلہ ہے: ضیاالدین انصاری

فلسطینی مسلمانوں کی دادرسی اور مدد امت مسلمہ کی اجتماعی ذمے داری ہے، اہل فلسطین کی پکار پر لبیک کہنا ہمارا دینی فریضہ ہے جو حکمران بے حس اور طاغوت کے آلہ کار بن چکے ہیں ان سے اقتدار چھین لینا ضروری ہے

غزہ میں اسرائیلی بمباری میں معصوم بچوں کی ہوا میں اڑتی لاشیں امت مسلمہ کے بزدل حکمرانوں کی گردنوں پر قرض ہیں جن کا حساب انہیں بروز قیامت دینا پڑے گا، امیر جماعت اسلامی لاہور کی گفتگو

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ فلسطین عرب و عجم کا نہیں مسلمانوں کے ایمان اور عقیدے کا مسئلہ ہے۔ فلسطینی مسلمانوں کی دادرسی اور مدد امت مسلمہ کی اجتماعی ذمے داری ہے۔ غزہ کی تشویشناک صورتحال پر پاکستان زیادہ موثر آواز اٹھائے اور فعال کردار ادا کرے۔ اہل فلسطین کی پکار پر لبیک کہنا ہمارا دینی فریضہ ہے جو حکمران بے حس اور طاغوت کے آلہ کار بن چکے ہیں ان سے اقتدار چھین لینا ضروری ہے۔ اسرائیلی حملوں سے مسائل کا شکار فلسطینیوں کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکامی سلامتی کونسل کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے“ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

سعودی عرب، قومی عطیہ پلیٹ فارم الاحسان کا پانچواں ایڈیشن

ایک ارب 880 کروڑ ریال کے عطیات جمع کر لئے گئے، عرب ٹی وی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے قومی عطیہ پلیٹ فارم الاحسان کے ذریعے عطیہ مہم کے پانچویں ایڈیشن میں ایک ارب 80 کروڑ ریال جمع کیے گئے، رمضان المبارک کے دوران 19 ملین ریال سے زائد عطیات کی وصولی ہوئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق نیشنل چیرٹی پلیٹ فارم الاحسان کے پانچویں ایڈیشن کا آغاز خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد محمد بن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر46)

اجتماعی قبریں جنگ کے غیر محدود ہوجانے کی مظہر ہیں، اقوام متحدہ

طبی کارکنوں نے اپنی ہلاکت کے وقت یونیفارم اور دستانے بھی پہنے ہوئے تھے، حکام

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے غزہ میں امدادی حکام نے غزہ میں قائم کی گئی ایک اجتماعی قبر سے طبی عملے کے 15 ارکان کی لاشیں ملی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طبی عملے کے ارکان کی یہ لاشیں اجتماعی قبر سے اس واقعے کے بعد نکالی گئی ہیں جب اسرائیلی فوج نے طبی عملے کی ایمبولینس پر فائرنگ کی گئی تھی اور لاشوں کو اجتماعی قبر میں ڈال دیا گیا۔ اقوام متحدہ کے حکام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

شوہر کے قتل کے مقدمے میں سزائے موت پانے والی خاتون اور آشنا بری

اعلیٰ عدلیہ کے اصولوں کے مطابق اگر کیس میں شک پایا جائے تو اس کا فائدہ ملزم کو دیا جاتا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے شوہر کے قتل کے مقدمے میں سزائے موت پانے والی خاتون اور اس کے آشنا کو بری کر دیا۔ عدالت نے شک کا فائدہ دیتے ہوئے دونوں ملزمان کی اپیلیں منظور کر لیں اور ٹرائل کورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے رہائی کا حکم جاری کر دیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر ڈوگر پر مشتمل بینچ نے تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ فیصلے کے مطابق مدعی نے موقف اختیار کیا تھا کہ مقتول کی اہلیہ کے ملزم دلاور کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے، جبکہ مقتول اپنی بیوی کو دلاور سے ملنے سے منع کرتا تھا۔ پراسیکیوشن کے مطابق مقتول کی اہلیہ حنا اور دلاور شادی کی ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر47)

لاہور: شہری بادامی باغ سبزی منڈی سے خریداری کررہے ہیں

سرگودھا میں دو مقامات پر مرغوں کی لڑائی کے جوا پر پولیس کا چھاپہ، دو افراد گرفتار

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں دو مقامات پر مرغوں کی لڑائی کے جوا پر پولیس نے چھاپہ مار کر دو افراد کو گرفتار کر لیا دیگر ملزمان فرار ہو گئے جس پر مقدمات درج کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ ترکھانوالہ کے علاقہ میں مرغوں کی لڑائی پر جوا جاری تھا کہ پولیس نے چھاپہ مار کر 2 ملزمان عمران اور ابوبکر کو گرفتار کر لیا اور دیگر ملزمان فرار ہو گئے پولیس تھانہ ترکھانوالہ نے ملزمان سے جوئے کی رقم برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا اسی طرح جھال چکیاں کے علاقہ چک 66 شمالی میں مرغوں کی لڑائی جوا پر پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر67)

سرگودھا میں معمولی تلخ کلامی پر پڑوسی نے فائرنگ کر کے مخالف میاں بیوی کو شدید زخمی کردیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں معمولی تلخ کلامی پر پڑوسی نے فائرنگ کر کے مخالف میاں بیوی کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس زخمی جوڑے کو ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ ساہیوال کے گاں لکھی وال میں معمولی تلخ کلامی پر پڑوسی نے فائرنگ کر کے مخالف ممتاز اور اس کی بیوی ناہید بی بی کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس تھانہ سا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر51)

امریکہ، ایران کی ایٹمی تنصیبات پر حملے کی تیاری کر رہا ہے، اسرائیل

یہ بہت پہلے ہو جانا چاہیے تھا، اب وقت آ گیا ہے کہ اسے ختم کیا جائے، عہدیدارن

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی سیاست دانوں اور فوجی عہدیداروں نے یہ انکشاف کر دیا ہے کہ امریکہ آنے والے ہفتوں میں ایران میں ایٹمی تنصیبات پر حملے کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اسرائیلی حکومت کے ایک اعلیٰ عہدے دار نے برطانوی اخبار کو بتایا کہ یہ بہت پہلے ہوجانا چاہیے تھا، اب وقت آ گیا ہے کہ اسے ختم کیا جائے۔ اسرائیلی سفارتی حلقوں کے ایک ذریعے نے یہ بھی وضاحت کی ہے کہ اسرائیل کی قیادت ٹرمپ کی وائٹ ہاس میں واپسی کو ایران کے ساتھ نمٹنے کا بہترین لمحہ سمجھتی ہے۔ اس کے پاس ایسا دوسرا موقع نہیں آئے گا۔ ادھر ایک اسرائیلی فوجی عہدیدار نے کہا کہ گزشتہ سال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر56)

نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش (آج) 4 اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش (آج) 4 اپریل کو منایا جائے گا۔ مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں میجر اکرم شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر محمد اکرم شہید 4 اپریل 1938 کو ضلع گجرات کے علاقہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے۔ وہ 13 اکتوبر 1963ء کو پاکستان آرمی میں کمیشن حاصل کر کے فرنٹیئر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر62)

ایلون مسک جلد کابینہ چھوڑ دیں گے، امریکی صدر ٹرمپ

مسک کے زیر قیادت کام کرنے والی ٹاسک فورس کامیاب نہیں ہوسکی، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی کابینہ کے علاوہ کئی دوسرے قریبی افراد کو بتایا ہے کہ ارب پتی ایلون مسک جلد اپنے حکومتی کردار سے دستبردار ہو جائیں گے۔ امریکی اخبار کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے تین مختلف افراد کے ساتھ یہ بات کی ہے۔ صدر ٹرمپ نے ٹیسلا اور سپیڈکس کے سربراہ کو ذمہ داری سونپی تھی کہ وہ حکومت کے لیے فنڈنگ ممکن بنوائیں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر65)

تونسہ شریف میں مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر سے حکمران سبق سیکھیں' جے یو آئی

جے یو آئی پروگراموں میں عوام کی شرکت ثابت کررہی ہے ملک کا مستقبل مولانا فضل الرحمٰن ہی ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تونسہ شریف میں مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر سے حکمران سبق سیکھیں، تونسہ شریف کی عوام نے کانفرنس میں بھرپور شرکت کر کے جے یو آئی سے اپنی وابستگی کا اظہار کیا، جے یو آئی پروگراموں میں عوام کی شرکت ثابت کر رہی ہے ملک کا مستقبل مولانا فضل الرحمٰن ہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن پاکستان کے وہ واحد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر35)

کوئٹہ: ترجمان بلوچستان حکومت کی اپوزیشن کو پیشکش

مذاکراتی کمیٹی کے سربراہی اپوزیشن یا ڈاکٹر مالک بلوچ کو دینے کو تیار ہیں' شاہد رند

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا ہے کہ اپوزیشن حالات بہتر کرسکتی ہے تو مذاکراتی کمیٹی کے سربراہی اپوزیشن یا ڈاکٹر مالک بلوچ کو دینے کو تیار ہیں۔ شاہد رند نے پریس کانفرنس سے خطاب میں اعلان کیا کہ ڈائیلاگ کے لیے فورمز موجود ہیں، لیکن بی این پی صوبائی اسمبلی اور محمود اچکزئی اور پی ٹی آئی قومی اسمبلی میں آنے کو تیار نہیں۔ ترجمان بلوچستان حکومت نے بی این پی کے لانگ مارچ کو کوئٹہ آنے سے روکنے کے فیصلے پر جواب دیا کہ سیکیورٹی تھریٹ کی بنا پر کچھ فیصلے کرنے پڑتے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ بی این پی لانگ مارچ کے موقع پر کوئٹہ میں دہشت گرد حملے کا خطرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر37)

نارووال: فیض احمد فیض پارک میں فلاور شو کے دوران پنجاب کے ثقافتی سٹال پر بچی چرخہ کات رہی ہے

دبئی بھیجے جانے والے مصالحوں کے پیکٹ سے 164 کلو سے زائد آئس برآمد

مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ 72 لاکھ روپے مالیت کی منشیات برآمد کی گئی، ترجمان اے این ایف

کراچی (این این آئی) کراچی پورٹ سے دبئی بھیجی جانے والی مصالحوں کے پیکٹ سے 164.168 کلو آئس برآمد ہوئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ 72 لاکھ روپے مالیت سے زائد کی 208.643 کلو گرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ کراچی پورٹ سے دبئی جانے والی کھیپ میں مصالحے کے پیکٹس سے 164.160 کلو آئس برآمد ہوئی جبکہ کوئٹہ میں کوریئر آفس میں برطانیہ بھیجے جانے والے پارس سے ایک کلو ہیروئن برآمد کی گئی۔ پشاور انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر کے سامان میں موجود سلائی مشین میں چھپائی گئی 1.887 کلو آئس برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق راولپنڈی میں واقع کوریئر آفس میں ایک کارروائی میں دو حاجیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر43)

مولانا حامد الحق شہید کی جدائی عید الفطر پر شدت سے محسوس ہوئی' جے یو آئی (س)

خیبر پختونخواہ، بلوچستان میں بیدردی سے علماء کو شہید کیا گیا، دہشتگردی کے واقعات لمحہ فکریہ ہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلی لاہور مولانا طیب عثمان الحسینی، سیکرٹری اطلاعات لاہور قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عرفان شاکر، مولانا عبد الجبار، مولانا عبیداللہ بھکروی، مولانا صلاح الدین ایوبی و دیگر نے اپنے مشترکہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر44)

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے زرعی برآمدات میں نمایاں اضافہ

2025 کے پہلے دو ماہ میں 22,740 میٹرک ٹن تل چین کو برآمد کئے گئے

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی معاونت سے زرعی برآمدات میں نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے زرعی برآمدات میں تیزی اور عالمی منڈیوں تک رسائی آسان ہوئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی چین کو تل کی برآمدات میں 179 فیصد کا نمایاں اضافہ عالمی مارکیٹ میں پاکستانی زرعی مصنوعات کی پیشرفت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر45)

حوثی رہنماجہ گورنری کے شہر بنی قیس پر امریکی حملے میں مارے گئے

امریکی لڑاکا طیاروں نے المنصوریہ کے علاقے میں الصنیف گاں پر فضائی حملہ کیا

صنعا (این این آئی) حوثی رہنماجہ گورنری کے شہر بنی قیس پر امریکی حملے میں مارے گئے۔ امریکی حملوں نے صعدہ میں حوثیوں کے ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا۔ مزید برآں حوثی میڈیا نے کہا ہے کہ امریکی لڑاکا طیاروں نے مغربی یمن کی الحدیدہ گورنری میں المنصوریہ کے علاقے میں الصنیف گاں پر فضائی حملہ کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ذرائع نے مزید بتایا کہ بمباری کے نتیجے میں مکانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر68)

ہم نے اسرائیلی تجویز پر جواب نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے، حماس

قابض قوت مصری قطری تجویز کو ناکام بنا کر کسی بھی سمجھوتے کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہے، ردعمل

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی تنظیم حماس نے اسرائیل کی اس حالیہ تجویز کو مسترد کر دیا جو فریقین کے بیچ جاری بالواسطہ مذاکرات میں پیش کی گئی۔ مذاکرات کا مقصد غزہ کی پٹی میں فائر بندی کا دوبارہ آغاز اور اسرائیلی یرغمالیوں اور فلسطینی قیدیوں کی آزادی ہے۔ یہ بات حماس کے دو ذمے داران نے ایک غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کو بتائی۔ مذکورہ ذمے داران میں سے ایک نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر70)



لاہور: ایک نوجوان انارکلی چوک میں پرانی کتابیں خرید رہا ہے

درختوں کی غیر قانونی کٹائی، جدید ٹیکنالوجی سے نگرانی کا آغاز

جنگلات میں جدید ٹیکنالوجی سے 24 گھنٹے سیٹلائٹ نگرانی کے نظام کا آغاز کردیا گیا

لاہور (این این آئی) جنگل میں آگ لگانے اور درختوں کی غیر قانونی کٹائی کرنے والوں کی شامت آ گئی جب کہ وزیراعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کے جنگلات میں تھرمل امیجنگ کی جدید ترین ٹیکنالوجی سے چوبیس گھنٹے سیٹلائٹ نگرانی کے نظام کا آغاز کردیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب تھرمل امیجنگ کی جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنے والا پہلا صوبہ بن گیا، مری اور راولپنڈی کے جنگلات میں تھرمل امیجنگ سے نگرانی، رات کا گشت شروع کر دیا گیا، تھرمل امیجنگ سے جنگل میں آگ، درختوں کی کٹائی اور غیر قانونی سرگرمیوں کی فوری اطلاع ممکن ہوگئی۔ جدید ٹیکنالوجی سے درجہ حرارت کا پتہ لگایا جاتا ہے، سیٹلائٹ کے ذریعے لی جانے والی تصاویر اور لائیو فیڈ سے متعلقہ علاقے میں تمام سرگرمیاں دیکھی جا سکتی ہیں، آرٹی فیشل انٹیلیجنس کے ماہرین کی ٹیم کے ذریعے منصوبے پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر63)

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر عمرانہ توقیر افسران کے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

پہلی ششماہی میں جی ڈی پی کی شرح نمو محض 1.54 فیصد رہی' حبیب الرحمٰن زبیری

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ حکومت معیشت کی ترقی کی دعویدار ہے جبکہ مالی سال 2025 کی پہلی ششماہی میں جی ڈی پی کی شرح نمو محض 1.54 فیصد رہی جو کم از کم گزشتہ دس برسوں میں سب سے کم ترین ششماہی شرح ہے، حقیقت میں پاکستان کی معاشی صورتحال بدستور پیچیدہ بنی ہوئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے معیشت کے جائزے کے حوالے سے مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے صدر زوہیب الرحمٰن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدور واصف علی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر59)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم ضمیر (کل) 5 اپریل ہفتہ کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم ضمیر (کل) 5 اپریل ہفتہ کو منایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اعلان کے مطابق ہر سال 5 اپریل کو یہ دن منایا جاتا ہے اور اسے منانے کا مقصد یہ ہے کہ عالمی سطح پر انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کی بنا پر لوگوں کے درمیان مستحکم اور پُرامن تعلقات قائم کیے جائیں۔ دنیا کے سب سے بڑے ادارے نے ایسے دن کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر61)

شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت

ابتدائی تخمینے میں وزیرستان بلاک سے یومیہ 2 کروڑ مکعب فٹ گیس حاصل ہوسکے گی' ماڑی پیٹرولیم

میران شاہ (این این آئی) شمالی وزیرستان سے تیل اور گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔ اس حوالے سے ماڑی پیٹرولیم کی جانب سے اعلامیہ جاری کیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ابتدائی تخمینے میں وزیرستان بلاک سے یومیہ 2 کروڑ مکعب فٹ گیس حاصل ہوسکے گی۔ اعلامیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر58)

سندر، جواں سالہ لڑکی کو بارات والے دن قتل کر دیا گیا

نامعلوم افراد 23 سالہ عائشہ کو سر میں گولی مار کر قتل کر کے فرار ہو گئے

لاہور (این این آئی) سندر کے علاقہ موہلنوال عزیز کالونی میں جواں سالہ لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ نامعلوم افراد نے 23 سالہ عائشہ کو سر میں گولی مار کر قتل کیا اور فرار ہو گئے۔ اہل خانہ کے مطابق مقتولہ کی آج ہی کے دن بارات طے تھی، اطلاع ملتے ہی پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر60)

لاہور: والڈ سٹی اتھارٹی کے زیر اہتمام جشن بہاراں میلہ میں فیملیاں شریک ہیں

امریکا نے سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر انعامی رقم ختم کردی، طالبان

طالبان کی جانب سے یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ دنوں ہی امریکی وفد نے کابل کا دورہ کیا تھا: ذرائع

حقانی نیٹ ورک کے دیگر رہنماؤں عبدالعزیز حقانی اور یحییٰ حقانی پر بھی انعامی رقم ختم کردی ہے' افغان میڈیا کا دعویٰ

کابل (این این آئی) افغانستان کی وزارت داخلہ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے افغان وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر ایک کروڑ ڈالر کی انعامی رقم ختم کر دی۔ طالبان کی جانب سے یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ دنوں ہی امریکی وفد نے کابل کا دورہ کیا تھا۔ طالبان اور امریکی وفد کے درمیان کابل میں اہم ملاقات میں امریکی خصوصی ایلچی برائے مغوی افراد ایڈم بوہلر اور زلمے خلیل زاد شامل تھے، اس وفد نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر64)

لاہور: جیلانی پارک میں شہری صبح کی سیر کررہے ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور